آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

کامل کاملین اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد ۴

مظہر بک ڈپو

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

قاری کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد ۴

مظہر بک ڈپو

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

آسان

عملیات و تعویذات

کی کتاب

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے متبعین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد ۴

مرتبہ

عاملِ کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم اے

اسلامیات تاریخ اسلام عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر ST-2، III E نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

صلی اللہ علیہ وسلم

نام کتاب ـــــ آسان عملیات و تعویذات جلد چہارم

نام مُرتّب ـــــ اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم۔ اے)

نام کاتب ـــــ سید احمد شاہ (تلمیذِ سربازی)

سائز ـــــ ۲۳ × ۱۸ / ۸

کُل صفحات ـــــ ۳۲۰

قیمت ـــــ [redacted] روپے

ناشر ـــــ شاہ محمد قمر عالم خاں

اشاعتِ اوّل ـــــ صفر المظفر ۱۴۱۸ھ / مئی ۱۹۹۷ء

مصحح ـ حضرت مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون : ۶۷۰۳۴۹۴

(6703496)

اجازت

از طرف مؤلف

میں جملہ مرد و عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

۱- نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

۲- حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

۳- سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

۴- تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔ عورت اپنے شوہر کے ساتھ جائے اور پردے کی پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوّابین اور سُنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ سَو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک ۱۰۰ سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوّں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سُورہ مُزّمّل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد ۲ دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد ۳ تین مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر ۳ تین ۳ تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرے کہ باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

٦- نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

٧- تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

٨- نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

٩- نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کر لے یا پاک چمڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

١٠- اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

١١- نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کیے جائیں۔

١٢- تعویذ ہمیشہ کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا پکی روشنائی (مثلاً بال پوائنٹ وغیرہ کی طرح کی پکی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

١٣- خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ اصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

١٤- تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں

١٥- بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے

١٦- تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا تعویذ بالنفس بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

١٧- عامل پہ لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوٰی سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

١٨- انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یا دعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسّل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نافرمانی غرض دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آنے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین جملہ بزرگانِ دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوبات اکابر دیوبند ص۵۸)

کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال، نجومی کا شرعی حکم

شیخ ملا علی قاریؒ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں۔

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاھن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشاد خداوندی ہے "کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ کے"۔

اور آنحضرت صلعم کا ارشاد ہے کہ: "جو شخص کاھن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"۔

"اور کاھن وہ شخص ہے جو آئندہ زمانے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار) معرفت کا مدعی ہو اور کہا گیا کہ کاھن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاھن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمال داخل ہے"۔

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاھن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے، اسی لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں ان لوگوں کو جو اُجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاضی عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام ہو کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو کیونکہ یہ بھی کاھن کے حکم میں ہے۔

(شرح فقہ اکبر ۱۸۲، ۱۸۳)

---

۱ سحر کرنے والا، آئندہ کے حالات بتانے والا۔
۲ جادو کرنے والا، سحر کرنے والا ۳ جادو، ٹونا، ٹوٹکہ کرنے والا ۴ علم رمل کا ماہر، جوتشی ۵ نجومی ۶ علم نجوم (ستاروں) کا ماہر، جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات و تعویذات جلد چہارم

تمت

الحمد للہ [illegible] ختم ہوئی [illegible] جلد ہفتم ملاحظہ فرمائیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو کرتے کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے اس کرتے کو بالشت سے ناپ کر نشان لگا دے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتے پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ و بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔

اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے۔ اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان ہے۔ تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے۔ اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے۔ البتہ سورۃ فاتحہ کبیشی مرتبہ اوّل و آخر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے:

سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۙ

مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ؕ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ؕ

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

٢۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَــــُٔـــوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

٣۔ سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر من طین لازب تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۭ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

٤۔ سورۃ جن شروع سے لے کر شططا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے

پر دم کرے۔ سورۃ جن کی آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۝ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۭ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

٥۔ سورۃ اخلاص۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

٦۔ سورۃ فلق۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

٧۔ سورۃ الناس۔ آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۬ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ
صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

٨۔ سورۂ اعراف پارہ ۹ کی آیت ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔ سورۂ اعراف کی آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛۚ وَمَا مَسَّنِىَ السُّوْٓءُ ۛۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

(۲) مرض آسیب ۔ سحر ۔ جن ۔ معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے۔ پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن یا سحر جادو کے سبب سے ہے اور اگر کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

١۔ سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم
٢۔ والصافات سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۂ الصٰفٰت) ایک بار
٣۔ سورۂ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۂ جن) ایک بار
۴۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار
۵۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار

(٣) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھکر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جاوے۔ آسیب ہے۔ اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے۔

(١) الحمد شریف (پوری سورۂ فاتحہ) سات مرتبہ
(٢) آیۃ الکرسی ———— سات مرتبہ
(٣) سورۂ کافرون (قل یاایھا الکافرون آخر تک) سات مرتبہ
(۴) سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) سات مرتبہ
(۵) سورۂ الفلق (قل اعوذ برب الفلق آخر تک) سات مرتبہ
(۶) سورۂ الناس (قل اعوذ برب الناس آخر تک) سات مرتبہ

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک دھاگہ (ڈورا دھاگہ) ناپ کر سات مرتبہ سورۂ مزمل (پ ۲۹) پوری سورت پڑھ کر اس دھاگے پر دم کریں اور سورۂ مزمل کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور اس دھاگے سے مریض کا قد ناپیں اگر بڑھ جائے اور دھاگا چھوٹا رہ جائے شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور قد گھٹ جائے اور دھاگا بڑھ جائے تو سحر یا جنات کے اثر سے مرض ہے اور اگر دھاگا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے ڈاکٹر یا حکیم سے علاج کرائے۔

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بے استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کر کے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کر سکتے ہیں۔

(۱)

استخارہ کی نیت کر کے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔ دعا اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے، دعا یہ ہے:-

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدِرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں) سوچے، اور جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو کوئی حرج نہیں) جب سو کر اٹھے اسی وقت جو بات دل میں مضبوطی سے آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردد (شک و شبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ رہے تو کام کرے اور اگر شک و شبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔

ف:- یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے۔ مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے۔ [illegible] کی طرف منہ کر کے سیدھی (دائنی) کروٹ لیٹ جائے اور حسب ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے۔

① سورۃ والشمس سات مرتبہ (۷ دفعہ) پارہ ۳۰۔ سورۃ والشمس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا

جَلّٰهَا ۝۳ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰهَا ۝۴ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝۵ وَالْاَرْضِ
وَمَا طَحٰهَا ۝۶ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَ
تَقْوٰهَا ۝۸ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝۱۰
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝۱۲ فَقَالَ لَهُمْ
رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۥ
فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝۱۴ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝۱۵

(۲) سورۃ الیل سات مرتبہ (۷ دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الیل یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝۱ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝۲ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ
وَالْاُنْثٰٓى ۝۳ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝۴ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝۵ وَ
صَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝۷ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ
وَاسْتَغْنٰى ۝۸ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰ وَمَا
يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝۱۱ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝۱۲ وَاِنَّ لَنَا
لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝۱۳ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝۱۴ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا
الْاَشْقَى ۝۱۵ الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۶ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝۱۷
الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝۱۸ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ
تُجْزٰٓى ۝۱۹ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝۲۰ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱

(۳) سورۃ الاخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝۱ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝۲ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝۳
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ
سٰفِلِيْنَ ۝۵ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ
غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۶ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ اَلَيْسَ اللّٰهُ
بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہیے:۔

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کر لوں اور اس کام کے سرانجام پانے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔"

ان شاء اللہ العزیز پہلی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک ان شاء اللہ تعالیٰ حل مکمل ہو جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ پڑھے گا۔

(۱۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بسم اللہ

الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۂ الم نشرح مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (پوری سورت) پارہ ۳۰ - سترہ مرتبہ پڑھے۔ سورۂ الم نشرح یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

اور اپنے منہ اور سینے پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ "فلاں کام میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز کے ذریعے یا کسی اور طرح سے معلوم کرادے"۔

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر اگر کسی کو لکھنا نہ آتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالو۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو۔ سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم علاج کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔ مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:-

(۱) آیۃ الکرسی (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

(۲) سورۂ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

(۳) سورۂ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۂ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ
اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ
اِذَا حَسَدَ ۝

(۵) سورۂ ناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۂ ناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط دائرہ کھینچ لیجئے۔

قرض و کشائش کے لئے (قرض سے نجات اور فراخی کے لئے)

(از حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند رحمۃ اللہ علیہ)

قرض سے نجات کے لئے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ درمیان میں مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو۔ پانچ سو بار پڑھ لیا کریں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

(۱) حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (پانچ سو بار)

(۲) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ (پانچ سو بار)

اور پڑھتے وقت یہ دھیان رکھا کرے کہ میں اپنے اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہوں اور دل و زبان دونوں سے عرض مطلب کر رہا ہوں۔

حاجت دارین کے واسطے مفید

(از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ)

تمام ضروریات کی کفالت کے لئے درود شریف کا التزام رکھا جائے یہ اس مقصد کے لئے بہت مفید ہے۔

نیز یہ بھی پانچ سو بار کوئی صیغہ درود شریف کا (یعنی کوئی بھی درود شریف جو یاد ہو) اور اسی طرح پڑھ لیا کریں اور بعد نماز عشاء استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ

(مکتوبات اکابر دیوبند ملک)

له مکتوبات اکابر دیوبند [illegible]

برائے کشائش رزق

(از حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ)

اگر کوئی شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو تو سورۂ یٰسین شریف کو اس طرح پڑھے کہ شروع کرنے کے بعد جب پہلا مبین آئے تو سورہ یٰسین شریف دوبارہ شروع کرے اسی طرح پوری یٰسین شریف ختم کرے۔ یہ عمل ایک چلہ (یعنی چالیس دن مسلسل کرے ناغہ نہ کرے) کرے۔

(مکتوبات اکابر دیوبند ص۱)

برائے کشائش رزق اور مہمات دنیاوی

ہر قسم کی پریشانی اور رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے بہتر وظیفہ روزمرہ درود شریف اور استغفار کا ہے۔ مختصر درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْءٍ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔ پانچ سو بار روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔

اور استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ۔ پانچ سو بار روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کریں۔

بعد نماز مغرب سورۂ واقعہ اور بعد نماز عشاء [illegible] گیارہ سو

يَا مُغْنِيُ

اور سورۂ مزمل گیارہ بار۔ خواہ ایک وقت میں یا ہر نماز کے بعد دو مرتبہ اور صبح کی نماز کے بعد تین بار

اتنا وظیفہ کشائش مہمات اور منافع دین و دنیا کے لئے کافی ہے۔

(مکتوبات اکابر دیوبند ص۱)

کشائش رزق اور جملہ معاملات کا حل

(حضرت مولانا شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ)

ختم حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کو ہمیشہ ورد رکھنے والا محروم نہیں ہے اس کی سب حاجتیں پوری ہوں گی۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ:

بوقت صبح بعد نماز فجر اول سو مرتبہ درود شریف اور درمیان میں پانچ سو مرتبہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

بعد میں پھر سو مرتبہ درود شریف اور فاتحہ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخش کر اپنے مطلب کے لئے دعاء مانگے۔ اور لا حول پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ ننانوے مرتبہ فقط لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ پڑھے اور ایک مرتبہ اس طرح پڑھے:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور بعد نماز ظہر پانچ سو بار

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس میں قید اور پابندی کچھ بیٹھ کر پڑھنے کی نہیں ہے۔ چلتے پھرتے بھی پورا کر سکتا ہے۔

اور بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء ختم حضرت بڑے پیر صاحب الخ

پیرانِ پیر سید عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا پڑھا کرے۔ وہ اس طرح
اول و آخر سَو سَو مرتبہ درود شریف اور درمیان میں

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

اور بعد میں فاتحہ پڑھ کر بڑے پیر صاحب کی روح کو پہنچا کر اپنے مطلب کے لئے دعا کریں۔

• مندرجہ بالا ختموں کا پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ بھوکا ننگا نہیں رہے گا۔

(مکتوبات اکابر دیوبند رح)

طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا اور دیگر خطرناک بیماریوں یا قتل وغارت گری سے حفاظت کے لیے

(از حضرت مولانا شاہ مسیح الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ)

جملہ اجتماعی مصائب، طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا اور دیگر خطرناک بیماریوں سے نجات اور اجتماعی قتل و غارت گری سے حفاظت کے لئے بزرگانِ دین کے یہ ختم تیر بہدف اور مجرب ہیں۔ ان کو کچھ مسلمان جمع ہو کر پڑھ لیں اور اس کی پابندی گھروں یا مساجد میں ان کو پڑھنے کا سلسلہ قائم ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر طرح کی دنیاوی سے محفوظ رہیں گے۔ پانچ سات آدمی مل کر پڑھ لیں تب بھی بآسانی ختم ہو سکتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ:
صبح کو بعد نماز فجر پانچ سو مرتبہ پڑھے۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ۔

اول و آخر سَو سَو بار درود شریف پڑھ لیا کریں اور اس کے بعد ایک بار الحمد شریف پوری پڑھ کر اپنے لئے اور اپنے جمیع بھائی مسلمانوں کے واسطے دعاءِ مغفرت مانگا کریں اور اس کے بعد ختم حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا پڑھ لیا کریں۔ اس کے بعد ختم خواجگان پڑھا کریں۔ اول ہاتھ اٹھا کر سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھیں پھر سورۃ فاتحہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ سات بار اور اس کے بعد درود شریف سَو بار۔ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بسم اللہ اناسی بار پھر سورۃ اخلاص مع بسم اللہ ایک ہزار ایک بار پھر سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پھر درود شریف سَو بار پڑھ کر

يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ سَو بار — يَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ سَو بار
يَا دَافِعَ الْبَلِيَّاتِ سَو بار — يَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ سَو بار
يَا شَافِيَ الْأَمْرَاضِ سَو بار — يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ سَو بار
يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ سَو بار پڑھیں۔

اور اگر کوئی مطلب یا مشکل پیش آئے تو یہ بھی پڑھیں:

يَا مُسَبِّبَ الْأَسْبَابِ سَو بار — يَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ سَو بار
يَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ سَو بار

اس کے ساتھ اگر کوئی مشکل اور پیش آئے تو ان الفاظ کو بڑھا کر پڑھتا رہے جب مشکل حل ہو جائے تو ان آخری تین الفاظ کو ترک کر دے۔ اس کے بعد فاتحہ پڑھ کر اس ختم کا ثواب ان بزرگوں کی ارواحِ طیبہ کو پہنچا دیں جن کی طرف منسوب ہے (یعنی ختم خواجگان

نقشبندیہ مجددیہ) اس کے بعد خداوند تعالیٰ سے ان بزرگوں کے وسیلے سے دینی و دنیوی مطالب کے حصول کے لئے دعا کریں۔

اور شام کے وقت بعد نماز مغرب اوّل قطب الاقطاب محبوب سبحانی حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ختم شروع کریں وہ اس طرح کہ۔

پہلے سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد پانچ سو مرتبہ پڑھیں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اور ثواب اس کا حضرت غوث الاقطاب کی روح پُر فتوح کو پہنچا دے اور ان کے وسیلے سے کے لئے دعا کریں۔

اس کے بعد خواجہ حضرت محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کا ختم پڑھیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل سو بار درود شریف پڑھیں پھر

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

پانچ سو مرتبہ پڑھیں اور سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر ثواب اس کا حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کی روح پُر فتوح کو پہنچا دیں پھر حضرات پیران عظام کے وسیلے سے دعا کر کے فیضان باطنی کے امیدوار رہیں۔

اس کے بعد حضرت سید الطریقہ خواجہ بہاؤ الدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کا ختم اس طریقے سے پڑھیں۔

اوّل سو مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر

يَا خَفِيَّ اللُّطْفِ أَدْرِكْنِيْ بِلُطْفِكَ الْخَفِيِّ

پانچ سو مرتبہ پڑھیں پھر سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس کا ثواب سید الطائفہ حضرت خواجہ بہاؤ الدین رحمۃ اللہ علیہ کی روح مقدس کو پہنچا دیں۔

تنبیہ:۔ مندرجہ بالا ختم اکیلا آدمی بھی پڑھ سکتا ہے۔

(مکتوبات اکابر دیوبند ص۔۔۔)

حصول ترقیات اور دینی و دنیوی مقاصد میں کامیابی کے لئے

(از حضرت مولانا شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ)

انسان کبھی کسی مصیبت میں پھنس جاتا ہے۔ کبھی قرض کے بوجھ سے ہلکان ہو جاتا ہے تو کبھی بلائے ناگہانی اسے چمٹ جاتی ہے بعض مرتبہ اسے کوئی غم فکر لاحق ہو جاتی ہے ان کے لئے مندرجہ ذیل اسماء کا پڑھنا بہت مفید ہے۔ ان کے پڑھنے کی برکت سے ہر قسم کی مشکلات دور ہوتی ہیں۔ قرض، بیماری، غم فکر سے چھٹکارا نصیب ہوتا ہے۔ لیکن ان کو پڑھتے وقت تعداد پوری پوری ہو کم یا زیادہ نہ ہو۔

سات دن میں ہر روز کسی وقت جب سہولت ہو پڑھ لیا کریں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ۔

ہر روز اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے۔ اس کے بعد

يَا فَتَّاحُ سو مرتبہ — يَا وَهَّابُ سو مرتبہ

يَا رَزَّاقُ سو مرتبہ — يَا مُعِزُّ سو مرتبہ

يَا رَافِعُ سَو۱۰۰ مرتبہ   يَا سَلَامُ سَو۱۰۰ مرتبہ
(مکتوبات اکابر دیوبند ص۸۱)

ہر بلا سے حفاظت اور رفع شر کے لئے

سُوْرَۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ، جو کہ ہر بلا کے لئے حصار ہے اس کو بھی رفع شر کی نیت سے گیارہ۱۱ مرتبہ یا ایک سَو۱۰۱ ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف ہر روز بعد نماز پڑھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تنگیٔ دنیا اور ہر بلا سے حفاظت رہے گی شر اور فتنہ دب جائے گا۔ (درود شریف اول و آخر تین۳ تین مرتبہ پڑھیں۔ درمیان میں سورۂ قریش گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھ لیں یا وقت ہو تو ایک سَو ایک۱۰۱ مرتبہ پڑھیں) (مکتوبات اکابر دیوبند ص۸۲)

غلبۂ پریشانی اور خیالات فاسدہ سے نجات

(از حضرت مولانا شاہ عبدالرحیم صاحب رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ)

طبیعت پر جب پریشانی اور خیالات کا غلبہ ہوا کرے تو روزہ رکھ لیا کرو اور غسل کر کے دو رکعت صلوٰۃ التوبہ پڑھ کر اوّل و آخر گیارہ۱۱ گیارہ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر استغفار کے بعد تین سو ساٹھ مرتبہ "یَا تَوَّابُ" پڑھ لیا کریں اور دعا مانگا کریں۔ سات روز تک متواتر کر لیا کریں۔ طلوع آفتاب سے دوپہر تک اس کا وقت ہے۔

(راقم (حضرت مولانا شاہ) عبدالرحیم از رائے پور ضلع سہارنپور)
(مکتوبات از حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری منقول در مشاہیر علماء حصہ سوم ص۲۵۵)

برائے ہر حاجت

(نقش مربع دو سو (۲۰۰) کا)

مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت بائیں بازو یا گلے میں باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

برائے دفع آسیب و سحر و مسان وغیرہ

اس نقش کو باوضو لکھ کر نئی روئی لپیٹ کر نئے چراغ میں سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر جلائے اور مریض کا منہ اس چراغ کی طرف کرا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا اور سحر و مسان سے نجات ملے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

نمرود	نام مریض مع نام والدہ	ابلیس
۲۵	۲۰	۲۷
۲۶	۲۴	۲۲
۲۱	۲۸	۲۳

آں چہ در وجود فلاں بن فلانۃ (یہاں نام بمعہ والدہ کے نام لکھے) آسیب و مسان سحر و پری و دیو و بھوت و پلید و چڑیل باشد دفع شود و با حاضر آمدہ در آتش خاکستر شود حاضر شو، حاضر شو حاضر شو

برائے ہر مطلب

مندرجہ ذیل نقش با وضو لکھے اور موم جامہ کر کے مرد کے دائیں بازو پر اور عورت کے بائیں بازو یا گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و	د	ب
ح	عد	ر
ح	ہ	ص

کسی بات کا معلوم کرنا

بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات کو شیرینی اور خوشبو لائے اور اپنے پاس رکھ لے۔ اس کے بعد آیت الکرسی اور چاروں قل (آیۃ الکرسی اور چاروں قل یہ ہیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم
لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا
باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء
من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوٰت والارض ولا یؤدہ
حفظھما وھو العلی العظیم (اور چاروں قل)

سورۃ الکٰفرون مکیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل یا یھا الکٰفرون لا اعبد ما تعبدون ولا انتم عٰبدون

ما اعبد ولا انا عابد ما عبدتم ولا انتم عٰبدون ما اعبد
لکم دینکم ولی دین

سورۃ الاخلاص مکیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل ھو اللہ احد اللہ الصمد لم یلد ولم یولد
ولم یکن لہ کفوا احد

سورۃ الفلق مکیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن شر غاسق
اذا وقب ومن شر النفٰثٰت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد

سورۃ الناس مکیۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الناس ملک الناس الٰہ الناس من شر الوسواس
الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ اس کے بعد اسم مبارک یا سلام پڑھتے پڑھتے اس طرح کہ منہ قبلہ کی طرف اور داہنی کروٹ سو جائے خواب میں ایک بزرگ آکر حال بتا دیں گے پہلے دن اگر معلوم نہ ہو تو اسی طرح دوسری رات کو عمل کرے اور پھر بھی معلوم نہ ہو تو تیسری رات یہی عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور آکر بتا دیں گے۔ اور وہ شیرینی اور پھول معصوم بچوں میں تقسیم کر دے۔

برائے غیبی مدد اور ادائیگی قرض

(اگلے صفحہ پر)

ہر روز بلا ناغہ ہمیشہ کم از کم تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اور اگر ہو سکے تو ایک ہزار مرتبہ یہ دعا مع اول و آخر پانچ۵ پانچ۵ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ادائے قرض کے لئے دعا کی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خزانۂ غیب سے مدد ہوگی اور غنی ہوگا۔ مگر اس کا ذکر ناواقفوں سے نہ کیا جائے۔ وہ دعائے معظم یہ ہے:

یَاکَبِیْرُ اَنْتَ اللہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ یَاکَبِیْرُ ۃ

قرض سے نجات اور اطاعت مخلوق

روز شنبہ (ہفتہ کے دن) حسب شرائط روزہ رکھے پھر بعد افطار روزہ و کھانا وغیرہ و بعد نماز عشاء تنہا پاک جگہ میں رو بقبلہ بیٹھ کر ذیل یاشافی کا تعویذ لکھ کر اس کا فلیتہ بنا کر چراغ میں روشن کرے اور تین سو اکیانوے (۳۹۱) مرتبہ یَاشَافِیُ پڑھے اس کے بعد وہی ذیل کے تعویذ تین سو اکیانوے (۳۹۱) مرتبہ لکھ کر آگ میں جلائے۔ اس کے بعد چراغ کے سامنے ایک شبیہ یعنی کوئی صورت نظر آئے گی جو اپنا مطلب ہو اس کے سامنے کہا جائے پھر اسی طرح بروز شنبہ (ہفتہ کے دن) حسب شرائط روزہ رکھے اور بعد فراغت نماز عشاء عمل مذکور (اوپر والا عمل) کرے اور جب صورت نظر آئے اس سے اپنا مطلب عرض کیا جائے۔ خواہ طلب روپیہ وغیرہ کا ہو خواہ لوگوں کے مطیع کرنے کا ہو انشاء اللہ تعالےٰ سب پورا ہوگا۔ یہ عمل ایک روز کا ہے۔

یَاشَافِیُ کا تعویذ یہ ہے (اس کے عدد (۳۹۱) ہیں۔

۹۷	۱۰۰	۱۰۴	۹۰
۱۰۳	۹۱	۹۶	۱۰۱
۹۲	۱۰۶	۹۸	۹۵
۹۹	۹۴	۹۳	۱۰۵

برائے روزی از غیب

کسی روز سے (یعنی جس دن چاہے شروع کرے) بوقت اطمینان تنہا جگہ میں یہ عمل شروع کرے اس طرح کر رو بقبلہ با وضو پاک جگہ بیٹھ کر اول نقش ذیل یَامُنْعِمُ کا لکھے پھر سورۃ اذا جاء نصر اللہ:

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللہِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللہِ اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝

پوری دو سو ۲۰۰ مرتبہ پڑھے اس کے بعد دعاء ذیل دو سو ۲۰۰ مرتبہ پڑھے:

اَجِبْ بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ بِحَقِّ مِیْکَائِیْلَ بِحَقِّ یَامُنْعِمُ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ اس کے بعد یہ نقش ۲۰۰ دو سو عدد لکھے اور جاری پانی یعنی دریا یا نہر میں ڈال دے چالیس۴۰ روز تک اسی طرح عمل کرے اس کے بعد ہمیشہ یہ نقش چالیس۴۰ عدد لکھ کر روزانہ جاری پانی میں ڈالتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے روزانہ کچھ نہ کچھ ملتا رہے گا۔ نقش یَامُنْعِمُ یہ ہے اس کے کل عدد (۲۰۰) دو سو ہیں۔

۷۸۶

۴۹	۵۳	۵۶	۴۲
۵۵	۴۳	۴۸	۵۴
۴۴	۵۸	۵۱	۴۷
۵۲	۴۶	۴۵	۵۷

دستِ غیب

شروع چاند اول روز چہارشنبہ (بروز بدھ) میں غسل کرے اور کپڑے خوشبودار سفید پہنے اور کوئی پاک صاف جگہ مقرر کر کے اس نیت سے دو رکعت نماز پڑھے۔ نیت یہ ہے:

نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی رَکْعَتَیْنِ صَلٰوۃَ تَحِیَّۃَ الْوُضُوْءِ وَشُکْرًا لِلّٰہِ تَعَالٰی مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَۃِ الْکَعْبَۃِ الشَّرِیْفَۃِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ:

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ پانچ سو (۵۰۰) بار اور سورہ اخلاص:

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھے۔

اسی طرح ہمیشہ وقت مقرر اور جگہ مقرر میں روزانہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالےٰ ایک اشرفی غیب سے مصلّٰی یا سجدہ کی جگہ ملا کرے گی۔ مگر شرط یہ ہے کہ اس کو بے جا اور حرام کام میں صرف نہ کرے اور جمع نہ کرے۔ اپنی ضرورت سے زائد جو بچے خیرات کر دیا کرے۔ یہ عمل ایک ہفتہ میں جاری ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

برائے محبّت

اس نقش کو بروز یکشنبہ (اتوار) لکھ کر محبوب کو پلا دے اور مسلسل تین (۳) روز تک لکھ کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مطیع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

و	رلا	ور	ی مرح
طط	ع	ع محمد	احد
ح	طط	اوح	ل لھر

فلاں بن فلاں کی محبت فلاں بن فلاں کے دل میں ڈال

برائے بخار

اس دعا کو باوضو لکھ کر بخار والے کو اس کی دھونی دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے نجات ملے گی وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَبْرَا سُوْمًا وَ نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا ط لَاشِفَآءَ اِلَّا شِفَآءُکَ یَا اَللّٰہُ شِفَآءً لَا یُغَادِرُ سُقْمًا۔

برائے فتوح غیبیہ

چاند دیکھ کر ایک وقت مقرر کر کے باطہارت باوضو قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کر کے) تنہا بیٹھ کر ایک مجلس میں بہتر (۷۲) دن تک بہتر (۷۲) نقش باسط کو اس طرح لکھے کہ اول چھ (۶) کا عدد لکھے مگر لکھنے سے پہلے چھ مرتبہ بحقِ جبرئیلَ یَا اَللّٰہُ الْبَاسِطُ پڑھ لے اور اس کے بعد دوسرے خانہ میں بارہ (۱۲) کا عدد لکھے اور لکھنے سے پہلے بارہ مرتبہ وہی کلمات پڑھے اسی طرح

سے آٹھ خانے یعنی تیسرے خانے میں اٹھارہ (۱۸) چوتھے میں چوبیس۔ پانچویں میں تینس
چھٹے میں چھتیس ساتویں میں بیالیس (۴۲) آٹھویں میں اڑتالیس کا عدد لکھے
اور ہر خانہ کے عدد کے موافق وہ کلمات پڑھنا جائے اس کے بعد چھ ہزار ایک
سو چوراسی مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھے۔ اسی طرح بہتر دن یہ عمل کرے۔ اس
کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ فتوح نصیب فرمائے گا۔ بہتر (۷۲) روز
کے بعد ایک نقش لکھے اور نویں خانے میں اپنے مطلب کی چیز کا نام بھی لکھے خواہ
روپیہ کا مطلب ہو خواہ اور کوئی شئے مطلوب ہو جو چاہے نویں خانہ میں اس
کا نام لکھ کر اس نقش کو اپنے زانو کے نیچے رکھ کر بہتر (۷۲) مرتبہ وہی
کلمات یعنی بِحَقِّ جِبْرَئِیْلَ یَا اَللّٰہُ الْبَاسِطُ پڑھے انشاء اللہ
تعالیٰ جو چیز جس مقدار میں لکھ دے فوراً حق تعالیٰ غیب سے عطا فرمائے
گا۔ البتہ اگر کھانا پختہ یا تر یا خشک میوہ مطلوب ہوگا تو کوری مٹی کی رکابی
میں یہ نقش اور نام شئے مطلوب کا لکھ کر دھوپ میں رکھدے اور وہ کلمات
بہتر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ پردۂ غیب سے وہ نصیب ہوجائے گی۔
ہر روز چھ ہزار ایک سو چوراسی (۶۱۸۴) مرتبہ اَلْبَاسِطُ پڑھتے رہنا چاہیے
ضرورت کے وقت وہ نقش بھی لکھنا اور کلمات بھی پڑھنا رہے موافق ترکیب
مذکورہ بالا کے۔ وہ مثلث باسط کا یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	نام شئے مطلوب اس خانہ میں لکھا جائے گا	۳۰

(بخار کیلئے) برائے تپ نقش معظم مربع اللہ

(اگلے صفحہ پر)

نقش اسم معظم اَللّٰہُ کو روزانہ پلایا جائے اور گلے میں باندھا جائے وہ
نقش معظم یہ ہے۔ اس کے عدد (۶۶) ہیں۔

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

برائے محبت و دوستی

کسی رات کو ایک جلسہ میں ایک ہزار مرتبہ (۱۰۰۰) یہ عمل پڑھے اور مطلوب کا
تصور دل میں کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ وہ عمل یہ ہے:
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَجِبْ
دَعْوَتِيْ حُبًّا بِحَقِّ جِبْرَئِيْلَ اَللّٰهُ الصَّمَدُ اَجِبْ دَعْوَتِيْ
حُبًّا بِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ اَجِبْ دَعْوَتِيْ
حُبًّا بِحَقِّ مِيْكَائِيْلَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَجِبْ دَعْوَتِيْ
حُبًّا بِحَقِّ عِزْرَائِيْلَ فلاں بن فلاں بے قرار گشتہ زود تر حاضر آید۔

حاضر مطلوب کے واسطے

اعداد نام طالب مع نام والدہ کے (بلکہ مطلوب مع مادر مطلوب کے) نکال
کر اس میں چھ ہزار ایک سو چھ (۶۱۰۶) عدد جمع کر کے دس عدد کم کر دیئے جائیں
باقی ماندہ اعداد کو چار پر تقسیم کر کے خارج قسمت سے حسب قاعدہ مربع
نقش پر کیا جائے۔ پھر اس نقش کو دائیں جانب خانہ زیریں سے موڑ کر فلیتہ

بنائے اور اس پر نئی روئی لپیٹ کر دائیں جانب کے بالائی خانہ کی طرف سے دھوئی تلی کے تیل میں نئے چراغ (کوری مٹی کے چراغ) میں جس قدر زیادہ دیر تک اس کو روشن کیا جائے گا بہتر ہوگا۔ اس کی روشنی میں کلماتِ ذیل مع تصور مطلوب کے اس طرح کہ مطلوب آرہا ہے اور میرے پاس حاضر ہونے کے لئے بے قرار ہو رہا ہے پڑھے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد حاصل ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں مثلاً:

زید کی جگہ اپنا نام (زید کی الف کا (مطلوب کا نام مثلاً) بجگر کے جگر میں لاگے تیر لَآ اِلٰہَ آئیں گے اِلَّا اللّٰہُ بلائیں گے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بلائیں گے

قاعدہ اقسام مقصد و ایام عمل

جاننا چاہئیے کہ ایک سال میں بارہ ماہ ہوتے ہیں۔ چہار ماہ "ثابت" کہلاتے ہیں اور چہار ماہ "ذُوجَسَدَین" اور چہار ماہ "منقلب" کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں:

"**منقلب**" کے برج حمل - سرطان - میزان - جدی (علامت برائے یادداشت ان برجوں کے حروف کے سر کے حساب سے پہلا حرف لیا گیا تو حسمج (ح - س - م - ج) بنا) اور ھندی مہینوں کے نام بیساکھ - ساون - کاتک - ماہ (علامت بسکم (ب - س - ک - م) ان مہینوں میں دفع اعداء کے عمل مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"**ثابت**" (علامت اث دع) یعنی اسد - ثور - دلو - عقرب ھندی علامت بج پا (ب - ج - پ - ا) یعنی بھادوں - جیٹھ - پھاگن - اگھن - ان مہینوں میں ترقی درجات، عزت و رزق کے اوراد و وظائف زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

"**ذوجسدین**" علامت جسحق (ج - س - ح - ق) جوزا - سنبلہ -

حوت - قوس - ھندی ماہ علامت اک چپ (ا - ک - چ - پ) اساڑھ - کنوار - چیت - پوس - ان مہینوں میں محبت کے اعمال زیادہ مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ مقاصد ذیل کے لئے اوراد ان مہینوں کے حساب سے عمل میں لائے جائیں تاکہ ان کی تاثیر میں بہت زیادہ اضافہ ہو۔ اس کی تفصیل کے لئے یہ نقشہ ملاحظہ ہو:

	نام بروج و نام ماہ ھندی	عمل
(۱)	حمل - سرطان - میزان - جدی بیساکھ - ساون - کاتک - ماہ	دفع اعداء کے عمل زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔
(۲)	اسد - ثور - دلو - عقرب بھادوں - جیٹھ - پھاگن - اگھن	عمل برائے ترقی درجات - عزت - روزگار کے زیادہ کامیاب ہوتے ہیں۔
(۳)	جوزا - سنبلہ - حوت - قوس اساڑھ - کنوار - چیت - پوس	محبت کے عمل زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔

برائے دفع دشمن

اوّل و آخر درود شریف پانچ پانچ مرتبہ اور سورۃ "الھاکم التکاثر"

سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۝ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا عَیْنَ الْیَقِیْنِ ۝ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ۝ ع

مکمل سات بار پڑھ کر مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ایک ہزار انتیس (۱۰۲۹) مرتبہ چالیس (۴۰) روز تک بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دشمنی سے باز رہے گا۔

برائے دفع دشمن

اگر دشمن ایذاء کے درپے رہے اور باز نہ آئے تو مہینہ کی اٹھائیس (۲۸) تاریخ کو عمل ذیل تین (۳) روز تک پڑھے۔ پھر چھوڑ دے پھر آئندہ (آنے والے مہینہ میں) ماہ کی اٹھائیس (۲۸) تاریخ کو شروع کرے۔ ترکیب اس عمل کی یہ ہے کہ بعد نماز صبح تنہا جگہ مکان میں کھڑا ہو اور اپنا منہ دشمن کے مکان کی طرف کرے اور یہ عمل پڑھے۔

کَافِرَانْ رَدًّا ظَالِمَانْ رَدًّا بَاطِلَانْ رَدًّا بِسْمِ اللّٰهِ اَكْبَرُ يَا صَمَدُ۔ يَا صَمَدُ۔ يَا صَمَدُ بِحَقِّ عِزْرَائِيْلَ وَبِحَقِّ اِسْرَافِيْلَ وَبِحَقِّ مِيْكَائِيْلَ وَبِحَقِّ جِبْرَئِيْلَ۔ اس کو گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور تین (۳) بار یہ کلمات کہے۔

زدیم بدستِ عزرائیل

اور اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے۔ مگر اس عمل کے پڑھنے سے پہلے اپنے ہر عضو پر تین تین مرتبہ یَا قَادِرُ پڑھ کر دم کرے۔

برائے مغلوبی و مقہوری دشمن

ایک نیب (نیبو) کا پتہ لے اور اس پر دشمن کا نام لکھے اور اپنے سامنے رکھے اور اول و آخر درود شریف گیارہ (۱۱) گیارہ مرتبہ اور بِسْمِ اللّٰهِ کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ سورۃ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ :

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ایک ہی مجلس (بیٹھک میں درمیان میں نہ اٹھے) میں پڑھے اس طرح کہ جب سو (۱۰۰) دفعہ پڑھ لے اس پتہ پر دم کر دے ہر سو دفعہ پڑھنے کے بعد پتہ پر دم کرتا رہے اس طرح دس مرتبہ دم کرنا ہوگا۔ اسی طرح ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد اس پتہ کو اس خراب اور بیکار کنوئیں میں جس کا پانی بھی خشک ہوگیا ہو وہ پتہ ڈال دے۔ یہ عمل بیس (۲۰) روز تک کرے ورنہ کم از کم ایک ہفتہ کرے تاکہ اثر ہو۔ چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد سے شروع کرے اور اس کا بہتر اور اچھا وقت رات کا ہے۔

برائے پوری ہونے جملہ حاجات اور حفاظت از شرِ ظالمان

ایک مجلس میں بارہ ہزار پچاس (۱۲۰۵۰) مرتبہ یہ آیت شریفہ مع اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ

عمل جمعیتِ نفس و حصولِ دولت

آخری چہار شنبہ (بدھ) ماہ صفر سے یہ عمل ذیل شروع کیا جائے۔ اس عمل کو بعض نے حضرت شہاب الدینؒ سے نقل کیا ہے۔ بعض حضرات شیخ الاشرف شہاب الدین مقتول سے نقل کرتے ہیں اور اکثر قائل ہیں کہ حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ سے یہ عمل روایت کیا گیا ہے بہرحال اس عمل سے اکثر لوگ بہرہ اندوز ہوئے ہیں اور اکثر لوگوں کو بدولت اس عمل کے ظاہری و باطنی

فیوض و برکات حاصل ہوتی ہیں۔ عمل یہ ہے کہ صبح آخری چہار شنبہ (بدھ) ماہ صفر کو غسل کیا جائے اور غسل کے وقت سے ختم عمل تک کسی سے نہ بولے نہ بات کرے۔ بعد غسل کے چار رکعت نفل بہ نیت نفل چہار شنبہ پڑھے۔

ہر رکعت میں بعد فاتحہ: (سورۃ فاتحہ یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۗ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۗ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ

سورۃ الکوثر سترہ مرتبہ (سورۃ الکوثر یہ ہے)

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۗ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۗ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۧ

سورۃ اخلاص پانچ مرتبہ (سورۃ الاخلاص یہ ہے)

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

سورۃ الفلق ایک بار (سورۃ الفلق یہ ہے)

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ۭ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

ہر کام، بیماری و قرضداری وغیرہ کیلئے

(از قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

اس کو اپنے پاس رکھے کل قرآن شریف کا نقش ہے۔ ہر مرض اور مصیبت سے نجات کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے عورت بائیں بازو یا گلے میں ڈال لے۔

٧٨٦

٨١٠٥٢٨٦	٨١٠٥٢٧٩	٨١٠٥٢٨٤
٨١٠٥٢٨١	٨١٠٥٢٨٣	٨١٠٥٢٨٥
٨١٠٥٢٨٢	٨١٠٥٢٨٧	٨١٠٥٢٨٠

الحب

اگر کسی کو اپنے آپ پر دیوانہ کرنا چاہتے ہو تو مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس (عزیمت) طلسم کو لکھے اور پلیتہ بنائے اور اسے جلائے وہ مطلوب طالب کا عاشق ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے اور طالب اور اس کی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کا نام بھی کپڑے پر لکھے

١١١ مے ١١١ بدکردمے ص ہ اے

١١١ مے ١١١ بدکردمے س ہ اے

نام طالب معہ والدہ و نام مطلوب معہ والدہ

برائے طلب مطلوب

(از قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

یہ فقرہ موافق عدد نام مطلوب کے پڑھا جائے وقت مقررہ ہیں۔

سورۂ یاسین میں چار جگہ کلمہ " رحمٰن " ہے اور تین جگہ " اللہ " ہے
اسی پر قیاس کرتے ہوئے تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ (سورۃ) میں۔
سورۂ یاسین میں کلمہ " رحمٰن " پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں اور " اللہ "
کے لفظ پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور تبارک الذی میں " رحمٰن "
پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں کھولے اور " اللہ " پر بائیں ہاتھ کی پھر دعا مانگے
انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

بواسیر کے واسطے

یہ کلمات تین بار، یا پانچ بار، یا سات بار یا گیارہ بار مٹی کے ڈھیلے پر اور
استنجا کے پانی پر پڑھ کر پھونکے۔ قضائے حاجت کے بعد اس کو استعمال کرے
نربس نربس نربس کال۔ نربس کون اکاکال جو نربس کے ساتوں
انچھر جانے سوتا کی نربس جنم نہووے۔

برائے محبت و تسخیر

(از علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بواسطہ مولانا محمد طاہر دیوبندی)

ناخن ہد ہد اور ناخن خود ہاتھ کی دس انگلیوں کے کاٹ کر جلالے اور
اپنے پاس محفوظ رکھے۔ جس پر یہ ناخن کی راکھ ڈالے گا وہ محب و مسخر (محبت میں)
گرفتار ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

دفع دشمن کے لئے

(از قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ)

اگر کسی کا کوئی شخص دشمن جانی بن گیا ہو اور دشمنی سے باز نہ آئے تو

عورت کا خون بند کرنے کا گنڈہ

دس تار سرخ سوت کے عورت کے قد کے برابر لے اور یَا قَاهِرُ
گیارہ گیارہ بار پڑھے اور گرہ دے کل گیارہ گرہ دے اور ہر گرہ پر دم کرے
(پھونک مارے) اور مریضہ کے پیٹ پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ خون
بند ہو جائے گا۔

ہر بیماری کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں
پہنادے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ال	ق	و	ی
۵	۱۱	۳۰	۱۰۱
۱۲	۸	۹۸	۲۹
۹۹	۲۸	۱۳	۷

(مدقوق) دق (ٹی بی) کے مریض کے واسطے

یہ آیات شفاء باوضو چینی کی رکابی (پلیٹ سادی بغیر پھول والی)
پر لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب
ہوگا۔ آیات شفاء یہ ہیں۔ بعض نے ان آیات شفاء کے ساتھ الحمد شریف لکھنے
کا اہتمام بھی کیا ہے۔ یعنی ان آیات کے ساتھ الحمد شریف بھی مکمل
لکھے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝
وَشِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۝ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ
اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ۝ وَاِذَا
مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِىْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ يَا حَيُّ

برائے پیدائش بچہ

اگر عورت کو بچہ کی ولادت میں دشواری پیش آئے تو اس نقش کو باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں رکھ کر بائیں ران پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد اور باسانی پیدا ہوگا بچہ کے پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دے اور کسی پاک جگہ دفن کر دے۔

اذا السماء انشقت

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

(دائیں جانب:) والقت ما فیہا وتخلت
(بائیں جانب:) واذنت لربہا وحقت
(نیچے:) [illegible]

برائے دردِ زہ (بچہ کی پیدائش کے لئے)

(بیاض حافظ ضابطہ خاں صاحب)

بچہ کی ولادت کے لئے باوضو لکھ کر ایک بائیں ران پر باندھے سفید کپڑے میں لپیٹ کر اور دوسرا ناف پر باندھے۔

۲ب	۹ط	۴د
۷ز	۵ھ	۳ج
۶و	۱ا	۸ح

عورت کا خون بند کرنا

اگر عورت کا خون جاری ہو جائے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دونوں بازوں پر باندھے ایک گھول کر پلائے اور ایک پیٹ پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً خون بند ہوگا وہ نقش یہ ہے۔ (چار عدد نقش لکھے)

۱۲۹۷

یا غفور	یا غفور	یا غفور
یا غفور	یا غفور	یا غفور
یا غفور	یا غفور	یا غفور

الحب (محبت کے لئے)

سورۃ اخلاص کا نقش ہفتہ کے دن بعد نماز صبح قبل طلوع آفتاب (سورج نکلنے سے پہلے) لکھ کر اور خشک قلم سے (بغیر روشنائی کے) نام دونوں فریق (عاشق اور اس کی ماں کا نام اور محبوب اور اس کی والدہ کا نام)

معہ ان کی والدہ کے نام کے لکھے پھر لکھے کہ الہٰی بہ برکت اس کلام پاک کے ان (دونوں) میں موافقت کر پھر اس کو دھو کر مطلوب کو شیرینی (مٹھائی، چائے، شربت وغیرہ) میں کھلا پلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت پیدا ہوجائے گی۔ وہ نقش یہ ہے

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

میاں بیوی میں محبت کے لئے

موم جامہ کر کے اپنے بائیں یا دائیں بازو میں باندھیں۔

۷۸۶

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمَا وَاجْمَعْ بَیْنَھُمَا بِخَیْرٍ

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

برائے خرابی دشمن

(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ)

بروز سہ شنبہ (منگل) بوقت دوپہر پڑھا جائے ایک سو مرتبہ۔

بِعِزِّ اللّٰہِ الْقَاھِرُ الْجَبَّارُ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَھُمْ وَ فَرِّقْ جَمْعَھُمْ وَ قَلِّبْ تَدْبِیْرَھُمْ وَبَدِّدْ اَمْوَالَھُمْ وَ خَرِّبْ بُنْیَانَھُمْ وَ قَرِّبْ اٰجَالَھُمْ وَ اشْتَغِلْھُمْ بِاَبْدَانِھِمْ وَ اَھْلِکْھُمْ کَاِھْلَاکِ عَادٍ وَّ فِرْعَوْنَ وَ ثَمُوْدَ۔

برائے طلب مطلوب

(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ)

یہ فقرہ موافق اعداد نام مطلوب کے پڑھا جائے وقت مقرر ہیں قاضی شہاب کلھہ شیر فلانہ (یہاں مطلوب کا نام لے) کو لاؤ گھیر گھبر جیسا منہ ویسی تھپیڑ۔

(عملیات از مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحبؒ عثمانی مدرس مدرسہ اسلامیہ میرٹھ)

تیسرے یا چوتھے روز کا بخار جاڑا

۷۸۶
ططططططططططع

۷۸۶
ططططططططططع

۷۸۶
طططططططططط

یہ تینوں نقش تین سانس میں ہر ایک، ایک ایک سانس میں لکھے جاویں اور تینوں قبل آمد بخار کے مریض کے ہمراہ باندھ دیں اور جب بخار کی آمد معلوم ہو تو ایک نقش کو کھول کر اور پانی میں گھول کر مریض کو پلا دیں۔ دوسرا جب بخار بالکل آجائے اور تیسرا جب بخار اتر جائے پلا دیں۔ انشاءاللہ پھر بخار نہ آئیگا۔

صرف بخار کے لئے

جس شخص کو روزانہ بخار آتا ہو (جاڑے یا تیسرے دن کا بخار نہ ہو)

جس شخص کو روزانہ بخار آتا ہو یہ طلسم لکھ کر بخار والے کے باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا۔ (گلے میں یا بازو پر باندھیں)



واسطے دفع حسد حاسد

(حسد کرنے والے کے حسد سے نجات کیلئے)

بعد نماز صبح و بعد نماز مغرب اول و آخر درود شریف گیارہ بار اور یا مُذِلُّ ستر بار پڑھے اور دعا کرے انشاء اللہ حاسد دفع ہوگا۔

واسطے دفع حاسد

(دشمن کے دفعیہ کے لئے)

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ وَافِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ۔

پانچوں فرض نمازوں کے بعد تین بار پڑھے۔

برائے دفع دشمن

بعد از نماز فجر و بعد از نماز مغرب سات بار مع بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے۔ بعد از نماز عصر تا وقت مغرب بغیر تسمیہ (بغیر بسم اللہ)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

برائے دفع دشمن

(از: قاری محمد اسحاق صاحب)

بعد از نماز صبح ستر (۷۰) مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ وسورہ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ آخر تک) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

واسطے غنی ہونے کے

بعد نماز صبح کے قبل طلوع آفتاب کے سو دفعہ پڑھا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَلَا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ۔

برائے حاضر کردن دزد (چور کا پتہ لگانا)

بر برنج ساہی (چاول کی سٹھی) یا چاول پر سات بار پڑھے اور جن لوگوں پر شبہ ہو پکا کر یا کچے کھلائے۔ چور کے حلق سے چاول نیچے نہ اتریں گے وہ آیت معظم یہ ہے۔

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ۔

واسطے ادائے قرض کے

ہر نماز میں بعد التحیات اور درود شریف کے سلام پھیرنے سے پہلے یہ دعا ایک مرتبہ پڑھی جائے انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ۔

برائے ترقی و برکت در رزق

(از مولانا ناظر حسن صاحب)

مندرجہ ذیل نقش برائے ترقی و برکت رزق لکھ کر دائیں بازو یا گلے میں باندھیں انشاء اللہ تعالیٰ رزق وافر ملے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

اللہ	القوی	وھو
یرزق	لطیف	العزیز
بارك لی رب العلمین	من یشاء	بعبادہ

برائے ترقی رزق

(از حضرت مولانا ناظر حسن صاحب)

بعد نماز عشاء سَو مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف روزانہ بلا ناغہ پڑھیں انشاء اللہ تعالےٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

برائے حب

(از بیاض قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

اس نقش کو لکھ کر آگ میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ شدید محبت پیدا ہوجائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

١١١١ ١١ ٥١ ع ١١ ھ ١١٣١ ١٨١

معرل	شمال	٤ل دره	عمر امده
نصر ١١١	نحرا	١١١	نام محبوب مع والدہ

برائے محبت

(از بیاض قاری محمد اسحٰق میرٹھی صاحبؒ از قلم حافظ ضابطہ خاں صاحبؒ)

مندرجہ ذیل لکھ کر پشت پر نام مطلوب اور اس کی والدہ کا لکھ کر دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔

٧٨٦

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

گردنامہ برائے واپسی مفرور

(بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے)

اگر ہزار میل پر بھی ہوگا تب بھی واپس لوٹ آئے گا۔ ایک کاغذ پر لکھ کر چرخہ کے باندھ کر گھمائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا لکھنے سے پہلے پانچ روپے کی شیرینی بچوں میں تقسیم کردے۔

الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت	الٰہی بحرمت
بحق جبرئیل	بحق میکائیل	بحق اسرافیل	بحق عزرائیل
علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام	علیہ السلام

تیسرے روز کے بخار کے دفع کے واسطے

(اگلے صفحہ پر)

پیپل کے تین ۳ پتوں پر معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ آیت شریفہ لکھے

اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ط

اور بخار کے آنے سے تین ۳ گھنٹہ پہلے ایک پتہ چٹادے اس کے بعد بخار آنے سے دو گھنٹہ قبل دوسرا پتہ چٹادے اور تیسرا پتہ بخار آنے سے ایک گھنٹہ قبل چٹادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا اور بخار نہ آئے گا۔

برائے دفع (بخار سردی کے) تپ و لرزہ روزمرہ

(روزانہ سردی سے آنے والے بخار کے دفع کیلئے)

پان پر معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط کے یہ آیت شریفہ لکھے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ط

اور بخار کے آنے سے ایک گھنٹے پہلے جب اعضاء شکنی ہونے لگے مریض کو کھلادے انشاء اللہ تعالےٰ بخار دفع ہوگا۔

نسخہ بواسیر خونی و بادی (ھوالشافی)

رسوت (ایک تولہ) مویز منقیٰ کے بیج نکال کر پھینک دے اور دونوں کو خوب کوٹ کر ایک جان کرلیں بقدر کنار دشتی (جنگلی بیر کے برابر) گولیاں بنالیں۔ اگر کثرت خون (خون کی زیادتی) ہے تو ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھالیں اس کی ترکیب یہ ہے صبح کے وقت ایک گولی کھائیں اس کے بعد ایک ہتھیلی (کف دست) اسپغول پانی کے ساتھ کھائیں اور شام کو صرف ایک گولی کھالیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ بہت فائدہ ہوگا اور مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

واسطے غنی النفس کے

(مفلسی سے نجات کا عمل)

(از مولانا قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی رح)

سورۃ مزمل پ ۲۹ گیارہ مرتبہ روزانہ جو وقت مل جائے باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفلسی دور ہوگی اور تونگری آئے گی۔

یَا غَنِیُّ۔ گیارہ ۱۱۰۰ مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ وقت معین (ایک وقت مقرر کرکے روزانہ اسی وقت) میں پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غنی ظاہری و باطنی حاصل ہوگا۔

آسانی ولادت کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کے گلے میں باندھا جائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سہولت کے ساتھ پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۹	۷	۱۴	۴
۶	۱۲	۱	۱۵
۳	۱۳	۸	۱۰
۱۶	۲	۱۱	۵

چیچک اور خسرہ دانوں کے لئے

ستی کے چاول سات دانہ سالم جن کی دونوں نوک سالم (بغیر ٹوٹی) ہوں ان پر سات مرتبہ سورۃ الم نشرح :-

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۭ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۭ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۧ

پڑھ کر دم کریں اور مریض کو کھلا دیں چاہے کوٹ کر چاہے سالم (ثابت بغیر کوٹے) انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحت حاصل ہوگی اور دانے بسہولت نکلیں گے۔

بچوّں کی نظرِ بد کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ۔

بچوّں کی حفاظت کے لئے

(از مولانا ناظر حسن صاحب۔ مدرس مدرسہ اسلامیہ میرٹھ)

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بلا اور آفت سے حفاظت رہے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ۔

ہر مشکل کو آسان کرنے کیلئے

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔

ہر مشکل کو آسان کرنے کا عمل

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ وَعَدَدَ خَلْقِہٖ وَرِضَا نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ۔ سو۱۰۰ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔

برائے ترقی ذہن وفہم

سبق پڑھنے سے پہلے یہ دُعا روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن ترقی کرے گا۔

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ عِلْمًا نَّافِعًا وَّحِفْظًا کَامِلًا وَّ دِرَایَۃً شَامِلَۃً وَّ فَھْمًا ذَکِیًّا وَّطَبْعًا سَعْیًا اِلٰی تَحْصِیْلِ الْعِلْمِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

برائے چیچک (وخسرہ)

گنڈہ سورۃ رحمٰن کا بنایا جائے اور تُکَذِّبٰنِ پر (اکتیس ۳۱ مرتبہ یہ لفظ آیا ہے اکتیس ۳۱ گرہ لگیں گی) ایک گرہ لگائی جائے۔ اور گلے میں باندھ دے۔

برائے فراغتِ رزق

پانچ ۵ یا دس ۱۰ تسبیح (پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ یا ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ) چالیس ۴۰ روز تک پڑھا جائے۔

یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّرَاحِمَہٗ یَا رَحْمٰنُ۔

واسطے دفع وباء کے لئے

(از مولانا مفتی عزیز الرحمن صاحبؒ مدرس دوم مدرسہ اسلامیہ عربیہ میرٹھ)

دفع وباء کے لئے اس کو گھر کی دیوار میں دروازے کے سامنے لگا دیں۔

وہ یہ ہے۔ هو الشافی

اِلٰہِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ اَذْرَ فَطْیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ تَبْیُوْنَسْ یُوَانَسْ بُوْس وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ (اسماء اصحاب کہف)

واسطے دفع بخار

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ جو شخص سورۃ فاتحہ چالیس مرتبہ بمعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ایک پانی کے پیالے پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی مریض کے چہرے پر چھڑکے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔

مسان کے واسطے

مسان کے واسطے اس نقش کا فلیتہ اس ترکیب سے بنائے کہ جس خانہ میں مریض کا نام لکھنا ہے وہ خانہ اول رہے (یعنی بھرتے وقت بھی نام پہلے لکھے اور جلاتے وقت بھی نام کی طرف سے جلائے) اس فلیتہ کو لپیٹ کر کچا (چرخے کا کتا ہوا) سوت اوپر لپیٹ دے اور خالص تیل (سرسوں) میں جلائے اور مریض کا منہ اس کی لو (چراغ کی بتی) کی طرف کرے اور مریض سے کہے کہ دیکھ کیا نظر آتا ہے۔ اور فلیتہ اس کے نام کی طرف سے جلانا شروع کرے انشاء اللہ تعالیٰ

آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

خالی خانہ میں مریض کا نام لکھے۔ وہ فلیتہ یہ ہے۔ عورت یا لڑکی ہو تو فلانۃ بنت فلانۃ یعنی لڑکی اور اس کی ماں کا نام لکھیں اور لڑکا ہو تو فلاں بن فلاں یعنی لڑکے اور اس کے باپ کا نام لکھیں۔

اللّٰھم احرق الشیاطین

فلاں بن فلاں	۲	۳	۱۳
۵	۱۱	۱۰	۸
۹	۷	۶	۱۲
۴	۱۴	۱۵	۱

برائے بغض وعداوت

نقش ذیل لکھ کر دو قبروں کے درمیان دفن کرے۔ بحکم خدا جدائی ہو جائے لیکن جائز مقصد کے لئے کرے ورنہ سخت نقصان اٹھائے گا۔

والقینا فلاں بن فلاں

۲۳	۸	۵	۲۲	۷
۲۰	۱۶	۱۱	۱۲	۶
۱	۹	۱۳	۱۷	۲۵
۲	۱۴	۱۵	۱۰	۲۴
۱۹	۱۸	۲۱	۴	۳

والبغضاء فلاں بن فلاں

بینھم فلاں بن فلاں

نوٹ :۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی عالم دین متقی پرہیزگار سے مشورہ ضرور کرلے۔

برائے جدائی

جدائی کے لئے مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر کسی ایک فریق کے مکان میں سونے کے کمرے میں دفن کر دے دونوں میں جدائی ہو جائے گی۔ جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز طور پر کرے گا تو سخت نقصان اٹھائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۸ ل ۶۱۱۱۴۱ الھم صراط و ۱۱۱۱ ۱۱ ۴

کھرا ۱۱۱۹۱۱ ۸

برائے حُب

برائے جائز محبت کے لئے یہ نقش لکھے اور نیچے چاہنے والے کا اور اس کی والدہ کا اور محبوب کا اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور اس نقش کو کسی اونچی جگہ باندھ دے کہ ہلتا رہے۔ محبوب عاشق ہو کر حاضر ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

نام محب کا مع والدہ نام محبوب کا مع والدہ	۱۴۳	۱۱۰	۷۷
۱۲۱	۶۶	۱۱	۱۳۲
۵۵	۸۸	۱۶۵	۲۲
۱۵۴	۳۳	۴۴	۹۹

واسطے تسخیر کے

(از قاری محمد اسحٰق میرٹھی صاحبؒ بواسطہ مکھن صاحب دھلویؒ)

موافق عدد نام مطلوب کے اس آیت شریفہ کو پڑھ کر کسی شئے پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مسخر ہو جائے گا۔

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ

مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

ہر کام، بیماری و قرضداری وغیرہ کیلئے

(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ میرٹھی)

اس کو اپنے پاس رکھے کل قرآن شریف کا نقش ہے۔ ہر مرض اور مصیبت سے نجات کے لئے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے عورت بائیں بازو یا گلے میں ڈال لے۔

۷۸۶

۸۱۰۵۲۸۴	۸۱۰۵۲۷۹	۸۱۰۵۲۸۶
۸۱۰۵۲۸۵	۸۱۰۵۲۸۳	۸۱۰۵۲۸۱
۸۱۰۵۲۸۰	۸۱۰۵۲۸۷	۸۱۰۵۲۸۲

الحب

اگر کسی کو اپنے آپ پر دیوانہ کرنا چاہتے ہو تو مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس (عزیمت) طلسم کو لکھے اور پلیتہ بنائے اور اسے جلائے وہ مطلوب طالب کا عاشق ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے اور طالب اور اس کی والدہ کا نام مطلوب اور اس کی والدہ کا نام بھی کپڑے پر لکھے

۱۱۱ ھے ۱۱۱ بدکر دھے ص ہ اے

۱۱۱ ھے ۱۱۱ بدکر دھے س ہ اے

نام طالب مع والدہ و نام مطلوب مع والدہ

برائے طلب مطلوب

(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ میرٹھی)

یہ فقرہ موافق عدد نام مطلوب کے پڑھا جائے وقت مقررہ ہیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهَا (یا قلبه) اِلَی الْبَیْتِ (یَا اِلَیَّ)۔

واسطے دفع مشکل کے جو پیش آگئی ہو

(از: قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ وقت معین (مقررہ) میں پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔

سَهِّلْ بِفَضْلِكَ يَا وَهَّابُ

واسطے مہربانی حاکم یا قاضی (جج) یا آقا وغیرہ

(از قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

یہ دعا اپنے دوپٹہ یا پگڑی یا رومال میں باندھ کر (کاغذ پر لکھی ہوئی دعا کو باندھے) حاکم کے روبرو جائے اور یہ دعا اس طرح لکھی جائے کہ میم جتنے ہیں سب کے دائرے خالی رہیں یعنی سر۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٌ اَعْظَمُ مِنْهُ وَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَ بِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ وَبَرَاَ۔

ہر مشکل کے حل کے لئے نماز قلاقل

(از بیاض تلامذہ و غلامان حضرت شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ)

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اپنے ناخن سے پہاڑ کو کاٹے تو ناممکن ہے لیکن اس نماز کی برکت سے بڑی سے بڑی مشکل کا حل بآسانی ہو جائے گا نماز قلاقل چار رکعت ہے ایک سلام کے ساتھ۔ درمیان مغرب و عشاء کے وقت پڑھی جائے۔ نفل نماز کی نیت کی جائے اور ہر رکعت میں چاروں قل ملا کر پڑھے بعد از سلام سر سجدہ میں رکھ کر اکہتر (۷۱) بار پڑھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

جو شخص شب غرہ ماہ (چاند کی پہلی تاریخ کی شب سے) تیس (۳۰) بار سورۂ فاتحۃ الکتاب (الحمد شریف)

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۙ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۙ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

پڑھے تا سلخ (چاند کی آخری تاریخ کی رات تک) اس ماہ میں اوقات معیشت (کھانے پینے میں برکت ہوگی اور) بعافیت گزریں گے۔

برائے مشکل مہم ۔ برائے حاجت روائی

(از بیاض قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے یا کوئی سخت حاجت و ضرورت سامنے آئے چاہے دینی ہو یا دنیوی جو کسی طرح آسان نہ ہوتی ہو تو شب جمعہ میں وتر سے قبل ایک رکعت نماز ادا کرے۔ سورۃ فاتحہ ۔ ایک بار

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۙ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۙ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ

الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۚ

اور اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ پچیس ۲۵ بار۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۗ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۙ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۙ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۚ

سُورۂ اخلاص سو بار پڑھے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

اس کے بعد دونوں جانب سلام پھیرلے۔ اس کے بعد دایاں رخسار زمین پر رکھے اور ستر (۷۰) بار کہے:

الٰہی بحرمت اس وقت اور اس گھڑی کے کر تو ہے اور کوئی نہیں ہے

اس کے بعد بایاں رخسار زمین پر رکھے اور ستر (۷۰) بار کہے:

الٰہی بحرمت اس وقت اور اس گھڑی کے تو ہے اور کوئی نہیں ہے۔

اس کے بعد پیشانی (ماتھے) کو سجدہ میں رکھے اور ستر (۷۰) بار کہے:

الٰہی تو اکیلا ہے اور رکعت بھی ایک ہے میری حاجت پوری کر۔ اگر نیک ہوگا تو ابھی سجدہ کی جگہ سے سر نہ اٹھایا ہوگا کہ اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔ حضرت مخدوم شیخ عبدالقادر گیلانیؒ نے اس کا بہت تجربہ کیا ہے۔ بہت

کامیاب ہے۔ اس نماز کی نیت اس طرح کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ نیت کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے لئے ایک رکعت نماز پڑھوں۔ رب اکیلا ہے اور بے نیاز اکیلا ہے صلوٰۃ الحاجات منہ طرف کعبہ شریف کے اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔

نقش آیت کریمہ

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ

(از پیرزادہ قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

آیت کریمہ۔ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝ اعداد کل آیت کریمہ مکتوبی ١٥٠١

٧٨٦

١٥٠١	٥٠١	٤٩٦	٥٠٤
١٥٠١	٥٠٣	٥٠٠	٤٩٨
١٥٠١	٤٩٧	٥٠٥	٤٩٩
	١٥٠١	١٥٠١	١٥٠١

برائے مفرور (بھاگے ہوئے کیلئے)

مندرجہ ذیل درود شریف لکھ کر دروازے پر لٹکادے اور کاغذ کے پیچھے (پشت پر) مفرور (بھاگے ہوئے) کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھدے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً حاضر ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ اَلْفَ اَلْفِ ذَرَّةٍ۔ آمین۔

برائے برکت مکان

(اگلے صفحہ پر)

مکان میں خیر و برکت کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر سمت قبلہ دیوار پر چسپاں کر دے (لٹکا دے) انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔

۷۸۶

یا	شد	ید	القوی
یا	شد	ید	المحال
یا	محسن	یا	مجمل
یا	مفضل	یا	منعم

برائے اسقاطِ حمل

(از بیاض نقل شدہ حافظ ضابط خان صاحب مرحوم و مغفور)

بچہ کی حفاظت کے لئے اس نقش کو (اسقاط حمل سے محفوظ رہنے کے لئے) سُرخ کاغذ پر لکھ کر پیٹ کے اوپر بائیں پہلو پر باندھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵	۴	۱۴	۱
۱۰	۵	۱۱	۸
۳	۱۶	۲	۱۳
۶	۹	۷	۱۲


بھاگے ہوئے کو واپس لانیوالا نقش

انشاء اللہ تعالےٰ بھاگا ہوا فوراً واپس آئے گا۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر کسی درخت پر لٹکا دے۔ مجرب ہے۔
وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

ابا بکر صدیق رضؓ		عمر بن خطاب رضؓ
	ح ہ ا ئ	
عثمان بن عفان رضؓ		علی بن ابی طالب رضؓ

برائے مفرور (بھاگے ہوئے کی واپسی)

مفرور کی واپسی یا غائب شدہ کی بازیابی کے لئے ایک مٹی کی ہانڈی پر چاروں طرف یہ طلسم لکھے اور اس مٹی کی ہانڈی کو زمین میں دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور فوراً واپس آئے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔



برائے محبت زن و شوہر

ایک کاغذ کے ٹکڑے پر مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر مرغی کے انڈے میں رکھ کر زمین میں دفن کر دیں۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱۱ ۶ ۱۱۱ عم ۱۱۱ ۶ ۱۱۱ لا

۷۸ ۹۱۱۹ ۱۱ط ح فلاں بن فلاں

برائے ہر مرض

ہلدی کی چند گرہوں پر تین مرتبہ اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ

پڑھ کر دم کر کے آگ میں ڈال کر جلا دے اور مریض کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر مرض سے صحت ہوگی۔

دو افراد میں دشمنی کے لئے

جائز دشمنی کے لئے یا دشمنوں میں پھوٹ ڈالنے کے لئے کُتّے کے دو دانت اور بلّی کے دو دانت کسی ایک فریق کی چوکھٹ کے نیچے کپڑے میں لپیٹ کر دونوں شخصوں کا نام مع والد کے لے کر دفن کر دے، جب تک وہ چاروں دانت نہ نکالے جائیں گے ان کی دشمنی ختم نہ ہوگی۔

دُشمن کی ہلاکت و بربادی کے لئے

چوراہے کی خاک لا کر تین رات متواتر آدھی رات کو باوضو اکہتر ۷۱ مرتبہ یہ دُعا پڑھ کر اس خاک پر دم کر کے دشمن کے گھر کی طرف اس خاک کو ہوا میں اُڑا دے۔ پس یا تو دشمن ہلاک ہو جائے گا یا اگر ایذا رسانی کی نیت سے کیا ہے تو ہمیشہ تکلیف میں مبتلا رہے گا۔ مگر یہ عمل وہ مظلوم کرے کہ جس کو ظالم کے ظلم سے کسی طرح نجات حاصل نہ ہو سکے۔ ورنہ صبر کرے وہ دُعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا قَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ۔

عملیات وتعویذات

حضرت مفتی اعظم مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(مدرس مدرسہ اسلامیہ عربیہ میرٹھ وصدر مفتی دارالعلوم دیوبند وصدر مفتی مدرسہ تعلیم الدین ڈابھیل)

واسطے ہر کام کے جو مشکل پیش آئے

يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ اول و آخر درُود شریف

سو سو مرتبہ (یا گیارہ گیارہ مرتبہ مع ترک گوشت) ایک وقت معین (مقرر) کر کے بارہ ۱۲ روز تک روزانہ بارہ سو ۱۲۰۰ مرتبہ پڑھا کریں اور روزانہ پڑھنے کے بعد دعا کر لیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ مشکل جلد حل ہوگی۔

برائے حصول مقاصد دارین و کشائش رزق

(دلی ارادوں میں کامیابی اور رزق میں فراخی)

اول و آخر تین ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے بعد نماز فجر ستر ۷۰ مرتبہ اور بعد نماز مغرب ستر ۷۰ مرتبہ روزانہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ کلمات یہ ہیں۔

يَا رَحْمٰنُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ رَاحِمَهٗ يَا رَحْمٰنُ۔

حضرت مولانا محمد اسحٰق صاحب دھلوی ثم مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ نواسہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ عمل منقول ہے۔

حصولِ مقاصد کے لئے

اپنے دلی مقاصد میں کامیابی کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے اور پڑھنے والا اگر بحضور دل پڑھے گا تو بارگاہِ الٰہی سے اس کی حاجت ضرور پوری ہوگی یہ عمل مجرب اور آزمایا ہوا ہے وہ یہ ہے:

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ

مندرجہ بالا کلمات بعد نماز فجر ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اور بعد نماز مغرب ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف تین ۳ تین ۳ مرتبہ۔ اس عمل کو ہمیشہ جاری رکھے ناغہ نہ کرے۔ اور بروز جمعہ عصر کے بعد اول و آخر درود شریف ایک سو ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اس کے بعد بحضور دل عصر سے مغرب تک یہ کلمات پڑھتا رہے درمیان میں کسی سے

کلام نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ حصول مقصد میں کامیابی ہوگی۔

حصولِ مقصد اور غنیٰ ظاہری و باطنی کے لیے

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

اول و آخر درود شریف گیارہ ۱۱ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے بعد مندرجہ بالا دعا اکتالیس ۴۱ بار پڑھے بعد فرض عشاء قبل وتر اس دعا کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

فہم و سمجھ کی زیادتی کے لئے

یہ دعا اکتالیس ۴۱ روز یا سات دن کالی کچی روشنائی سے لکھ کر بچے کو پلائے انشاء اللہ تعالےٰ اس کا فہم تیز ہوگا اور جو کچھ پڑھے گا وہ یاد رکھے گا وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَلَا نُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

برائے دفع بیماری

اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات ملے گی اور مریض صحت یاب ہوگا وہ درود شریف یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّ بِعَدَدِ کُلِّ مَرَضٍ وَّ شِفَاءٍ۔

کثرتِ رزق و سامان دنیوی کے حصول کے لیے

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا ۙ وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ط وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔

حضرت امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ کثرتِ رزق و سامان دنیوی کے لئے جمعہ یا پیر یا جمعرات کے دن شروع کرے افضل یہ ہے بعد از نماز فجر پڑھا جائے ہر روز ایک سو انسٹھ ۱۵۹ مرتبہ چالیس ۴۰ دن پڑھے اور چالیسویں دن ایک سو اناسی ۱۷۹ مرتبہ پڑھے کہ چالیس ۴۰ دن میں چھ ہزار تین سو اناسی (۶۳۷۹) مرتبہ ہو جاتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت و کشادگی کے دروازے کھل جائیں گے۔ اس کے پڑھنے کے دوران مندرجہ ذیل باتوں کی پابندی کرے۔

اول وظیفہ شروع کرنے سے قبل غسل کرلے۔

دوم دو رکعت نماز نفل پڑھے۔

برائے محبت زوجین

اگر درمیان زوجین (میاں بیوی) عداوت (دشمنی) پیدا ہو جائے اور کسی طرح اصلاح نہ ہو (محبت پیدا نہ ہو) تو اس تعویذ کو لکھے اور میاں اور اس کی والدہ کا نام اور بیوی اور اس کی ماں کا نام لکھے اور دودھ میں یا شربت میں یا پانی میں گھول کر پلادے بفضل خدا تعالیٰ دونوں ایک لمحہ کے لئے بھی جدا نہ ہوں گے اور آپس میں دشمنی ختم ہو جائے گی۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَلِیْقًا مَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ

مَافِیْ قُلُوْبِھِمْ علی علی علی علی علی ودود ودود
ودود عجج عجج عجج عجج عجج عجج عجج عجج عجج لالالالالالالالالالالالا
عجج عجج عجج عجج عجج عجج عجج عجج ؔ نام شوہر معہ والدہ، نام بیوی معہ والدہ۔

میاں بیوی میں اتفاق کے لئے

اگر میاں بیوی میں اختلاف رہتا ہو اور اتفاق نہ ہوتا ہو تو اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھ کر (اگر مشک نہ ملے تو صرف زعفران سے لکھے) دونوں (میاں بیوی) کو پلا دے چاہے کھانے میں، شربت میں، دودھ میں، یا پانی میں خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں کے درمیان محبت پیدا ہو جائے گی وہ یہ ہے۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیْ ۵ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ ۵ اَلْمَحَبَّۃُ فِیْمَا بَیْنَ فلاں بن فلاں و فلانہ بنت فلانہ۔

میاں بیوی کے درمیان محبت کے لئے

اگر زن و شوہر (میاں، بیوی) میں عداوت و مخالفت ہو اس نقش کو ایک تھال یا کڑاہی لوہے کی بنی ہوئی میں لکھے اور اس میں حلوا تیار کرے اور چمچے سے اس نقش کو حلوے میں ملا دے اور میاں بیوی کو کھلا دے۔ محبت و الفت پیدا ہو جائے گی۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لوگوں کی نظروں میں عزت والا بننا

جو شخص چاہے کہ لوگ ہر طرح اس کی عزت کریں اور سر آنکھوں پر بٹھائیں اس کو چاہیے کہ مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَا مَنْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

عمل دردِ دندان بوسیدہ

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر دانتوں کے نیچے دبا لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد سے فوراً نجات ملے گی وہ نقش یہ ہے۔

عصر عص

سصر ۷ نص

قید سے رہائی کے لئے

قیدی کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اس قدر لائے کہ ہتھیلی کے برابر ایک ٹکیہ تیار ہو جائے۔ ٹکیہ بنا کر اس پر یہ نقش لکھے جمعہ کے روز ساتویں گھنٹہ میں اور یہ ٹکیہ قیدی کے گھر کے دروازے پر دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ رہائی مل جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

عورت یا جانور کے دودھ میں زیادتی کیلئے

مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی گردن (گلے میں) باندھے یا جانور کے سینگ میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کی چھاتیوں میں اور جانور کے تھنوں میں بہت زیادہ دودھ پیدا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ يَا خُدَا وَبِحَقِّ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ابلیس لا ابلیس وهامان ابلیس و فرعون وهامان۔

فہم و حافظہ میں اضافہ

سات دانہ منقی یا سات دانہ پستہ یا شیرینی (گڑ یا مصری) پر مندرجہ ذیل کلمات بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اول و آخر درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے اور کھائے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ بہت بہتر ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ فَهْمَ النَّبِيِّيْنَ وَحِفْظَ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِلْهَامَ الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

برائے استخارہ (دینی و دنیاوی)

(از قاری محمد اسحٰق صاحبؒ)

بعد از نماز عشاء اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار باوضو پڑھے

اس کے بعد تین سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ بِحَالِهٖ يَا خَبِيْرُ

اس کے بعد اپنی مراد کو خدا تعالیٰ سے مانگے اور سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب خواب میں مل جائے گا۔

برائے آسیب زدہ

آسیب زدہ کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر ہلدی کے پانی سے تین مرتبہ یہ الفاظ لکھے۔ اَلْمُتَكَبِّرُ اور فلیتہ بنا کر آسیب زدہ کی ناک میں اس کی دھونی دے (یعنی اس کو جلا کر اس کا دھواں آسیب زدہ کی ناک میں پہنچائے) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔

چورن کا نسخہ

(از حضرت مولانا المعظم مولوی مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی صاحب دیوبندیؒ)

هُوَ الشَّافِيْ

سونٹھ ۲ر تولہ	سونف ۲ر تولہ	اجوائن ۲ر تولہ	کالی مرچ تولہ	دارچینی تولہ	مگھ پیپل تولہ
پودینہ خشک ۲ر تولہ	سہاگہ خام ۲ر تولہ	نمک دیسی ۲ر تولہ	نمک سونچل ۲ر تولہ	نوشادر ۱۲ر تولہ	

باریک پیس کر چھان کر رکھ لیں۔ خوراک برائے جوان ایک ماشہ و برائے اطفال ۴ رتی و برائے بچہ شیرخوار ۲ رتی۔ اس چورن کو کھا کر کلی کر لیا کریں کیونکہ سہاگہ مفرد (نقصان دہ) دندان ہے۔

برائے کامیابی مقاصد

(اگلے صفحہ پر)

سورۂ یاسین میں چار جگہ کلمہ "رحمٰن" ہے اور تین جگہ "اللہ" ہے اسی پر قیاس کرتے ہوئے تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ (سورۃ) میں۔ سورۂ یاسین میں کلمہ "رحمٰن" پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں اور "اللہ" کے لفظ پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرے اور تبارک الذی میں "رحمٰن" پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں کھولے اور "اللہ" پر بائیں ہاتھ کی پھر دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

بواسیر کے واسطے

یہ کلمات تین بار، یا پانچ بار، یا سات بار یا گیارہ بار مٹی کے ڈھیلے پر اور استنجا کے پانی پر پڑھ کر پھونکے۔ قضائے حاجت کے بعد اس کو استعمال کرے
نربس نربس نربس نکال۔ نربس کون کا کال جو نربس کے ساتوں انچھر جانے سوتا کی نربس جنم نہ ہووے۔

برائے محبت و تسخیر

(از علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بواسطہ مولانا محمد طاہر دیوبندی؟)

ناخن ہدہد اور ناخون خود ہاتھ کی دس انگلیوں کے کاٹ کر جلالے اور اپنے پاس محفوظ رکھے۔ جس پر یہ ناخن کی راکھ ڈالے گا وہ محب و مسخر (محبت) میں گرفتار ہوگا انشاءاللہ تعالیٰ۔

دفع دشمن کے لیے

(از قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ)

اگر کسی کا کوئی شخص دشمن جانی بن گیا ہو اور دشمنی سے باز نہ آئے تو

چاہیئے کہ بعد نماز عشاء کے بغیر درود شریف کے اس دعا کو اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور وقت پڑھنے کے دشمن کا اپنے ذہن میں اس طرح تصور کرے کہ گویا میرے پاؤں کے نیچے ہے اور خاص دشمن ہی کے واسطے پڑھے ناحق نہ پڑھے۔ وہ یہ ہے۔


رَمَيْتُ مَنْ بَغٰى عَلَيَّ بِسَهْمِ اللهِ وَسَيْفِهِ الْقَاتِلِ۔

واسطے دفع بخار کے

(از کتاب قلمی۔ در النظیم فی فضائل القرآن العظیم والآیات والذکر الحکیم صفحہ نمبر ۲۸)

الحافظ ابو حاتم الرازی مسجد ابی الیمان الحکم من النافع الصغانی شیخ البخاری نے ارشاد فرمایا کہ مجھے بخار نے پکڑ لیا اور میں سخت بخار میں مبتلا ہو گیا ابی الیمان الحکم اپنے مکان سے میرے مکان میں آئے اور میرا حال دریافت فرمایا۔ میں نے ان سے اپنا حال بیان کیا کہ مجھے بخار لپٹ گیا ہے۔ ابی الیمان الحکم نے فرمایا کہ کیا آپ بخار کے طلسم سے واقف نہیں ہیں؟ میں نے ان کو بتایا کہ میں اس طلسم سے ناواقف ہوں۔ تو انھوں نے کاغذ کے ٹکڑے پر یہ شکل بنادی اور فرمایا کہ لے تکیہ کے نیچے سرہانے رکھ لینا اس طرح کہ سر کے نیچے یہ طلسم رہے۔

ابو حاتم الرازی نے بتایا کہ جلد ہی بخار دفع ہو گیا۔ ابی الیمان پھر تشریف لائے تو انہوں نے حال دریافت فرمایا میں نے عافیت کی خبر دی تو انھوں نے فرمایا کہ اس کو محفوظ کر لو یہ بہت نفع مند رہے انشاءاللہ تعالیٰ اور اسے لوگوں کو سکھاؤ وہ یہ نقش طلسم ہے۔



شوہر کی ناراضگی دور کرنا

اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر خفا بہت ہوتا ہو یا نوکر پر ناراض زیادہ ہوتا ہو تو اکیلا مرتبہ " یَا مَانِعُ " پڑھ کر صبح و شام ان کے سامنے یا پیچھے سے دم کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ تھوڑے دن میں ساری شکایت دور ہو جائے گی۔

قرآن شریف یاد کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص بے استاد کے قرآن شریف حفظ یاد کرنا چاہے یا استاد کے ذریعہ قرآن شریف کو یاد کرے۔ ہر روز جب تک قرآن شریف یاد ہو ایک ہزار (١٠٠٠) مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن شریف جلد اور سہولت کے ساتھ حفظ یاد ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ•

(پ ١٩ ع ١٦ آیت ٦)

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کرے۔

غم، حزن، قلب کی گھٹن دور کرنے کے لئے

ہر قسم کے غم، حزن، فکر، قلب کی گھٹن اور انقباض قلب کے لئے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ایک سو مرتبہ فجر (صبح) کی نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے غم سے نجات مل جائے گی وہ آیت یہ ہے۔

الٓمّٓصٓ ۚ كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِىْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

بچے کی ضد رونے کو روکنا

جو بچے ضد کرتے ہیں اور روتے رہتے ہیں ان کے لئے یہ طلسم لکھ کر موم جامہ کر کے گردن میں باندھ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ ضد اور گریہ موقوف ہو جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ططططط ھی ھی ھی ھی ھی ھی

قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس

فلاں بن فلاں

فلاں بن فلاں کی جگہ بچے اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔

دشمن اور ظالم سے نجات

جو " يَا صَمَدُ " عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ ایک سو پندرہ (١١٥) مرتبہ پڑھے گا وہ کبھی دشمن اور ظالم کے پنجہ میں نہ آئے گا۔

مریض کی تندرستی کے لئے

" يَا وَاجِدُ " اس نام کو دس (١٠) دفعہ شربت یا دواء پر پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو سات روز پلانے سے تندرست ہو جائے گا۔

جادو کے خوف و اثر سے نجات

" يَا مُمِيْتُ " جس شخص کو جادو کا خوف ہو سات (٧) مرتبہ اس نام کو پڑھ کر دم کرے۔ جادو کسی قسم کا بھی ہو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پاس آکر مر جائے گا اور اثر نہ کرے گا۔

واسطے حاجت روائی

(قلمی کتاب - در النظیم فی فضائل القرآن العظیم والآیات والذکر الحکیم ص ۲۹)

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جس شخص کو کوئی سخت حاجت پیش آئے تو مندرجہ بالا کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر جاری پانی (دریا، نہر، سمندر) میں ڈال دے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلٰى رَبِّهِ الْجَلِيْلِ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

دریا میں ڈالتے وقت یہ الفاظ کہے۔

اَللّٰهُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَصَحْبِهِ الْمَرْضِيِّيْنَ اِقْضِ حَاجَتِيْ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ اس کے بعد اپنی حاجت بیان کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت جلد پوری ہوگی۔

دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے

(از: قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی)

واسطے ضرر دشمن کے یہ دعا ہے۔ بغیر درود شریف پڑھے اس دعا کو بعد نماز صبح سات مرتبہ پڑھے اور اس میں دشمن کا اس طرح تصور کرے کہ دشمن گویا میرے پاؤں کے نیچے ذلیل ہو رہا ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ لِيْ اَعْدَائِيْ كَمَا سَخَّرْتَ الرِّيْحَ لِسُلَيْمٰنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَيِّنْهُمْ لِيْ كَمَا لَيَّنْتَ الْحَدِيْدَ لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذَلِّلْهُمْ لِيْ كَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَقَهِّرْهُمْ لِيْ كَمَا قَهَّرْتَ اَبَا جَهْلٍ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ

برائے دفع بخار جاڑا

(از حضرت قاری محمد اسحٰق صاحب میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ)

اگر جاڑا بخار دورہ سے آتا ہو تو تین پیپل کے پتوں پر یہ آیت شریفہ لکھ کر بخار آنے کے وقت سے تین گھنٹہ پہلے ایک پتہ چٹا دے اور ایک ایک گھنٹہ کے بعد دونوں پتوں کو بھی چٹا دے وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا۔

روزانہ کے بخار سے نجات کیلئے

اگر روزانہ وقت مقررہ پر بخار آتا ہو تو پان کے پتہ پر یہ آیت لکھ کر بلا کتھے چونے کے بخار آنے سے ایک گھنٹہ پہلے مریض کو وہ پان کا پتہ کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہوگا۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۙ

بچہ کا رونا بند کرنا

جو بچہ بات بات پر روتا ہے اور چپ نہیں رہتا اس کے لئے یہ کلمات باوضو لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دے، کوئی دیو پری بچہ کو نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور اس بچہ کا رونا انشاء اللہ تعالیٰ بند ہو جائے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ الْعِقَارِ وَمِنْ شَرِّ حَرْقِ النَّارِ۔

مرض معلوم کرنا

ڈورا (دھاگہ) برابر مریض کے قد کے برابر اکیس ۲۱ تار صحیح طور سے ناپ کر اوّل پیمائش کرلے اس کے بعد سورۂ فلق تین ۳ مرتبہ اور سورۂ مزمل تین ۳ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اس کے بعد دوبارہ پیمائش کرے اور اگر پیمائش سے زیادہ ہو تو سحر اور اگر پیمائش سے کم ہو تو خلل آسیب ہے اور اگر برابر ناپ رہے تو مرض سمجھے۔

برائے حُبّ

مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر سو رہے۔ تین ۳۰۰ سو بار انشاء اللہ تعالیٰ محبوب آکر خود ملے گا۔

لَآ اِلٰهَ لادے اِلَّا اللّٰهُ لاکر مِلادے مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ فلاں بن فلاں کو مجھ بن قرار نہ آئے۔

موت، زندگی اور غائب کا حال معلوم کرنا

یہ آیت شریفہ لکھ کر کنویں میں ڈال دے اور کسی قدر فاصلے سے خود وہاں بیٹھ جائے اور کنویں کی طرف کان لگا کر آواز سنے۔ اگر آواز رونے کی آئے تو سمجھ لے کہ مریض زندہ نہ رہے گا۔ اور اگر آواز ہنسنے کی آئے تو سمجھ لے کہ مریض تندرست ہو جائے گا اور غائب شخص سلامتی کے ساتھ واپس آجائے گا۔ آیۃ شریفہ یہ ہے۔

يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا مَتَاعٌ ز وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِیَ دَارُ الْقَرَارِ ہ مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا ج وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى۔

مریض کا حال معلوم کرنا

اس نقش کو کاغذ کے چار ۴ پرچوں پر لکھ کر دوپٹہ زنانہ یا چادر کے چاروں کونوں میں ایک ایک نقش باندھ دے مگر پہلے اس دوپٹہ یا چادر کی پیمائش (اس چادر کو ناپ لے) کرلے اور یاد رکھے۔ پھر مریض اس چادر یا دوپٹے کو اوڑھ کر رات کو سو رہے۔ صبح کو اس کی پیمائش کرے اگر پہلی پیمائش سے ناپ اب کم ہو جائے تو خلل آسیب سمجھے اور اگر پیمائش زیادہ ہو جائے تو سحر سمجھے اور اگر پیمائش برابر ہو تو مرض سمجھے نقش یہ ہے۔

۱۵۱۱۹

دشمن پر غلبہ، دردِ سر و شکم (پیٹ) حمل محفوظ، مرد بستہ

مندرجہ ذیل نقش چھ ۶ کام کے واسطے ہے۔

اوّل۔ مقابلۂ دشمن میں غالب آنے کے واسطے، موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھا جائے۔

دوم: محبت کے واسطے، چاروں نام (محب اور اس کی والدہ کا نام، محبوب اور اس کی والدہ کا نام) لکھ کر موم جامہ کر کے داہنے بازو پر باندھا جائے۔

سوم: مقہوری دشمن (دشمن کو عذاب اور مصیبت میں مبتلا کرنے) کے لئے معہ چاروں نام کے موم جامہ کر کے بائیں بازو پر باندھا جائے۔

چہارم: دردِ سر و دردِ شکم (سر اور پیٹ کے درد) کے لئے درد کی جگہ

باندھیں۔

پنجم: اگر کسی عورت کا حمل ساقط (حمل گر جانے) ہو جانے کا اندیشہ (خطرہ) ہو یا رحم سے خون بھی جاری ہو جائے تو موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھا جائے۔

ششم: اگر مرد بستہ ہو (یعنی اس کی قوت مردمی کسی عمل سفلی کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو) تو مشک و زعفران سے با وضو لکھ کر ایک نقش بازو پر باندھے اور تین (۳) نقش تین روز نہار منہ پانی میں گھول کر پلائے جائیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

پتھری سے نجات کے لئے

یہ آیت شریفہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر سے باندھی جائے۔ جس شخص کے گردے میں پتھری ہوگی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

مندرجہ ذیل دونوں اسماء کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر سانپ کے کاٹے ہوئے پر دم کیا جائے۔ تو انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا زہر زائل ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ

خواب میں کام ہونے یا نہ ہونیکی بابت معلوم ہونا۔

یہ نقش کلمہ شریف لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر قبلہ رو (قبلہ کی طرف منہ کر کے) ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو جائے اور سونے سے پہلے ایک ہزار مرتبہ کلمہ شریف لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں کام ہونے یا نہ ہونے کا حال معلوم ہو جائے گا۔ نقش کلمہ شریف یہ ہے۔ اس کے کل عدد ۱۶۵ ہیں۔

۷۸۶

۴۴	۹۹	۲۲
۳۳	۵۵	۷۷
۸۸	۱۱	۶۶

برائے تنگیٔ معاش و رفع فاقہ کشی


بعد نماز فجر (صبح) روزانہ مع اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے درمیان میں دعائے ذیل بارہ (۱۲) مرتبہ پڑھ کر دعاء ترقی رزق کی جائے بعد حصول رزق و دفع تنگی و فاقہ کشی سات مرتبہ خواہ تین (۳) مرتبہ روزانہ بلا ناغہ پڑھتے رہیں۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا فَارِجَ الْهُمُوْمِ وَيَا كَاشِفَ الْغُمُوْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا رَحِيْمُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اللّٰهُ يَا مَالِكُ وَيَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

محبت کے لئے

مشکیں (کالے) گھوڑے کا نعل یعنی لوہے کا بنا ہوا لے کر خوب دھولے اور بعد نماز مغرب نعل پر یہ آیت شریفہ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط کندہ کرے (یعنی نعل پر کھود کر یہ آیت لکھے) بعد نماز مغرب اس نعل کو آگ میں ڈال دے اور سرخ کر لے اور چھ سو ۶۰۰ دانہ زرد سرسوں کے لے کر ہر دانہ پر ایک ایک مرتبہ یہی آیت شریفہ پڑھتا جائے اور وہ دانہ آگ میں نعل پر ڈالتا جائے۔ دوسرے روز پھر بعد نماز مغرب وہی نعل آگ میں سرخ کر کے زرد سرسوں کے سات سو دانے لے کر ہر دانے پر ایک ایک مرتبہ آیۃ شریفہ پڑھتا جائے اور نعل پر ڈالتا جائے۔ تیسرے روز اسی طرح بعد نماز مغرب آٹھ سو ۸۰۰ دانوں پر آیت شریفہ پڑھ پڑھ کر ان دانوں کو نعل پر ڈال کر جلاتا جائے، چوتھے روز نو سو ۹۰۰ دانوں پر اور پانچویں روز ایک ہزار ۱۰۰۰ دانوں پر اور چھٹے روز گیارہ سو ۱۱۰۰ دانوں پر پڑھ کر نعل پر ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب مطیع و فرمان بردار ہوگا۔

شکل نعل یہ ہے۔



ہر قسم کے بخار کے لئے

بروز یکشنبہ (اتوار) آفتاب نکلنے تک (سورج نکلنے سے پہلے پہلے) کاغذ کے دو پرچوں (ٹکڑوں) پر یہ آیت شریفہ لکھے اور ایک پرچہ پانی میں

گھول کر پلادے اور دوسرا بخار والے کے گلے میں باندھ دے وہ آیت شریفہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰهَا ط اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

شناخت اسماء جلالی و جمالی

حروف تہجی کی تین قسمیں ہیں:

(۱) اعلیٰ (۲) اوسط (۳) ادنیٰ۔

اعلیٰ: یعنی قسم اول کے حروف:

ا۱ ل۲ م۳ ص۴ د۵ ک۶ ہ۷ ی۸ ع۹ س۱۰ ح۱۱ ق۱۲ ن۱۳۔

اوسط: یعنی قسم دوم کے حروف:

ج۱ خ۲ ذ۳ ش۴ ظ۵ ف۶۔

ادنیٰ: یعنی قسم سوم کے حروف:

ب۱ ت۲ ر۳ ز۴ ض۵ غ۶ و۷۔

پس جس اسم میں پہلا حرف قسم اول کا ہو وہ اسم جلالی ہوگا اور جس اسم میں پہلا حرف ادنیٰ قسم سوم کا ہوگا وہ اسم جمالی ہوگا اور جس اسم میں پہلا حرف قسم دوم اوسط کا ہوگا وہ اسم مشترک ہوگا۔

ث ط یہ دو حروف کسی قسم میں نہیں لکھے گئے۔

بچہ کی آسانی سے ولادت کیلئے

مٹی کی کوری تشتری (مٹی کی پلیٹ جس کو پانی سے نہ دھویا گیا ہو) اس پر یہ نقش لکھ کر حاملہ کے دونوں پاؤں کے نیچے رکھ دی جائے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

(یہ نقش پندرہ کا ہے)

۷۸۶

٦	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

برائے دفع آسیب و نظرِ بد

آسیب زدہ یا نظر لگے ہوئے مریض کو یہ فلیتہ لکھ کر نئی روئی میں لپیٹ کر اس کی دھونی دی جائے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب سے نجات ملے گی اور نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ فلیتہ یہ ہے

فرعون بے عون ہامان نمرود شداد عاد ثمود ابلیس شمر
کلہم فی النار جہنم جحیم سعیر سقر لظے حطمہ ہاویہ دوزخ
فی النار کلہم بحق خالدین فیہا جہر جہار جہایر جہایرین

ھاھاھا ۱۱ ۱۱ ۱۱		ھاھاھا ۱۱ ۱۱ ۱۱

برائے جمیع امراض و تپہ دق و دمہ

ایک تازہ لکڑی ایک انگشت لمبی (انگلی کے برابر) لے کر چاقو سے اس کا چھلکا اتار دے اور چوکور مثل تختی بنا لے۔ اس تختی پر یہ آیت شریفہ مع بسم اللہ شریف اس طرح لکھے۔

(اسی طرح سیدھا گلے میں ڈالے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا ط اِنَّ
رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

پھر اس لکڑی کو اس طرح گلے میں باندھا جائے کہ بسم اللہ شریف کا رُخ کندھوں کی طرف ہو جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔

برائے حب

مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر دن کو دوپہر کے وقت آگ میں جلائے۔

۱۱۱۱۹۵۴۵۵۲۲۹ لا ۱۱۱ ۴۱۱ واسع

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں فریفتہ شدہ بیاید

اور مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر سیدھے بازو پر باندھا جائے۔

۷۸۶

اوص ۱۵۱۶۱۵ ۱۱۱۱ وک عرہ
مممم ۱۷۹۷۱۱۱۱۹۹۵۱۹۲۲ عسرہ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں بیقرار شدہ بیاید۔

ہر کام کے واسطے بیس (۲۰) کا نقش مربع

۷۸۶

۹	۸	۱	۲
۲	۱	۱۰	۷
۴	۳	٦	۷
۵	۸	۳	۴

ہرکام کے واسطے بینئ کا نقش مثلث

٧٨٦

١٠	٢	٨
٤	٧	٩
٦	١١	٣

گم شدہ چیز یا شخص کی واپسی کے لیے

یَا حَفِیظُ ایک سو انیس (119) مرتبہ پڑھے اس کے بعد ایک سو انیس (119) دفعہ یہ آیت شریفہ پڑھے۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۝

پڑھ کر گم شدہ چیز یا شخص کے مل جانے کی دعا کرے۔ مگر شرط یہ ہے کہ عدد (تعداد) میں کمی بیشی (کمی زیادتی) بالکل نہ ہونے پائے اور باوضو قبلہ رو بیٹھ کر پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

سر درد کے لئے

یہ تعویذ لکھ کر سر میں جس طرف درد ہو اسی طرف باندھا جائے انشاءاللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

حی ۹	جبر ۲
بصرہ ۵	کبر ۷
واحد ۱	باری ۶

کسی بات کا معلوم کرنا

اس نقش اَللّٰهُ الصَّمَدُ کو لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے خواب میں جو معلوم ہو اس پر عمل کرے۔ نقش کے عدد ٢٠٠ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٤٩	٥٣	٥٦	٤٢
٥٥	٤٣	٤٨	٥٤
٤٤	٥٨	٥١	٤٧
٥٢	٤٦	٤٥	٥٧

مفرور کی واپسی اور اطاعت کے لئے

اس عزیمت کو لکھ کر پلادیا جائے تو مطلوب اطاعت گزار ہوجائے گا اور اس عزیمت کو لکھ کر دوپہر کو جلا دیا جائے تو مفرور جلد آئے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

٧٨٦

٧٧٩١٤٤٨١١١ لا ١١١١٨٦٩١٨٩١١٨٧

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں زود تر بیاید و فرمانبردار شود

برائے چیچک

یہ نقش سورۂ فاتحہ کا ہے اس کو باوضو لکھ کر چیچک والے کی گردن میں باندھا جائے انشاءاللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہوگا۔ اس کے عدد (٣٤١٤٠٠) ہیں۔

٧٨٦

٨٥٣٤٩	٨٥٣٥٣	٨٥٣٥٦	٨٥٣٤٢
٨٥٣٥٥	٨٥٣٤٣	٨٥٣٤٨	٨٥٣٥٤
٨٥٣٤٤	٨٥٣٥٨	٨٥٣٥١	٨٥٣٤٧
٨٥٣٥٢	٨٥٣٤٦	٨٥٣٤٥	٨٥٣٥٧

خواب میں کسی بات کا معلوم کرنا

بدھ اور جمعرات کی درمیانی رات کو شیرینی اور خوشبو پر فاتحہ دے کر اسے بچوں میں تقسیم کر دے اور پھر چاروں قل پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ اور اسم مبارک "یَا سَلَامُ" پڑھتے پڑھتے اس طرح سوئے کہ منہ (چہرہ) قبلہ کی طرف ہو۔ خواب میں ایک بزرگ آکر دریافت طلب کا حال بتائیں گے ورنہ اگر نہ معلوم ہو تو اسی طرح دوسری رات کو عمل کرے پھر بھی نہ معلوم ہو تو تیسری رات انشاء اللہ تعالیٰ ضرور معلوم ہو جائے گا۔

برائے حُب

شیرینی یا اور کسی کھانے کی چیز پر اول و آخر درود شریف سات سات بار اور ایک ہزار ایک مرتبہ (۱۰۰۱) یَا وَدُوْدُ پڑھ کر دم کر کے کھلا دے مطلوب مطیع ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

غیبی مدد اور دشمن سے حفاظت کیلئے

دعائے ذیل چالیس۴۰ روز تک چالیس۴۰ مرتبہ پڑھے بہ نیت زکوٰۃ۔ اس کے بعد روزانہ صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھی جائے۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۝۔

عورت کے دودھ میں برکت و زیادتی

(اگلے صفحہ پر)

کوری سکوری (مٹی کی نئی پلیٹ) میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے بعد سورۂ کوثر پوری لکھی جائے اور اسی سکوری میں عورت اپنا کھانا کھائے اور پانی پیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں برکت اور زیادتی ہوگی۔

برص یا یرقان والے کا علاج

پ۳۰ سورۃ بینہ یعنی سورہ لم یکن آخر تک پڑھ کر برص یا یرقان (پیلیہ) والے مریض پر دم کرنا اور اس سورۃ کو لکھ کر مریض کے باندھنا مفید ہے۔

برص اور یرقان کے لئے

پ۳۰ سورۃ زلزال کو لوہے کے برتن پر لکھ کر دھو کر پلانا برص یا یرقان کے مریض کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

آکھ کے سات پتوں پر منگل کے روز سورۂ کوثر لکھے۔ اس کے بعد دشمنوں کے نام لکھے اور اخیر میں اجب بحق اسرافیل لکھ کر تیز آنچ (آگ) میں جلائے۔

گھر کی جن بھوت سحر وغیرہ سے حفاظت کے لئے

مندرجہ ذیل اسماء اصحاب کہف لکھ کر گھر میں دروازے کے مقابل بلندی پر لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ گھر ہر قسم کے جن بھوت، سحر سے محفوظ رہے گا۔

وہ اسماء یہ ہیں۔ (اگلے صفحہ پر)

سرجمع سرسرجمع	سرسرسرسرجمع

عارف باللہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز کا خط اور تعویذ

از بندہ رشید احمد عفی عنہ میاں ضیاء الحق صاحب سلمہ (دیوبند کے معزز، نیک اور صاحب ثروت آدمی تھے) بعد سلام مسنون مطالعہ فرمایند خط آپ کا آیا حال معلوم ہوا تعویذ ملفوف ہے اور اس کی بھی آپ کو اجازت ہے۔ اس کو دیکھ کر یاد کرلیں سب کام کے لئے اسی کو سی لکھدیا کرو مجھ کو بھی یہی آتا ہے۔

فقط والسلام وہ تعویذ یہ ہے

٥ااا ج ╪ اااا ھ ٧

تنبیہ: یہ مستقل تعویذ سریانی حروف میں ہے۔ اور یہ سریانی زبان میں اسم اعظم ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

صفر و سہ الف سا بائے بر سر
جیم کج و کوزد بانے بدو دو
چہار الف مساوی با واو معکوس
اینست اسماء اللہ اکبر

حضرت حاجی شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کا مکتوب گرامی

بنام ضیاء الحق صاحب مرحوم (دیوبند کے نیک اور صاحب ثروت)

عزیز القدر ضیاء الحق زاد عمرہ وقدرہ بعافیت باشد بعد سلام سنت

الاسلام آنکہ خط آپ کا بابت اجازت دلائل الخیرات پہنچا۔ حال یہ ہے کہ اصل اجازت اوس وقت ہوتی ہے کہ اجازت لینے والا اجازت دینے والے کے سامنے اول سے آخر تک پڑھے بعض مقامات ایسے ہیں کہ زبانی وہ موقع بتلایا جاتا ہے بہتر یہ ہے آپ یہاں آویں اور اجازت لے جاویں مگر خیر اب بھی ہیں تم کو اور سید حافظ نادر علی صاحب کو بھی اجازت پڑھنے دلائل الخیرات کی دیتا ہوں خدا برکت دے۔ عزیز من زیادہ تر نفع دین و دنیا کا اعمال نیک پر۔ سچ بولا کرو جھوٹ سے بچو۔ مسلمانوں کی تکلیف میں سعی نہ کرو۔ غیبت مت کرو۔ غضب اور غبن سے بچو۔ نماز پنجگانہ اپنے وقت پر جماعت کے ساتھ مسجد میں پڑھو۔ علماء اور فقراء کی صحبت اختیار کرو۔ اور ایسے لوگوں کی عزت اور وقار اور حمایت اور امداد کیا کرو۔ جمعیت اسلام دل میں رکھو اور خوش رہو۔ فقط الراقم عاصی محمد رفیع الدین عفی عنہ از خاص جلد السلام علیکم برسد۔

برائے ہر مقصد

یہ نقش اسم ذات لفظ "اللہ" کا ہے ترکیب اس کی یہ ہے کہ جب چہار شنبہ (بدھ) کی پہلی "تاریخ" چاند کی ہو (یعنی چاند کی پہلی تاریخ بدھ کا دن ہو) تب اس کو شروع کرے۔ اول روز ایک مرتبہ ایک نقش لکھے۔ دوسرے دن ۲ دو تعویذ لکھے تیسرے روز تین ۳ تعویذ لکھے اسی طرح روزانہ ایک عدد زیادہ بڑھاکر لکھے یہاں تک کہ چھیاسٹھ ۶۶ تک بڑھادے۔ پھر پینسٹھ ۶۵ لکھے پھر چونسٹھ ۶۴ پھر ترسیٹھ ۶۳ اسی طرح ایک کم کرتا جائے۔ جب نوبت ایک تک آجائے تو پھر ہرروز ایک مرتبہ (ایک عدد تعویذ) لکھ لیا کرے۔ اگر ہرروز دریا میں دھویا کرے ورنہ آٹھ سات روز بعد اکٹھے کرکے دریا میں دھویا کرے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

تعویذ برائے حفاظت

(عطیہ حضرت مولانا شاہ عبدالغنی مجددی دہلوی ثم المدنی رحمۃ اللہ علیہ)

باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر۔ عورت بائیں بازو پر اور بچے کے گلے میں ڈالا جائے

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اِنَّ وَلِيِّ َۧ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ۔

نقش برائے ہر مشکل کے حل کیلئے

(عطیہ واجازت از طرف مولانا مولوی شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ)

ترکیب اس کی یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یہ نقش لکھ کر گولیاں بنا کر دریا، نہر، سمندر، ندی میں بہادے۔ اس کا اوّل مرتبہ (پہلے نقش لکھ کر اندازہ کرلے کہ روزانہ اتنے نقش لکھ سکوں گا، اندازہ کرلے کہ اتنے روز میں یہ تعداد پورا کروں گا۔ پھر اسی کے موافق روز لکھا کرے۔ کم وبیش (یا کم زیادہ) اس سے نہ کرے۔ اوّل دن کے نقوش میں سے ایک نقش کے اوپر اَللّٰهُ الصَّمَدُ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے اور باقی بغیر اَللّٰهُ الصَّمَدُ کے دریا میں بہادے۔ دوسرے دن اس نقش کو دوسرے نقوش کے ہمراہ دریا میں بہادے۔ اور دوسرے روز کے نقوش

میں سے ایک نقش پر اَللّٰهُ الصَّمَدُ لکھ کر اپنے پاس رکھ لے۔ تیسرے دن پھر ایسا ہی کرے۔ غرض آخر تک ایسا ہی کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۸۰	۱
۱۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۱۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۸۱

"اَللّٰهُ الصَّمَدُ" نقش پر اس طرح لکھے۔

اَللّٰهُ الصَّمَدُ

۸	۱۱	۱۸۰	۱
۱۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۱۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۸۱

سند دلائل الخیرات

جناب الشیخ مولانا مرشدنا شاہ رفیع الدین رحمۃ اللہ علیہ عن الشیخ عبدالغنی عن الشیخ اسماعیل بن ادریس المدنی عن الشیخ محمد طاہر سنبل عن الشیخ الجواہری عن الشیخ عبداللہ بن سالم البصری عن السید عبدالرحمٰن المجوب عن ابیہ السید محمد بن سلیمان الجزولی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔

سند حزب الاعظم

از حضرت الشیخ مفتی عزیز الرحمٰن عثمانی عن الشیخ حضرت مولینا رفیع الدین رحمۃ اللہ علیہ مہاجر مدنی عن الشیخ عبدالغنی عن الشیخ اسماعیل بن ادریس المدنی عن الشیخ صالح الفلانی عن الشیخ محمد بن سنۃ عن الشریف

محمد بن عبداللہ عن الشیخ عبدالقادر الطبری عن مؤلفہ مولانا علی بن سلطان محمد القاری رحمۃ اللہ علیہم اجمعین بحرمت اولیاء کرام و علماء عظام۔

بر مسکین محمد یعقوب بن مولانا قاری محمد اسحٰق رحمۃ اللہ علیہ و برادرانِ طریقت رحم کرنا۔

قوّتِ بینائی و دماغ کے لئے

چنبیلی کے تیل پر "سورۃ الدھر" کی شروع کی تین آیتیں ایک سو چالیس (۱۴۰) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور سر میں روزانہ ایک مرتبہ لگا لیا کریں۔

"سورۃ الدھر" کی ابتدائی آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا ۝ اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ۝ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝

الفت و اطاعت کیلئے

نام کے عدد نکال کر (ابجد ھوز کے حساب سے نکالیں) پھر اس کی آدھی تعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں وہ آیت یہ ہے۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

بال گرنے کو روکنے کا عمل

روغن بادام (بادام کا تیل) خالص لے کر اس پر سورۃ یٰسین شریف

ایک مرتبہ۔ سورۃ رحمٰن ایک مرتبہ چاروں قل شریف ایک ایک مرتبہ۔

(پہلا قل) سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

(دوسرا قل) سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(تیسرا قل) سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(چوتھا قل) سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

اور ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس تیل پر دم کر لے ریٹھے کے پانی سے (رات کو پانی میں ریٹھے ڈال کر رکھ دے صبح کو اس سے) سر کو دھولے پھر روغن بادام کی مالش کرے انشاءاللہ تعالیٰ بال گرنا بند ہو جائیں گے اور بال گھنے ہو جائیں گے۔

رنج و غم سے نجات کے لئے

بعد ہر نماز فرض کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے تین بار، انشاء اللہ تعالیٰ سب رنج و غم دور ہو جائے گا وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّی الْحُزْنَ وَالْهَمَّ۔

فکر و غم دور کرنے کا عمل

بعد نماز فجر اور بعد نماز عشا قبلہ کی طرف منہ کر کے دس بار اس دعا کو پڑھے۔ دعا یہ ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اور سات بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔

درود شریف جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے

حضرت مولانا و مرشدنا شاہ رفیع الدین دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ کو بلا واسطہ پہنچا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی مَنِ اسْمُهٗ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٌ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰهِ۔

نیز یہ استغفار بھی بلا واسطہ پہنچا ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ۔

درد زہ کے لئے (بچہ کی پیدائش کے لئے)

درد زہ سے نجات اور جلد ولادت کے لئے یہ تعویذ لکھ کر عورت کے ہاتھ میں دیا جائے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ (اس کی سند معلوم نہیں ہے لیکن روایت نقل کی گئی ہے کہ یہ شکل حضرت جبرئیل علیہ السلام برائے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے لائے تھے۔ اس کے پچاس عدد ہیں)

ز	ب
ھ	ط
ج	و

بچہ کی ولادت کے لئے

بچہ کی بسہولت اور جلد ولادت کے لئے باوضو ایک تعویذ لکھ کر حاملہ کو کھلا دے اور ایک لکھ کر گلے میں باندھ دے۔

خَلَقَ الْمُنْفَسَ مِنَ النَّفْسِ خَلَقَهَا وَالَّتِیْ مَا فِیْ بَطْنِهَا۔

برائے ولادت

مندرجہ ذیل تعویذ کو بچے کی پیدائش کیلئے حاملہ کی بائیں ران میں باندھ دے۔ بچہ کے پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر نکل آئیں گی۔

تعویذ یہ ہے۔

ما حنینو

ختم شریف قادریہ، نقشبندیہ

اوّل ختم بعد نماز عصر قبل مغرب پڑھا جائے۔

حضرت قطب الاقطاب محبوب سبحانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ شروع کریں اوّل سو مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر پانچ سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھیں اس کے بعد ایک سو بار درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب روح پر فتوح حضرت غوث الاقطاب محبوب سبحانی رحمۃ اللہ علیہ کو بخشیں۔

اس کے بعد ختم حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ پڑھیں۔

اوّل ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد پانچ سو مرتبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

اس کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس کا ثواب روح پر فتوح حضرت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ کو بخشیں۔

اس کے بعد دعا بتوسل حضرات پیران عظام کی جائے اور امید فیضان کی جائے۔

اس کے بعد ختم سید الطریقت خواجہ بہاء الدین نقشبندیہ رحمۃ اللہ علیہ کیا جائے اوّل ایک سو بار درود شریف پڑھا جائے۔ اس کے بعد پانچ سو بار پڑھا جائے۔

یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ۔

اس کے بعد ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھا جائے اور اس کا ثواب روح پر فتوح حضرت سید الطریقت خواجہ نقشبند رحمۃ اللہ علیہ کو

اس کے بعد ایک سو بار پڑھا جائے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

اس کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھا جائے۔

یَا غَفَّارُ یَا کَرِیْمُ

اس کے بعد ایک سو بار یہ پڑھا جائے۔

یَا سَتَّارُ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

اس کے بعد یہ چند اسماء از اسماء حسنیٰ جو حصولِ ترقی و درجات دینی و دنیاوی اور مقاصد کے حصول سے مناسبت رکھتے ہیں پڑھے جاویں اور روزانہ بلاناغہ ان کا ورد جاری رکھا جائے۔

ہر روز اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درمیان میں پہلے ایک سو بار یَا فَتَّاحُ اور ایک سو بار یَا وَھَّابُ۔

اور ایک سو بار یَا رَزَّاقُ اور ایک سو بار یَا مُعِزُّ

اور ایک سو بار یَا رَافِعُ اور ایک سو بار یَا سَلَامُ

یہ عمل ہر رات کو پڑھے یا دن کے وقت جب فرصت میسّر ہو پورا کرلے البتہ کسی ہنگامی حالت یا زیادہ مصروفیت یا سفر کی وجہ سے ناغہ ہو جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

دشمنوں اور ہر بلا سے حفاظت

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے اور ہر بلا و مصیبت سے بچاؤ کے لئے روزانہ اول و آخر درود شریف پانچ بار۔ اور درمیان میں گیارہ بار لایلاف قریش ایک سو بار بعد نماز فجر اور ایک سو بار نماز مغرب کے بعد پڑھے۔

سورۃ لایلاف قریش یہ ہے

سُوْرَۃُ الْقُرَیْش مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

موذی جانور، سانپ، جن، آسیب سے حفاظت کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات ایک ہزار ایک سو اکیس (۱۱۲۱) مرتبہ صبح کی نماز کے بعد روزانہ پڑھنا مکان کو روشن کرتا ہے اور جس مکان میں پڑھا جائے کوئی موذی جانور مثلاً سانپ، جن، آسیب وہاں نہیں ٹھہر سکتا یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا نُوْرُ

لڑکی کے رشتہ کے لئے

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ بعد نماز عشاء گیارہ روز تک اس طرح پڑھے کہ جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے۔ پھر دیکھے پردۂ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ وہ لفظ یہ ہے

یَا مُعْطِیُ

ذہن کھلنے کے لئے

سات مرتبہ سورہ اَلَمْ نَشْرَح مکمل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ

پڑھے اور سات مرتبہ کشمش پر دم کرے اور سات دانہ روزانہ نہار منہ کھائے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

برائے حب

محبت میں کامیابی کے لئے باوضو بلا شرط لاتعداد پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهَا (عورت کے لئے) اور مرد کے لئے (شوہر۔ باپ۔ بھائی وغیرہ) قَلْبَهٗ اِلَیَّ۔

نسخہ جوارش جالینوس

(از مولوی حکیم جمیل الدین صاحبؒ (از بیاض کہنہ از تلامذہ شاہ عبدالعزیز صاحبؒ)

سنبل الطیب۔ قاقلہ سلیخہ۔ دارچینی۔ خولنجان۔ قرنفل سعد۔ زنجبیل فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ قسط بحری۔ عود بلسان۔ اسارون۔ تخم مورد۔ قصب الزریرہ، زعفران، ہر دوا دو۲ درم (۲دو تولہ) مصطگی پانچ۵ درم (پانچ تولہ) شکر سفید تمام چیزوں (دواؤں) کے وزن کے برابر۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر چھان کر دوگنا شہد ملا دیں۔

مقدار خوراک ۲دو مثقال تا ۳تین مثقال۔ کھانے سے قبل اور کھانے کے بعد کھائی جائے۔

مُقَوّی دماغ

(از حکیم مظفر حسین خاں صاحبؒ مرحوم)

سات عدد مغز بادام رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کا چھلکا دور کرکے


چند کسیرو کے ساتھ ملا کر پیس لیں اور شکر سفید ملا کر نہار منہ پی لیں۔
اگر کسیرو نہ مل سکیں تو زہر مہرہ کے ساتھ ملا کر پیس لیں اور سفید شکر میں حل کر کے پی لیں۔

نسخہ برائے درد گردہ

ھو الشافی

خربوزہ کے چھلکے پانی میں ابال کر پلائے جائیں انشاء اللہ بہتری اور درد گردہ کے لئے مفید و نافع ہے۔ اسی کی چائے بھی بہت فائدہ مند ہے۔

مطلوب کو بلانے کے لئے



مندرجہ بالا طلسم مطلوب اور ان کی والدہ کا نام اور طالب اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر یہ نقش زمین میں دفن کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب ضرور حاضر ہوگا۔

مطلوب کو بلانے اور محبت و دوستی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو زعفران سے لکھ کر کسی شربت میں گھول کر مطلوب کو پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوگا اور محبت والفت سے پیش آئے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

برائے تندرستی و جن بھوت سے حفاظت کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھا جائے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ تکلیف دور ہوگی اور جنات و انسان کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔ ہر ضرورت پوری ہوگی اور صحت حاصل ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

برائے ترقی مال و جاہ و حفاظت از خوف دشمن

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد کے دائیں بازو پر باندھے اور عورت کے بائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے مال اور عزت و آبرو میں اضافہ ہوگا۔ دل کو سکون حاصل ہوگا۔ خوف سے دل مطمئن ہوگا اور دشمن کا ڈر خوف دل سے نکل جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برائے ترقی مال و بھائی بہن او اولاد میں محبت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت بائیں بازو یا گلے میں ڈالے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالےٰ بھائیوں، بہنوں اور اولاد و رشتہ داروں میں محبت بڑھے گی۔ مال میں زیادتی ہوگی اور ہر طرح امن وسکون حاصل ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶

مُراد پوری ہونے اور مقصد میں کامیابی کے لئے

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ مراد پوری ہوگی۔ حاجت برآئے گی۔ مقصد حاصل ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

برائے فراموشی وجدائی

(اگلے صفحہ پر)

اگر کسی دو افراد میں ناجائز محبت ہے اور اس کو ختم کرنا مقصود ہے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر اور نیچے دونوں کا نام اور ان کی والدہ کا نام ہر ایک کے ساتھ لکھ کر محبوب کے گھر میں دفن کردے یا کسی ایک کے گھر میں دفن کردے انشاء اللہ تعالیٰ جدائی ہوجائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۷	۹	۴
۱	۱۲	۶	۱۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱۱	۲	۱۶	۵

برائے اسقاطِ حمل (حمل گرنے سے محفوظ رہے)

سورۃ لایلاف قریش (آخر تک)

سُوْرَۃُ الْقُرَیْشِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اِلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

کلاوہ (کچے سوت کے گیارہ ۱۱ تار) پر اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر سات گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اول و آخر اَللّٰہُ شَافِیْ اَللّٰہُ کَافِیْ کہے اور سورۃ لایلاف قریش (آخر تک)

سُوْرَۃُ الْقُرَیْشِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اِلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

تین بار پڑھے اور ایک گرہ لگادے اس طرح سات گرہ لگیں گی انشاءاللہ تعالیٰ عورت کا حمل قائم رہے گا۔

برائے خاتمہ لڑائی اور بیماری سے نجات کیلئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے۔ اس کے باندھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کی دشمنی ختم ہو جائے گی اور ہر قسم کی بیماری سے مکمل صحت حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

ہر کام کے لیے مجرّب نقش

(بیبزح کا نقش مثلث)

بیبزح کا یہ مثلث نقش مقصد میں کامیابی، روزی میں برکت، ہر بیماری سے نجات اور ہر ضرورت پوری ہونے کے لئے مجرب ہے اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھیں انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

برائے روشنی چشم (آنکھ کی بینائی کے لئے)

اول و آخر درود شریف ایک ایک مرتبہ اور دس بار بعد ہر فرض نماز کے یہ آیت پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بینائی بحال ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

بچّہ کا سانس کے مرض سے نجات کیلئے

ایک نیا سرکنڈہ لے یا نئی سینک لے اول اَللّٰهُ شَافِی اَللّٰهُ كَافِی پڑھے اور اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ لایلاف قریش

سُوْرَةُ الْقُرَيْشِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

پڑھے اور سینک کو تین انگل چاقو سے کاٹ لے اس کے بعد اسی طرح پڑھتا جائے اور سینک کاٹتا جائے یہاں تک کہ سینک پوری ختم ہو جائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض بچہ صحت یاب ہو جائے گا۔

ترکیب تیاری نقش مربع

جملہ اعداد میں سے اکیس اعداد دور کر کے بقیہ کو تیرہویں خانہ میں بھر دیں (پُر کریں) اور ایک عدد بڑھاتے جائیں یہاں تک کہ سولہواں خانہ

آجائے۔

یا جملہ اعداد میں سے اکیس عدد دور کریں اور آدھے اعداد میں سے آٹھ عدد دور کریں بقیہ کو نویں خانہ سے پر کریں اور ایک ایک عدد بڑھاتے جائیں۔ یہاں تک کہ سولہویں خانہ تک پہنچ جائیں۔

دوسری ترکیب تیاری نقش مربع (از بیاض دیگر)

کل اعداد میں سے تیس (۳۰) نفی کر (گھٹا) لو۔ بقیہ اعداد کو چار (۴) پر تقسیم کرو۔ اگر ایک عدد بچے تو تیرھویں خانہ سے۔ دو عدد بچیں تو نویں خانہ سے اور تین عدد بچیں تو پانچویں خانہ سے ایک عدد زائد کریں۔ اور سب کا میزان کر کے دیکھ لیں کہ ہر چار خانے کا میزان برابر ہے یا نہیں۔

ترکیب تیاری نقش مثلث (از بیاض دیگر)

کل اعداد میں سے بارہ نفی کر کے تین سے تقسیم کرو۔ اگر ایک باقی رہے تو ساتویں خانہ سے ایک زائد کرو اور اگر دو باقی بچیں تو چوتھے خانہ سے ایک عدد زائد کر لو۔ اور میزان کر کے دیکھ لو کہ سب کا میزان برابر ہے یا نہیں۔

عملیات وتعویذات

از

بیاض خاص قلمی

برائے حفاظت جن، بھوت چڑیل

نقش ذیل برائے حفاظت از جن، بھوت اور چڑیل وغیرہ بہت مفید اور کار آمد ہے۔ یہ نقش سورۃ مزمل (پ۲۹) کا ہے۔ کیسا ہی اثر شدید جن و پری، آسیب وغیرہ کا ہو، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے فوراً جاتا رہتا ہے۔

نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کپڑے میں سی کر بازو پر باندھے یا گلے میں لٹکائے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۲۶۰۸	۲۲۶۱۱	۲۲۶۱۴	۲۲۶۰۱
۲۲۶۱۳	۲۲۶۰۲	۲۲۶۰۷	۲۲۶۱۲
۲۲۶۰۳	۲۲۶۱۶	۲۲۶۰۹	۲۲۶۰۶
۲۲۶۱۰	۲۲۶۰۵	۲۲۶۰۴	۲۲۶۱۵

جادو، سحر اور نظر سے نجات کے لئے

نقش ذیل سحر، جادو اور نظر سے صحت کے لئے بہت مفید ہے صبح و شام سفید چینی کی رکابی (پلیٹ بغیر پھول والی سادہ) پر لکھ کر پانی

سے دھو کر مریض کو پلائے اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عمدہ کپڑے میں سی کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر اگر عورت ہو تو گلے میں اور مرد کے بازو پہ باندھیں ۔ تعویذ یہ ہے :

۷۸۶

۲۱۱۳۴	۲۱۱۴۷	۲۱۱۴۴	۲۱۱۴۱
۲۱۱۴۵	۲۱۱۴۰	۲۱۱۳۵	۲۱۱۴۶
۲۱۱۳۹	۲۱۱۴۲	۲۱۱۴۹	۲۱۱۳۶
۲۱۱۴۸	۲۱۱۳۷	۲۱۱۳۸	۲۱۱۴۳

ہر بلا اور خواب میں ڈرنے سے نجات

نقش ذیل آیۃ الکرسی کا ہے ۔ خواب میں ڈرنے یا ڈراونے خواب سے حفاظت کے لئے اور ہر قسم کی آفت اور ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہنے کے لئے بہت مفید ہے ۔ جملہ آسیب و جادو سے بچنے کے لئے بہت مجرب ہے ۔ نقش کو موم جامہ کر کے پاک کپڑے میں سی کر عورت کے گلے میں ڈالے اور مرد اور بچہ کے بازو پر باندھے ۔ نقش آیۃ الکرسی مندرجہ ذیل ہے :

۷۸۶

۳۵۰۸	۳۵۲۱	۳۵۱۸	۳۵۱۵
۳۵۱۹	۳۵۱۴	۳۵۰۹	۳۵۲۰
۳۵۱۳	۳۵۱۶	۳۵۲۳	۳۵۱۰
۳۵۲۲	۳۵۱۱	۳۵۱۲	۳۵۱۷

استحاضہ کی بیماری کا عمل

یہ عمل عورتوں کی بیماری استحاضہ کے لئے ہے ۔ کوئی دشمن جادو کر کے خون جاری کر دے اور خون حیض جاری ہو جائے کہ اس کی رکاوٹ نہ ہو سکے (اس بیماری کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں) اور بعض عورت کو خلل آسیب ناپاک سے ہوتا ہے اور بعض عورتوں کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس کا بند نہیں ہوتا ۔ اکثر عورتیں اس میں مرجاتی ہیں ۔

یہ نقش صبح و شام پانی میں دھو کر کوئی دوسری عورت پلائے اور ایک نقش موم جامہ کر کے سُرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف پر قائم رہے ۔

بدھ کے دن عطارد کی ساعت میں سانس روک کر ، چاہے پینے کے نقش لکھے یا باندھنے کے لکھے ۔

اگر جادو آسیب کا خلل ہو تو علاج یہی کرے لیکن ایک نقش فلیتہ میں بھی جلائے اور دوسرے کی دھونی دے اس طرح کہ نقش جلا کر تمام بدن میں دھونی دے ۔ فلیتہ ہاتھ میں روشن کرے ۔

تعویذ یہ ہے

۷۸۶

۳۰۴	۲۹۹	۳۰۰
۲۹۷	۳۰۱	۳۰۵
۳۰۲	۳۰۳	۲۹۸

اور نقش کمر میں باندھنے کا یہ ہے (اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

	عطرائیل	٧٨٦	اسرافیل	
بحق یا قابض خون آمدن	٣٠٤	٢٩٩	٣٠٠	بنت فلاں بند شود۔
من قبضک یا قابض	٢٩٧	٣٠١	٣٠٥	بستم بستم
	٣٠٢	٣٠٣	٢٩٨	
	جبرائیل		عطفائیل	

(دائیں جانب عمودی: قبض قبضک یا قابض) (بائیں جانب عمودی: یا قابض قبض)

یہ نقش سانس بند کر کے لکھے یعنی لکھتے وقت سانس روک لے ۔

دشمن کو خراب کرنے اور ذلت پہنچانے کیلئے


اس عمل کو کرنے سے قبل کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرے اور ناحق کسی پر عمل کرے گا تو سخت گنہگار اور عذاب میں گرفتار ہو گا لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے ۔ حتی الوسع صبر و ضبط سے کام لے

یہ نقش طلسم دشمن کو خراب کرنے اور ذلت پہنچانے کے لئے ہے ۔

مریخ یا زحل کی گھڑی میں لکھے اور دشمن کے بائیں پاؤں کے نیچے کی خاک نقش پر ڈال کر ہر روز گھڑی گھڑی میں تنتیس ٣٣ ضرب جوتے کے یا بے تعداد دشمن کا نام لے کر اس نقش پر مارتا رہے ، ایک ہفتہ میں یا دو ہفتہ میں ظاہر ہو جائے گا ۔ یہ عمل چاند کے اخیر مہینہ میں کرے بہت آزمایا ہوا ہے ۔

دونوں طرف برابر اور دونوں طرف حوت کی شکل کا خط ہے ، برابر رہے نقش کی شکل یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)



گنڈہ واسطے بند ہونے خون حیض کے قیام حمل کے لئے

جس حاملہ عورت کا حمل گر جاتا ہو تو اس کا گنڈہ اس طرح بنائے کہ ایک تار سوت سُرخ رنگ کا بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی کے بال جمنے کی جگہ تک ناپ کر سات تار (سات دھاگے سرخ) ملا کر ایک ڈورہ بنائے اور ایک ایک گرہ پر ایک بار حصار سلیمانی پڑھ کر دم کرے اور تین تین بار چاروں قل (قل یا ایھا الکافرون آخر تک ۔ قل ھو اللہ احد، آخر تک ، قل اعوذ برب الفلق آخر تک ، قل اعوذ برب الناس آخر تک) اور ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کرے اور سات گرہ کا گنڈہ بنائے اور کمر میں باندھے ۔ حصار سلیمانی معظم و مکرم یہ ہے :

عَقَدْ تُمْ عَقَدْ تُمْ عَقَدْ تُمْ اُقْرُوْشِ اُقْرُوْشِ اُقْرُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَقَائِلُ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْنَا جَلَسْتَكِ بِقَبُوْدِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بِنْ دَاوٗدَ اے بلا بند شو یا نصد آہنی گرفتار شو۔

چاروں قل یہ ہیں :

سُوْرَةُ الکافِرُوْنَ مَکِّیَّة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ
اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

سُوْرَةُ الاِخْلَاصِ مَکِّیَّة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝
وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَةُ الفَلَقِ مَکِّیَّة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَةُ النَّاسِ مَکِّیَّة

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ
النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

بچوں کے اُمّ الصّبیان کے لئے

بچوں کے اُمّ الصبیان کے دفعیہ کے واسطے بہت مجرّب ہے اور اگر بچہ کو قے و دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہوجاتی ہیں اور بچہ قویّ الجثہ (مضبوط جسم کا مالک) بن جاتا ہے کچّی گھانی (کولھو) کا پاؤ سیر (ایک پاؤ) تیل تلوں کے نکلوائے (وزن میں پورا ایک پاؤ تیل ہو اتنے تل لے کہ ایک پاؤ تیل نکل آئے) اس تیل پر اکیس ۲۱ مرتبہ یہ دعاء پڑھ کر وہ تیل بچہ کے سر پر اور اس کے تمام بدن پر اکیس ۲۱ دن تک مالش کرے اور یہی دعائیں تین ۳ مرتبہ زور کی آواز سے دونوں کانوں میں پڑھتے رہیں ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ عِیْسٰی صَفِیًّا وَّمُوْسٰی نَجِیًّا
وَّمُحَمَّدًا نَّبِیًّا اِرْتَفِعْ اَیُّهَا الْغِیْلُ بِالَّذِیْ رَفَعَ اِدْرِیْسَ
مَکَانًا عَلِیًّا وَّبِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا
اَوْ کَرْهًا ۔ قَالَتَآ اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔
فَسَیَکْفِیْکَهُمُ اللّٰہُ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اُمّ الصِّبیان کے واسطے اکسیر

یہ گنڈہ بچوں کی ام الصبیان کی بیماری کے لئے اکسیر ہے ۔ اونٹ کی دم کے بالوں کا ایک گنڈہ بنائے اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمّل پڑھ کر پھونکے اور بچہ کے گلے میں ڈالے تو انشاءاللّٰہ

بچہ فوراً مرض سے صحت یاب ہو جائے۔

سورۂ مزمل شریف یہ ہے:

سُوْرَۃُ الْمُزَّمِّلِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ
اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ
تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ
الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ
سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝
رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝
وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ
وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ
اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝
يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا
مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا شَاهِدًا عَلَيْكُمْ
كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ
فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ
يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ
كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ
اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ
اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ

الَّذِيْنَ مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ
اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ
الْقُرْاٰنِ ۭ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ
يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ
يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ڮ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا
حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ
اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

مرگی کے لئے مفید

مرگی بچوں اور بڑوں کے دفعیہ کے لئے ازحد مفید ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ بالکل سفید یا بالکل سیاہ رنگ کے مرغ کو ذبح کرنے کے بعد زعفران سے یہ آیت شریف لکھے اور گلے میں لٹکائے اور اس مرغ کا گوشت پکا کر حضرت غوث اعظم شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی رح کے ایصالِ ثواب کی نیت سے نیک، صالح اور پرہیزگار نمازیوں کو تقسیم کر دے یا انہیں کھلا دے۔ آیت یہ ہے:

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

ڈبہ کے مرض سے نجات کے لئے

ڈبہ کی صحت یابی کے لئے یہ جھاڑا نہایت مجرب ہے۔ ہفتہ، اتوار

یا منگل کے تین روز تک روزانہ بچے کو لٹا کر تین مرتبہ پڑھے اور بچہ کے منہ پر دم کرے اور تین ہی مرتبہ ایک کپڑا یا رومال سے تمام جسم پر پھیر کر ماتھے (پیشانی) سے جھٹکا دے۔ منتر یہ ہے:

عالم چند پلٹیا منہ ماتھے تھرائیے۔ ڈبہ ڈبی کا نئے ٹسر بھری چنگا کرے خدائے بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

بچہ کی پسلی کے لئے

بچہ کی پسلی چلے اور پیٹ میں پسلی کے نیچے گڑھا پڑے، سانس جلدی جلدی آئے تو سرکنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل لمبا لیا جائے اور پسلی کی طرف سے نیچے کو جھاڑے اور جھاڑتے وقت یہ جھاڑ سات مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد سرکنڈہ کو ناپے جتنا بڑھ گیا ہو چاقو سے کاٹے اور پھر پڑھے اور جھاڑے اور ناپے۔ غرضیکہ جب تک بڑھے کاٹتا رہے۔ خدا کے فضل سے آرام ہو جائے گا۔ جھاڑ یہ ہے:

نو انگل کا سرکنڈہ کا لوں دس انگل ہو جائے ڈبہ جھاڑوں پانی پت کو جائے۔ بحق حضرت شاہ نور قطب عالم

بچہ کا بہت رونا

جو بچہ زیادہ روتا ہو یہ کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَبِحَقِّ اَيُّوْبَ وَ

يُوْنُسَ وَهَارُوْنَ وَسُلَيْمَانَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا بِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور غصہ کرنے کے لئے

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے اور رونے اور غصہ ہونے کو دور کرنے کے واسطے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل سے بچے الحمد للہ صحیح رہتے ہیں۔

لوہے کی چھری پر درج ذیل کلمات لکھے اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالے اور وہ بجھا ہوا پانی بچہ کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ خوش و خرم رہے گا۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

حَقٌّ حَقٌّ بَارٌ حَسِيْبٌ حَكِيْمٌ مُعِيْدٌ حَفِيْظٌ حَلِيْمٌ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا

بچے کے چلانے اور ہر وقت چیخنے کو روکنا

بچہ چلانے سے ایک گھڑی خاموش نہ رہے تو یہ حروف کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے بفضلہ تعالیٰ صحت پا کر سب طرح سے اچھا رہے۔ حروف یہ ہیں اسی طرح لکھے:

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
هي	هي	هي	هي	هي	هي	هي

دودھ نہ پینے والے بچّے کے لئے

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں ان کے لئے نہایت مجرب علاج یہ تعویذ ہے۔ یہ تعویذ روزانہ سات دن تک کاغذ پر لکھ کر اس کے حروف پانی سے دھوکر ذرا سا بچے کو اور اس کی ماں کو پلایا جائے۔ تھوڑے پانی سے چھاتی (پستان) ماں کی دھویا کریں پانی دھونے کا برتن میں نہ گرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد دودھ پینے لگے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

معرفت	عطا
ضامن	لسوء
یاحی	یاقیوم

لاغری اور دبلاپن کا علاج

جو لڑکا یا لڑکی دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہے۔ اس کے موٹے (فربہ) ہونے کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے انشاءاللہ تعالیٰ اس سے بچہ صحت مند اور موٹا ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے: مکھن (مسکہ) گائے کے دودھ سے نکالا ہوا (دہی جما کر جو مکھن نکالا جاتا ہے اس طرح نکالے) آدھ پاؤ لے کر کانسی کی تھالی میں ڈالے اور ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ سورہ لایلاف قریش (پ۳۰) پوری طرح پڑھ کر پانی ڈالے اور ہاتھ سے پانی اور مکھن چلائے پھر اس میں سے پانی نکال

(نتھار) دے۔ پھر اس مکھن کو کسی دوسرے برتن میں رکھ لے۔ اور یہ مکھن چالیس دن تک بچہ کے بدن پر اس طرح ملے کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دیا کرے۔ جاڑے کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائیں روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

سورہ لایلاف یہ ہے:

سُوْرَةُ الْقُرَيْشِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ
وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

بچّے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کے لئے

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کے لئے یہ بھی مجربات میں سے ہے۔ اکیس (۲۱) پتے درخت بیری لے کر پہلے درود شریف گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھ کر سورۂ الھٰکم التکاثر (پ۳۰) پوری اور الم تر کیف فعل ربک (پ۳۰) پوری، پھر لایلف قریش (پ۳۰) پوری، پھر انا اعطینٰک الکوثر (پ۳۰) پوری ایک ایک مرتبہ اور پھر چاروں قل تین تین مرتبہ، الحمد شریف (سورہ فاتحہ) پوری ایک مرتبہ اور آیۃ الکرسی (پ۳) ایک بار پڑھے اور گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے اور ان بیری کے پتوں پر دم کرے اگر پتے ہرے (تازہ) ہوں تو ان کو پیس کر چالیس گولی بنا کر رکھ لے اور اگر پتے خشک (سوکھے) ہوں تو ذرا سا پانی ملا کر پیس کر گولی بنالے۔ پھر ایک کورا مٹکا (نیا گھڑا) مٹی کا

لے کراس میں کنویں (ٹیوب ویل یا برمے کا پانی لے) کا پانی بھر ب اور چولھے
پر رکھ کر وہ پانی گرم کرے اور اس میں ایک گولی پتوں کی ڈال کر ملالے،
بچہ کی ماں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اس پانی سے ماں بیٹے غسل کریں، ہر
روز چالیس روز تک اسی طرح پانی کنویں کا لے کر گرم کیا جائے، اس پانی میں
گولی حل کر کے ماں اور بچہ نہایا کریں۔

درود ابراھیمی یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۝ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ كَلَّا سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ
عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۝
ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ
كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝
تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا
رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ
مِّنْ خَوْفٍ ۝

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ اِنَّ شَانِئَكَ
هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ
عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا
وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ
حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ
النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ؏

آیۃ الکرسی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ ۝

نظر کی شناخت

نظر کا علاج اور پہچان کہ آیا مریض کو نظر لگی ہے یا کوئی بیماری پیدا ہوئی ہے۔ ایک انڈہ مرغی کا لیکر اُس پر یہ کلمات سات جگہ لکھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا مَدَحَ قَرَعَ۔

اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر اس کے نیچے سبز دھنیہ کا سر خشک کئے ہوئے کی دھونی آگ جلا کر دیں اور دھونی دیتے وقت قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کی پوری سورت پڑھتے رہیں جب تک وہ انڈہ ہتھیلی پر خود بخود نہ کھڑا ہو جائے۔ انڈہ جب از خود کھڑا ہو جائے تو پھر اس انڈے کو

توڑ دیں، اس کے اندر سے خون کے سُرخ نقطے نظر آئیں تو جان لیں کہ نظر لگی ہے اسی انڈہ کی زردی میں سے تھوڑی سی لے کر نظر لگے ہوئے کے ماتھے (پیشانی) پر مالش کریں، اسی وقت اچھا ہو جائیگا۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ؏

نظر لگے ہوئے انسان یا جانور کے لئے

سورۃ والعصر (پ ۳۰) اور لایلاف (پ ۳۰) اور قل اعوذ برب الفلق (پ ۳۰) کاغذ پر لکھ کر نظر لگے ہوئے انسان یا جانور وغیرہ کے سر پر موم جامہ کر کے باندھ دیں۔ نظر کا اثر انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ختم ہوگا۔

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ؏

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا
رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِىْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ
وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ؏

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

کھانے کی نظر دور کرنا

جس کھانے پر نظر لگی ہو اور وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہوتا ہو یا اس کے کھانے کو دل نہ چاہے تو یہ کلمات پڑھ کر اس کھانے پر دم کردیں انشاء اللہ تعالیٰ کھانے سے نظر کا اثر فوراً دور ہو جائے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○

نظر سے حفاظت کے لئے

بچہ کے گلے میں اس حرز کو لکھ کر ڈالدیں بچہ نظر سے محفوظ ہو جائیگا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ حرز یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَآمَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّآمَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ ○

جانور کی نظر دور کرنا

کسی جانور پر نظر کا اثر ہو تو چار مرتبہ داہنی طرف کے ناک کے سوراخ (نتھنے) میں اور تین مرتبہ بائیں طرف کے ناک کے سوراخ میں پھونکے۔ پہلے یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا ۔ اور ناک کے سوراخ میں پھونک مارے، اس کے بعد یہ کلمات کہے: قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ اور ناک کے سوراخ میں پھونک مارے۔ پھر یہ کلمات پڑھے: لَا بَأْسَ اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اِشْفِهٖ وَاَنْتَ الشَّافِىْ لَا يَكْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ ۔

کسی بیمار کے انجام کی بابت معلوم کرنا کہ اچھا ہوگا یا نہ ہوگا

کسی بیمار کی یہ حالت معلوم کرنا کہ یہ جلدی اچھا ہو جائے گا یا دیر سے آرام ہوگا یا مریض مرجائے گا۔

آیاتِ ذیل کو ایک کاغذ پر لکھے اور ایک طشت (تھال) میں پانی بھرے اور اس میں وہ آیتیں لکھا ہوا کاغذ ڈالے۔ اگر کاغذ اوپر تیرتا رہے تو سمجھنا چاہیے کہ بہت جلدی سے اچھا ہو جائے گا اور اگر وہ کاغذ درمیان پانی کے رہے تو جاننا چاہیے کہ دیر میں صحت پائے گا اور اگر وہ کاغذ درمیان پانی کی تہہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لیا جائے کہ یہ اچھا نہ ہوگا اس کی موت کے دن قریب آگئے ہیں۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۚ
مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ
وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۚ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ
رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ ۔
مِنْ رَّبِّهِمْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

مریض کے مرض کا انجام معلوم کرنا

اختراع امام محمد ابو حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ و مجرب حکمائے نامدار

مرغی کے انڈہ پر یہ دعا لکھے اور مریض کے سر کے پاس لے جا کر اس کو توڑے اگر اس میں سے خون نکلے تو مریض کی بیماری زیادہ دن تک رہے گی اور اگر اس خون میں سیاہی بھی ہو تو بیمار جلد مر جائے گا اور انڈہ کی زردی و سفیدی میں فرق نہ آیا ہو حالتِ اصلی پر ہو تو بیمار بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔ دعا انڈہ پر لکھنے کی یہ ہے:

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِيْ
مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ
نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ
اَللّٰهُمَّ يَارَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاَعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ فِيْ هٰذِهِ
الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ؕ

ہر مرض اور بلا سے نجات کے لئے

مجرب المجرب حکیم مولوی سید حاجی محمد بدر الحسن صاحب سہسوانی رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص ہر سال شروع ماہ محرم میں یکم، دوم، سوم تاریخ (پہلی، دوسری اور تیسری تاریخ) کو رات میں تہجد کے وقت دو ۲ رکعت نماز پڑھے۔

پہلی رکعت میں الحمد (سورۂ فاتحہ) کے بعد قل ھو اللہ احد (پوری سورت) ایک سو ایک ۱۰۱ بار۔ دوسری رکعت میں بعد الحمد شریف (سورۂ فاتحہ) کے قل ھو اللہ احد ننانوے ۹۹ مرتبہ پڑھے۔ بعد ختم نماز کے سلام پھیرنے کے بعد ایک سجدہ اور کرے اس سجدہ میں اسم پاک یَا اَللّٰہُ ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے۔ جس مریض پر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلّی عطا ہو، مگر بچوں کی بیماریوں اور بلیات وغیرہ کے لئے اسم پاک یَا اَللّٰہُ کو زعفران سے گیارہ پرچہ کاغذ پر لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے اور چینی یا مٹی کے کورے برتن میں جس کو پانی نہ لگا ہو گیارہ ۱۱ بار یَا اَللّٰہُ لکھ کر پلائیں۔ اور مردوں کے لئے بعد نماز اشراق کے گیارہ پرچہ کاغذ پر گیارہ ۱۱ مرتبہ یہی اسم پاک یَا اَللّٰہُ لکھ کر پلا دیا کریں کُل امراض کو شفا ہو جائے گی۔

اور جو مرض اطبّاء، حکیم، ڈاکٹر کو سمجھ میں نہ آئے تو بعد نماز مغرب اس بیمار کے موافق (یعنی نام کے اعداد کے برابر) اسم پاک یَا اَللّٰہُ کو لکھ کر اور سر کے نیچے رکھ کر سو رہیں، بیمار کی کل کیفیت سوتے میں معلوم ہو جائے گی۔ بعد نماز اشراق ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر آنکھوں پر پھونکنے سے تا زندگی بصارت (نگاہ) کم نہیں ہوگی۔

سُورۃُ الفَاتِحۃِ مَکِیَّۃٌ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ۝ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۝ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۝

سُورۃُ الاِخۡلَاصِ مَکِیَّۃٌ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ یَلِدۡ ۝ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

گم شدہ کی خبر، بیماری کا پتہ، آسیب و جن کی نشاندہی

از : حکیم سید علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ، متوطن پلول


جنات کی حاضری، مفقود الخبر کی خبر، بیماری وجود میں ہو یا آسیبی اثر ہو بتا دیتی ہے۔ انہیں سے علاج کی کہوائیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی۔

جس روز یہ عمل کیا جائے اس روز آسمان پر ابر و غبار نہ ہو۔ جو بچہ پاؤں کے بل ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو اس کو اپنے پاس بٹھائے اور اگر وہ نہ مل سکے تو جیسا بچہ ملے لیکن اس کی عمر آٹھ سال سے زائد نہ ہو۔ پہلے اس کو نہلائے اور اچھے کپڑے پہنائے اس کے کپڑوں پر عطر لگائے اور یہ آیتیں پرچہ کاغذ پر لکھیں۔ فَکَشَفۡنَا عَنۡکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ

الۡیَوۡمَ حَدِیۡدٌ ۔ نُرِیۡۤ اِبۡرٰہِیۡمَ مَلَکُوۡتَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَلِیَکُوۡنَ مِنَ الۡمُوۡقِنِیۡنَ ۝

لکھا ہوا کاغذ بچہ کے ماتھے (پیشانی) پر ایک دھاگے سے باندھ دے اس طرح سے کہ سامنے سے پرچہ پڑھا جا سکے۔

اس کے بعد یہ نقش اتنے بڑے کاغذ پر لکھے کہ بچہ کی ہتھیلی پر رکھا رہے اور نقش کے بیچ میں گول دائرہ یعنی حلقہ بنائے اور اس میں بڑے بڑے نقطے کالی روشنائی سے بنائے ایسے کہ اس میں سیاہی چمکتی معلوم ہو۔ نقش یہ ہے :



پھر اس نقش کو لکھے پرچہ کاغذ کو بچے کی داہنی ہتھیلی پر رکھ دیا جائے اور اس بچہ سے کہا جائے کہ اپنی مٹھی بند نہ کرے اور بچہ اس نقش کو ٹکٹکی باندھے ہوئے نہایت غور سے نقطوں کی طرف دیکھتا رہے یعنی اپنی نظر ان پر سے بالکل نہ ہٹائے اور عامل صاحب تعویذ یعنی نقش ہتھیلی پر رکھتے ہی ایک مرتبہ آیۃ الکرسی خالدون تک اور یٰسین شریف شروع سے مُقۡمَحُوۡن تک پڑھ کر بچہ کے جسم پر پھونک دے اور پھر چار سو مرتبہ اَطۡلُ وُدِ پڑھے۔ یہ سب پڑھ لینے کے بعد عامل صاحب بچہ سے دریافت

کریں کہ تجھ کو نقش کے دائرہ میں کیا دکھائی دیتا ہے وہ بتلائے گا کہ ایک شکل کالی دکھلائی دیتی ہے پھر عامل بچہ سے کہلوائے گا کہ اس سے کہو کہ اپنے بھائی کو بلائے جب وہ بھی آجائے اور دو صورتیں دکھلائی دینے لگیں تو پھر بچہ سے کہلواؤ کہ دونوں میدان کی صفائی کریں، جھاڑو دیں جب جھاڑو دے چکیں تو پھر اس سے کہو کہ ایک دنبہ صحیح وسالم لائیں، جب وہ بھی لے آئیں تو پھر کہو کہ سات کرسی لاکر بچھاؤ جب وہ بھی لاکر بچھا دیں تو پھر دنبہ ذبح کرنے کو کہو، جب وہ بھی ذبح کر چکیں تو اس کا گوشت تیار کراؤ جب گوشت تیار ہو جائے تو پھر کہو کہ سات بادشاہ جنات کو لاؤ جب وہ بھی آجائیں تو ان کی تعظیم کے لئے کھڑے ہو جاؤ اور ساتوں کرسیوں پر بیٹھنے کو کہلاؤ، جب وہ بیٹھ جائیں تو عامل صاحب بھی سلام کرکے بیٹھ جائیں اور وہ گوشت کھانے کو ان بادشاہوں سے کہا جائے جب وہ کھالیں تو پھر کہلوایا جائے کہ آج کے دن جس سلطان کی باری ہے وہ موجود رہیں اور چھ دیگر سلطان تشریف لے جائیں۔ بعد میں موجودہ سلطان کی خدمت میں بچہ سے کہلوایا جائے کہ آپ کو تکلیف اس لئے دی گئی ہے کہ ہماری مقصد برآری ہو جائے۔ بس اگر کسی کے چلے جانے والے (گم شدہ) کی خبر معلوم کرانی ہو تو وہ ظاہر کر دا دیں اگر کسی بیماری کے متعلق معلوم کرنا ہے یا بیمار کی بابت دریافت کرنا ہو کہ اس بیمار کو آرام کیوں نہیں آتا یا اور کوئی خفیہ راز دریافت کرنا ہو تو ان سے کہو کہ اس کو پورا کریں۔ جو مقصد دلی ہوگا وہ ان سے پورا ہوگا۔

یہ حاضرات دن میں کی جاتے عمل کئے جانے کے بعد شیرینی کسی پاک حلوائی سے پچیس ۲۵ روپے کی منگائی ہوئی ہو جو کہ عمل کرنے سے

پہلے ہی منگوا کر رکھی گئی ہو۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے ایصالِ ثواب کی نیت سے نیک بچوں میں تقسیم کرکے ان کا دل خوش کیا جائے۔ گویا عمل ختم ہو گیا۔ موکل کو بھی رخصت کیا جائے اور اگر موکل پہلے روز حاضر نہ ہو تو دوسرا اور تیسرے دن تک عمل کیا جائے۔ ضرور بالضرور آتے ہیں۔ اگر سرخ رنگ کا مؤکل نظر آئے تو کل کام بآسانی ہو جائیں گے۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہیں ہے۔

حافظہ کی ترقی، ذہن کی تیزی، بھول سے نجات کے لئے

حضور پُرنور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام پاک "مُحَمَّد" چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس دن پئے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ اس نام کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی کر پس اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر اور باطن کو کھول دیگا اور یہ ایک نہایت عجیب راز ہے جو اس رمز کو سمجھے گا وہ اس کا مشاہدہ کرے گا

کُند ذہن اور غبی کا ذہن کھولنا

کند ذہن کے واسطے ایک ہزار مرتبہ حرف "ا" (الف) ریشمی کپڑے پر لکھ کر اس کے سینہ پر باندھیں، ذہن اس کا کھل جائے گا اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رکھے گا۔

ذہن تیز کرنے کے لئے

سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھ کر

ایک لوٹا (برتن) پانی پر دم کرے اور یہ پانی پیا جائے ذہن تیز ہو جائے گا اور ان شاء اللہ تعالیٰ جو کچھ یاد کرنا چاہے گا تو فوراً حفظ یاد ہو جائے گا۔

حافظہ تیز کرنے کے لئے

جس کا حافظہ اچھا نہ ہو اور قرآن شریف یاد نہ ہوتا ہو تو وہ سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورۂ بقرہ کی پڑھ لیا کرے۔

چار آیات اول کی الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک اور آیۃ الکرسی خٰلِدُوْنَ تک۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حافظہ بے مثل ہو جائے گا۔

چار آیات اول کی الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَیْبَ ۛ فِیْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ یُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ ۗ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۗ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۗ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۗ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِی الدِّیْنِ ۙ قَدْ تَّبَیَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَیِّ ۚ فَمَنْ یَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَیُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ۙ یُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۗ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِیٰٓئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ یُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

مفرور اور بھاگے ہوئے کے لئے

کوئی چلا گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو سورۂ یٰسٓ شریف اکیس ۲۱ مرتبہ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور یہ خیال رکھے کہ وہ چلا آرہا ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس روز نہ تو دوسرے تیسرے روز ضرور آجائے گا اگر کچھ فاصلے پر ہوگا تو کچھ انتظار کرنا ہوگا۔

بھاگے ہوئے کے لئے

مفرور اور بھاگے ہوئے کے جلد واپس آنے کو نہایت مجرب ہے ایک کاغذ پر یہ کلمات لکھے:

"بحق شیخ فرید گنج شکر"

اور لکھ کر پتھر کے نیچے دبا دے، مفرور واپس آجائے گا۔ مفرور کے واپس آجانے پر اس پتھر کے برابر شیرینی لے کر بہ نیت ایصال ثواب

شیخ فریدالدین گنج شکر علیہ الرحمۃ بچوں میں تقسیم کر دے

چوری شدہ مال کی دستیابی اور چور کی گرفتاری

حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر پارہ عمّ میں بحوالہ حدیث شریف تحریر فرماتے ہیں کہ کسی گم ہوئی چیز پانے کے واسطے سورۃ والضحیٰ (مکمل) سات مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے سر کے چاروں طرف پھرائے بعد میں یہ کلمات پڑھے:

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ فَاَمْسَیْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جَوَارِ اللّٰہِ - سات مرتبہ پڑھ کر دستک دے، یعنی اپنے ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر مارے تو انشاء اللہ گیا ہوا مال واپس مل جائے گا۔

گم شدہ یا چوری کردہ مال کے لئے

مرغی کے انڈہ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تا خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ۝ تک لکھے، جب وہ خشک ہو جائے تو تھوڑا سا تیل چپڑ کر (تیل لگا کر) کسی لڑکے (دس سال سے کم عمر) کو دے اور اس سے کہا جائے کہ اس انڈہ کی طرف دیکھتا رہے اور سورہ یٰسین شریف مکمل پڑھتے رہو اور اس سے دریافت کرتے رہو وہ چور کا پورا حال بتائے گا۔

یہ ایک عجیب راز ہے ہر کسی سے ظاہر کرنے کا نہیں ہے نا اہل سے

چھپانا چاہیئے کہ وہ ایسے راز کو عام طور سے فاش نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ تَبٰرَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرُ ۝ نِ الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیٰوۃَ لِیَبْلُوَکُمْ اَیُّکُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۝ الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ ۝

چوری کیا گیا مال واپس مل جائے گا

ایک مشک خالی لے کر اس کے اوپر آیۃ الکرسی اور یہ سات نام انبیاء علیہم السلام نوحؑ۔ لوطؑ۔ صالحؑ۔ ابراہیمؑ۔ موسیٰؑ۔ عیسیٰؑ۔ محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین لکھیں پھر الگ الگ ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر مشک کے اندر پھونک ماریں اور ہر مرتبہ آیۃ الکرسی کے بعد یہ پڑھتے جائیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَا اَرْسَلْتَ ھٰذَا اَنْ تَنْفُخَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقِ کَمَا نَفَخْتَ ھٰذِہِ الْقِرْبَۃَ۔ جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیں چور کا پیٹ انشاء اللہ تعالیٰ سخت پھول جائے گا اور چور چرایا ہوا مال لے کر واپس آئے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

دشمنوں کے دفع کرنے اور ان کی ایذاء رسانی سے محفوظ رہنے کیلئے

ہر وقت وضو اور بلا وضو بلا تعداد اور بلا کسی شرائط کے اس دعا کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے۔ دعا پڑھتے وقت دشمن (یا دشمنوں) کی شکل و صورت کو اپنے خیال میں جمائے اور ان کے سینہ پر پتھر مارے۔ پہلی مرتبہ تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے بعد میں اس دعا کو اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے لیٹے ہوئے ہر حالت میں پڑھے۔ البتہ نماز میں نہ پڑھے۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

دشمن کو مغلوب اور مہربان کرنے کے لئے

دشمن کے سامنے یہ دعا تین۳ مرتبہ اس کے منہ کے سامنے پھونکے اور پھر اس کے روبرو (سامنے) جائے تو دشمن مہربانی سے پیش آئے گا اور دشمن مغلوب ہو جائیگا۔ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط تَعَزَّزْتُ بِرَبِّ الْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَكَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَعُمِیَتِ الْاَبْصَارُ وَتَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

دشمن پر غلبہ اور فتح حاصل کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل شعر دشمن ایک ہو یا زیادہ سب کا خیال کر کے پڑھتا رہے سب سرنگوں اور پست ہو جائیں گے۔ چلتے پھرتے ایک دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لے پھر مسلسل اس شعر کو پڑھتا رہے۔

یا خافض کر پست دشمن کے تئیں
تا نہ ہو رہزن مری راہ میں کہیں

ظالم دشمن پر ہیبت طاری کرنا

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس۵۰ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے۔

دشمن کی نظروں سے پوشیدگی

ریت بہت سی جمع کر کے اس پر بیٹھ جائے اور بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر یہ آیت پڑھے:

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ○

پھر شَاهَتِ الْوُجُوْهُ کہہ کر کہے:

اے موکلو پکڑ لو آنکھیں بینائی اُن کی اور داخل کرو اندھیروں کے دریا میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ۔

یہ پڑھ کر خاموش ہو رہے اور کسی سے بات نہ کرے دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے گا اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَخْفِنِیْ فِیْ لُطْفِكَ الْخَفِیِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَیْتَهٗ بِخَفِیِّ لُطْفِكَ فَقَدْ خَفِیَ۔

ترجمہ: "میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے پوشیدہ مہربانی کرنے والے اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر چھپالے کیونکہ جس کو تو نے اپنی پوشیدہ مہربانی میں چھپالیا وہ بے شک چھپ گیا۔" پھر اس کے بعد اٹھ کر جہاں چاہے جائے سب سے پوشیدہ رہے گا۔ جب کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر جاتی رہے گی۔

حب کا کامیاب عمل

یہ عمل حب کا بہت کامیاب ہے نیز دشمنوں کے دوست ہو جانے کے واسطے بھی تجربہ کردہ ہے۔ ترکیب یہ ہے کہ جو بلی بالکل سیاہ رنگ کی ہو اس کے مونچھ کے بال اور ہُدہُد کا دل اور الو کی آنکھ اور گیدڑ کے سر کے اوپر کی کھوپڑی کے اوپر کے بال استرے سے صاف کئے ہوئے۔ ان چاروں کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بتی جیسی بنائے اور سرسوں کے تیل میں جلا کر ان کا کوری چینی (مٹی کا ڈھکن یا مٹی کے چراغ) پر کاجل بنایا جائے اور اس کو کسی شیشی میں بھر کر رکھے جو کوئی اس کاجل کو اپنی آنکھ میں لگا کر جس کے پاس جائے، آنکھ سے آنکھ ملتے ہی عاشق ہو جائے اور اس کی محبت کا دم بھرے۔

کیمیا کا مجرّب اور آسان نسخہ

اس نسخہ کی تیاری کی چار شرطیں ہیں:

اول یہ کہ غیر مذہب کو نہ بتائے،

دوسرے بے علم کو نہ بتائے،

تیسرے کسی سے یہ راز ظاہر نہ کرے،

چوتھے جو بہت خدمت گذار ہو اس سے دریغ نہ کرے۔

جو بندۂ خدا کرے گا انشاء اللہ تعالیٰ مجرّب پائے گا۔ ترکیب یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ایک تولہ سفید سنکھیا چمکدار یا شنگرف دیسی، رومی نہ ہو۔ لوہے کے کڑھچے میں رکھ کر چولھے پر چڑھائے نیچے اس کے بیری کی لکڑی کی آگ جلائے اور نیم کا مدھ (نیم کا رس جو نیم میں سے بہہ کر نکلتا ہے) یعنی وہ عرق جو نیم کے درخت سے ٹپکا کرتا ہے، آگ جلانے سے پہلے اس قدر ڈال دے کہ ڈلی سنکھیا یا شنگرف کی ڈوب جائے۔ جب آگ جلنی شروع ہو جائے پھر تھوڑا تھوڑا نیم کا مدھ خالص اس ڈلی پر بطور چوبہ کے ڈالتا رہے اور آگ آہستہ آہستہ جلتی رہے جبکہ سوا سیر عرق یعنی نیم کا مدھ جل جائے گا تو وہ ڈلی قائم ہو جائے گی پھر جس وقت کام کرنا منظور ہو تو ایک سو ایک بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اور اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ پھر درود ابراہیمی۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ پڑھے پھر ایک رتی سنکھیا اور ایک تولہ رانگ صاف شدہ کئے ہوئے کو آگ پر اس قدر گرم کرے کہ چرخ (چکّر) کھانے لگے ....

تو فوراً اس پر ڈال دے چاندی خالص اور اعلیٰ درجہ کی بن جائے گی۔ اور اگر ایک تولہ تانبہ کے صاف شدہ پیسہ کو خوب سرخ کرے۔ جب آگ پر خوب چکّر کھانے لگے جس کو چرخ کہتے ہیں تو ایک رتی اس پر ڈالنے سے نہایت عمدہ چاندی بن جاتی ہے۔

اور اگر شنجرف کو قائم کیا ہے تو ایک تولہ کا پیسہ تانبہ کا لے کر اس کا میل کچیل رگڑ رگڑ کر صاف کر لیا جائے پھر اس کو آگ پر دھونکنی سے اتنا گرم کیا جائے کہ چرخ کھانے لگے۔ چکّر لگانے پر فوراً ایک رتی قائم کی ہوئی تول کر ڈال دے اعلیٰ درجے کا سونا بن جاتا ہے اور اگر چاندی کا سونا بنانا منظور ہو تو ایک تولہ چاندی کا روپیہ جیپوری (جیپور ریاست (انڈیا) کا سکّہ) لے کر یا اچھی چاندی ہو تو وہ لے کر چرخ دے اور ایک ماشہ شنگرف ڈالے تو خالص سونا بن جائے اور ایک ماشہ شنگرف (شنجرف) اور ایک تولہ رانگ پر چرخ دے کر ڈال دے تو اس کی چاندی بن جاتی ہے۔ بعض دفعہ ایک ماشہ شنگرف (شنجرف) ڈالنے سے چاندی سخت ہو جاتی ہے تو شنگرف ایک ماشہ سے کم ڈالے عمدہ چاندی تیار ہوتی ہے۔ ایک آنچ کی بھی کسر نہیں رہتی۔ کہیں لے جاؤ خالص چاندی بتائی جائے گی۔ چاندی سے جو سونا بنایا جاتا ہے تو خالص سونے سے

کم قیمت کا بنتا ہے یعنی رنگ کسی قدر پھیکا رہتا ہے۔

پس اس میں ماشہ یا دو ماشہ اصلی سونا سونے میں اور اصلی چاندی چاندی میں ملائی جائے تو جس زرگر وغیرہ کو دکھاؤ تمیز نہ کرے کہ یہ بنایا ہوا ہے۔ اس ترکیب سے جو کچھ بنائے بن جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ محنت بے فائدہ کبھی نہیں جائے گی۔ جب کبھی بنائے محتاج کو ضرور دے اور جب زکوٰۃ کے قابل ہو جائے تو زکوٰۃ ضرور ادا کرتا رہے اور یہ راز کسی سے ظاہر نہ کرے

قرضہ کی ادائیگی کا نہایت مجرّب عمل

یہ عمل صدہا بزرگوار اور اولیائے نامدار کا آزمودہ ہے۔ اکتالیس روز کا عمل ہے۔

حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ اکتالیس روز تک شروع ماہ سے یہ درود شریف سو بار روزانہ پڑھے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

مذکورہ بالا درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرض کی دعا کرے مال میں برکت ہوتی ہے۔

قرض کی ادائیگی

دو رکعت نماز صلوٰۃ الکیمیا جمعرات کی رات سے شروع کرے،

اول رکعت میں الحمد شریف (سورۂ فاتحہ) کے بعد وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ستر مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد شریف (سورہ فاتحہ) کے بعد
وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ستر مرتبہ پڑھے۔

سلام کے بعد سجدہ میں یہ آیت ستر مرتبہ پڑھے:

وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا

اور پھر یہ دعا مانگے کہ:

الٰہی میرا قرض ادا ہو جائے اور فراخ دستی زیادہ ہو۔ یہ عمل چالیس روز تک کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے ختم ہونے سے پہلے ہی مراد حاصل ہو جائے گی لیکن عمل چالیس روز ہی کرے۔

مال کا ملنا اور دفینہ (دفن کیا ہوا مال) نکالنا اور دفن کیا ہوا جادو کا پتہ چلانا اور نکالنا

کوئی خزانہ زمین کے نیچے یا کسی تہہ خانے وغیرہ میں ایسا محفوظ ہو کہ وہاں سے مال نکالنا مشکل ہو یا مال نکالنا ہو تو یہ عمل کیا جائے کہ ایک کاغذ پر یہ نقش اس شکل میں لکھے اور اس نقش کے نیچے یہ عبارت لکھے اور اس کو پڑھتے ہوئے جہاں سے مال نکالنا ہے، نکال لیا جائے کسی قسم کا گزند (نقصان جانی و مالی) نہیں پہنچے گا۔ آل و اولاد صحیح و سلامت رہے گی جیسے کہ کہا جاتا ہے کہ ایسا مال نکال لینے سے پہلا بیٹا

مر جاتا ہے۔ اس عمل میں ایسا نہیں ہو گا۔ مال میں سے غرباء و مساکین کو ضرور خیرات دیتا رہے۔

اسی طرح جادو دفن شدہ کو بھی پڑھ کر نکال لے نقصان نہ ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ عبارت یہ ہے:

اَجِبْ بِحَقِّ اَيُّهَا الْمَلِكُ هَمْهَمْطَلَفِيَائِيْلُ بَطْيَائِيْلُ الرَّئِيْسُ

الف

۳۶	۴۱	۳۴
۳۵	۳۷	۳۹
۴۰	۳۳	۳۸

اَجِبْ بِحَقِّ اَيُّهَا الْمَلِكُ هَمْهَمْطَلَفِيَائِيْلُ بَطْيَائِيْلُ الرَّئِيْسُ

دفینہ یا جادو کا پتہ لگانا

دفینہ کا پتہ نہ لگتا ہو یا جادو گڑا ہوا کا پتہ نہ چلتا ہو تو یہ عمل کام میں لایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پتہ چل جائے گا۔ یہ عمل حضرت شیخ امام احمد بن علی بونی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور ان کے مجربات میں سے ہے۔
سرخ رنگ کے ریشمی کپڑے پر یہ حروف لکھے اور لکھتے وقت لوبان اور کندر کو جلا کر دھونی کرتا رہے۔ نقش کے چاروں طرف یہ آیت مع اعراب (زیر زبر پیش) کے لکھے، لکھنے کے بعد اس کپڑے کو بالکل سفید مرغ کی گردن میں باندھ دے اور جس مکان میں دفینہ یا جادو کا گمان ہو تو اس مقام (جگہ) پر مرغ کو چھوڑ دے جہاں وہ دفینہ یا جادو گڑا

ہوا ہوگا وہاں پہنچ کر وہ مرغ تین دفعہ آواز دے گا اور پنجوں سے کریدیگا اور یہ دعا پڑھتا رہے، اور جو کچھ مال ہو کھود کر نکال لے ۔ دعا پڑھنے کی یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَاشَاکِرُ یَاشَکُوْرُ یَاشَھِیْدُ یَا شَدِیْدُ بِمَا اَوْدَعْتَہٗ حَرْفُ الشِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ وَالْاَنْوَارِ الْمَکْنُوْنَۃِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِکَتَکَ الْکِرَامِ خُدَّامِ ھٰذَا الْحَرْفِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

سانپ، بچھو اور کھنکھجورہ سے حفاظت

اس آیتِ شریفہ کے پڑھنے سے حشرات یعنی سانپ، بچھو، کھنکھجورہ اور دیگر موذی جانوروں کی تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

سانپ کے کاٹے کا علاج

کیسا ہی کالا سانپ (یا دیگر سانپ) کسی کو کاٹ لے بفضلِ خدا سانپ کے کاٹے سے ہرگز نہ مرے گا۔

اس آیت کو اکیاسی مرتبہ پہلی رات محرم سے دسویں رات محرم تک روزمرہ بعد نمازِ عشاء پڑھے۔ ہر سال محرم کی شروع کی دس راتوں میں پڑھ لینے کے بعد اس کو اپنے داہنے (سیدھے) ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک لیا کرے سال بھر تک اس عمل کا کرنے والا عامل رہتا ہے۔ جب بھی سانپ

کا کاٹا ہوا بیمار خود آئے یا کوئی اس کا آدمی خبر لاتے تو فوراً اس کے منہ پر تھپڑ مارے، انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے فضل سے اسی وقت بیمار اچھا ہوجائے گا اور جب بیمار یا خبر لانے والے کے تھپڑ مارے اس کو یہ معلوم نہ ہو کہ عامل تھپڑ مارے گا۔

اسی طرح دس رات محرم کا چاند دیکھ کر اسی رات بعد نمازِ عشاء شروع کرے اور دس رات مسلسل پڑھے ایک سال تک عامل رہے جس سال نہ پڑھے اور ناغہ کرے گا اس کا اثر جاتا رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی وَلِیُبْلِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْہُ بَلَآءً حَسَنًا ۝

زہریلے سانپ کا علاج

کیسا ہی زہریلا سانپ کاٹے مریض دوبارہ زندگی حاصل کرے۔ ایک دفعہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّشِفَآءٍ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ وَھُدًی وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔ فِیْہِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ۔ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ۔ قُلْ ھُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ھُدًی وَّشِفَآءٌ۔

پھر سورہ فاتحہ (الحمد شریف مکمل) اکتالیس مرتبہ پڑھے پھر یہ درود شریف ایک مرتبہ پڑھے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَآءٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اور سیر دو سیر پانی پر دم کرے اور اپنے علاوہ سات نمازیوں سے پھونک دلائے اور اس پانی میں سے کچھ پانی عمل پڑھنے والا پیئے اور ایک ایک گھونٹ پانی وہ ساتوں نمازی آدمی پئیں۔ ان سب کا جھوٹا پانی سانپ کے کاٹے ہوئے مریض کو پلائے زہر کا اثر دور ہو جائے گا اور مریض بچ جائے گا۔

حمل قائم ہونے کے لئے

حضرت شیخ المشائخ بابا فرید گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ عورت یہ چاہے کہ مجھے حمل رہے اور بچہ پیدا ہو اس کو چاہیے کہ کچھ پیسے (دس روپے) کی شیرینی (مٹھائی) منگا کر ایصالِ ثواب (بابا فرید گنج شکر کو) کرے پھر یہ تعویذ سات کاغذوں پر لکھے اور سات دن تک حیض کے خاتمہ کے فوراً بعد غسل کر کے ہر روز ایک تعویذ پیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اگر نہ ہو تو قیامت کے دن دامن گیر ہو۔

س	س	س	س	س	س	س
جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع	جمع

حمل کے قیام کے لئے

حمل کے واسطے یہ بھی عمل مجرب ہے۔ اس تعویذ کو لکھ کر عورت کے داہنے بازو پر باندھے اعتبار نہ ہو تو اس کو اس طرح آزمائے کہ تعویذ مرغی کے بازو میں باندھ دے، وہ انڈہ دینے لگے۔ تعویذ یہ ہے

ماحوم	ادع	اتداھوا	۴ صلع ھن جفر

استقرارِ حمل کے لئے

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی اس کو زعفران سے کاغذ پر لکھے حیض سے فارغ ہونے کے بعد عورت غسل کر کے اس کو موم جامہ کر کے کمر میں باندھے، حاملہ ہو گی۔ جو درخت پھل نہ دیتا ہو اس پر باندھے پھل لگے انشاء اللہ تعالیٰ۔ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۵ ھوھوھوھوھوھوھو
اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ حی حی حی حی حی حی حی
قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم
صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

استقرارِ حمل کے واسطے نہایت مجرّب

عورت کے حمل کے لئے یہ عمل نہایت مُجرّب ہے اور ہزاروں مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ اس شکل کو نوچندی جمعرات کو کاغذ پر لکھے اور عورت کے گلے میں باندھے اور جو جمعرات کہ مہینے کے بیچ میں آئے اس کی رات کو ایک چومک (چراغ چار بتیوں والا) آٹے کا بنائے اور اس میں اصلی گھی اور بتی روئی کی ڈال کر جلائے اس وقت وہ عورت اپنے دل میں کہے کہ جب بچہ پیدا ہوگا تو اس کے ہاتھ سے مسجد میں چراغ روشن کرایا جائے گا۔ بفضلہ تعالیٰ بیٹا پیدا ہوگا۔

۷۸۶ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ حمل علے علے علے علے لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ لھمہ موسیٰ موسیٰ موسیٰ سلیو اھب بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ وَحۡدَہٗ۔

زچگی کے مکان کی حفاظت

جن عورتوں کے بچے زچگی میں بیمار ہوتے رہتے ہیں یا زچگی کے دوران مرجاتے ہیں ان کے تندرست رہنے اور مدت دراز تک زندہ رہنے کے لئے یہ طریقہ کام میں لایا جائے۔

جب بچہ پیدا ہونے والا ہو اس سے دو ایک دن پہلے یہ دو نامے دو کاغذ پر لکھ کر مکان کے صدر دروازہ پر دوسرا اس دروازہ پر جہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو لگا دیا جائے۔ زچہ اور بچہ زچگی کے مکان میں حفاظت سے رہیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اِلٰہِیۡ بِحُرۡمَۃِ یَمۡلِیۡخَا مَکۡسَلۡمِیۡنَا کَشۡفُوۡ طَطۡ تَبۡیُوۡنَسۡ کَشَا فَطۡیُوۡنَسۡ اَذۡرۡ فَطۡیُوۡنَسۡ یُوَانَسۡ یُوۡسۡ

وَکَلۡبُھُمۡ قِطۡمِیۡرٌ وَعَلَی اللّٰہِ قَصۡدُ السَّبِیۡلِ وَمِنۡھَا جَآئِرٌ وَلَوۡ شَآءَ لَھَدٰکُمۡ اَجۡمَعِیۡنَ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ۔

حمل کی حفاظت کے لئے (۱)

اس عمل کی خوبی یہ ہے کہ اسقاط حمل کی نوبت نہیں آتی اور بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کی عمر زیادہ ہوتی ہے۔

کسی عورت کے ایسا ہو کہ حمل سے بچے پیدا ہو جاتے ہیں لیکن کچھ دن بعد ہی مرجاتے ہیں یہ بیماری بھی ایک قسم کے مسان کی ہے وہ اگر یہ چاہے کہ بچے نہ مریں اور عمر دراز ہو تو ان کو چاہیئے کہ اس بیماری کے دفعیہ کا علاج کریں۔

اس کی ترکیب یہ ہے۔

بچوں کے لائق چھوٹے چھوٹے تین کرتے باریک ململ کے آستین دار صرف ایک سیون کے سلائیں۔ جس کو کھڑی سیون کہتے ہیں۔ گلا ان کرتوں کا بلا سلا پھٹا ہوا رہے۔ پھر ان میں سے ایک کرتے پر یہ تعویذ دو دو جگہ لکھے جائیں دو تعویذ کرتے میں دائیں بغل کے نیچے اور دو بائیں بغل کے نیچے اور دو سینہ کے اوپر اور دو پیٹھ کے اوپر لکھے جائیں۔ ایسے دونوں کرتوں کو لکھ کر رکھا جائے جس وقت بچہ پیدا ہو جائے تو اس کو نہلا کر ان کرتوں میں سے ایک کرتہ جو پہلے

لکھا ہے وہ پہنایا جائے گیارہ ۱۱ دن تک یہ کرتہ بچہ پہنے رہے، بارہویں دن دوسرا غسل بچہ کو دے کر دوسرا کرتہ تیرہ ۱۳ دن پہنائے رکھے۔ پھر تیسرا کرتہ تیسرا غسل بچہ کو دے کر سترہ ۱۷ دن تک پہنائے رکھے۔ اور ان چالیس ۴۰ دن تک زچہ و بچہ زچہ خانہ ہی میں رہیں۔ اکتالیسویں دن زچہ اور بچہ کو نہلا کر اور کپڑا جو متبرک ہو وہ پہنائے اور باہر لائے بعنایت خداوند تعالےٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۳۰	۱۲۲۵	۱۲۳۲
۱۲۳۱	۱۲۲۹	۱۲۲۷
۱۲۲۶	۱۲۳۳	۱۲۲۸

حمل کی حفاظت کے لئے (۲)

حاملہ عورت کے دل پر گھبراہٹ یا خفقان اور ہول دل کی شکایت ہو یا پیٹ یا کمر یا پیڑو میں درد پیدا ہوتا ہو تو ایسے درد سے حمل ساقط ہو جایا کرتا ہے پس فوراً ایک سفید بڑی چینی کی پلیٹ (بغیر پھول والی سادہ) لے کر کالی روشنائی (تختی لکھنے کی کچی روشنائی یا زعفران) سے یہ دعا و سورت اور نقش سورۂ مزمل (پ ۲۹) کا لکھے اور پانی سے دھو کر چالیس روز تک پلایا کرے، زیادہ وقت نہ ہو تو گیارہ ۱۱ دن صبح نہار منہ روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالےٰ ہر شکایت سے حمل محفوظ رہے گا۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۱۵۶۷	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۹
۲۱۵۶۸	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۴
۲۱۵۶۳	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۵

یا غفور یا غفور یا غفور

دشمن کا پیشاب بند ہو جائے

دشمن کا پیشاب بند ہونے کے لئے منحوس ساعت ٹھیک دوپہر کے وقت آخر مہینہ چاند میں انڈے کا خول لے کر اس پر (یعنی انڈے کے چھلکے پر) کالی روشنائی سے سورۃ الکوثر۔ بغیر بسم اللہ شریف کے لکھے۔

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

اس کے بعد جس مرد یا عورت کا پیشاب بند کرنا مقصود ہو اس کا نام اور اس کے باپ کا نام اگر عورت ہے تو اس کا نام اور اس کی ماں کا نام لکھے اور نوشادر، جائفل اور مرچ سیاہ تینوں کو ملا کر آگ پر جلائے اور اس کا دھواں تعویذ کو دے پھر ایک سرخ رنگ کے کپڑے میں لپیٹے اور چولہے میں آگ جلنے سے زیادہ نیچے دفن کرے تاکہ جل نہ جائے۔ اور دفن کرتے وقت زبان سے کہے کہ فلاں کے بیٹے یا فلاں کی بیٹی کا پیشاب بند ہو جائے۔ ساتویں روز چولہے سے اس تعویذ کو نہ نکالا گیا تو وہ دشمن مر جائے گا۔

ترکیب لکھنے کی یہ ہے۔

ا ن ف ص ل ل ر ب ك و ا ن ح ر

اعطینا ان ش ا ن ء ك

كلكوثر ه و ا ل ا ب ت ر

دشمنوں میں نا اتفاقی پیدا کرنا

دشمنوں کی جماعت میں نا اتفاقی پیدا کرنی ہو تو ان اسماء کو پتھر کے ٹکڑے پر لوہے کے قلم سے کندہ کرے (کھود کر لکھے) پھر آگ کی بھٹی میں اس پتھر کو گرم کر کے کتے کو یہ پتھر مارے اور پتھر پھینکتے وقت یہ کلمات پڑھے۔

وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ۔ كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَشْعَلَهَا بَیْنَهُمُ الشَّیْطٰنُ یَوْمَئِذٍ یَّتَفَرَّقُوْا ۔ اور پھر ان لوگوں کے بیچ میں پھینک دے جو برائی کرنے پر اور لڑنے مارنے پر آمادہ ہوں۔ اس پتھر کے پھینکنے میں وہ تاثیر پیدا ہو کہ وہ مجمع آپس میں لڑ کر منتشر ہو جائے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

بِحَقِّ یَا بَارُوْ وَیَا طَلْیَا شَوْمَا

دشمنوں میں عداوت پیدا کرنے کے لئے

یہ تعویذ دشمنوں میں بغض و عداوت پیدا کرنے کے لئے بہت مجرب ہے مخالف دشمنوں میں کیسی ہی دوستی ہو دشمنی ہو جاتی ہے درخت آکھ کے تیرہ پتوں پر یہ نقش دوپہر کے وقت آخر مہینہ میں ہفتہ کے دن لکھے اور نقش لکھے ہوئے پتے

پر دوسری طرف البغض فلاں بن فلاں علی البغض فلاں بن فلاں عداوت و نفرت ہو جائے اور پھر مریخ کی ساعت میں ان کو جلائے۔

منگل، ہفتہ کو سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد تک مریخ کی ساعت ہے۔

تعویذ یہ ہے

۷۷۷۸	۷۷۷۱	۷۷۷۶
۷۷۷۳	۷۷۷۵	۷۷۷۷
۷۷۷۴	۷۷۷۹	۷۷۷۲

مرد کو عورت کا تابعدار بنانا

اگر عورت اپنے خاوند کو اپنا تابعدار اور اپنی محبت میں گرفتار رکھنا چاہے تو وہ یہ عمل کرے۔

دو کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ عبارت کچی کالی روشنائی یا زعفران سے لکھوالے۔ ایک ٹکڑا کاغذ لپیٹ کر موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھ لے (اگر مرد ہے تو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے) اور دوسرا کاغذ کا ٹکڑا جس پر عبارت لکھی ہے اس کو دھو کر کسی شربت، چائے یا دودھ میں دھو کر پلائے ایک دوسرے میں مرتے وقت تک محبت و الفت برقرار رہے گی۔

وہ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ عَدَمُ عَلَیْكَ بِقُدْرَةِ الْفِیْلِ وَ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ بِحُرْمَةِ مُوْسٰی كَلِیْمُ اللّٰهِ وَ بِحُرْمَةِ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰهِ ۔ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں۔

خاوند کو مطیع کرنا

اس آیت شریفہ کو بارہ ۱۲ مرتبہ سفید شکر (چینی) پر پڑھ کر اپنے خاوند کو کھلائے شوہر محبت کا دم بھرنے لگے گا۔ بلا اپنی بیوی کے دوسرے کا نام نہ لے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ۝۔

خاوند کو تابع فرمان کرنا

یہ تعویذ جو عورت موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھے گی خاوند اس کا تابع فرمان رہے گا (اور اگر مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے تو عورت مطیع ہو)۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِحَقِّ مُوْسٰی وَ عِیْسٰی بِحَقِّ دَاؤُدَ وَمُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ بِحَقِّ جِبْرَائِیْلَ وَ مِیْکَائِیْلَ وَ اِسْرَافِیْلَ وَ عِزْرَائِیْلَ۔

محبت کے لیے

جس کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا ہو اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی لے کر گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھے اور اس مٹی پر پھونکے پھر وہ مٹی اس پر ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ محبت کرنے لگے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِحَقِّ شَمْعِیْشَا الَّذِیْ یُقَلِّبُ الشَّمْسَ مِنَ الْمَغْرِبِ اِلَی الْمَشْرِقِ۔

حُبّ اور ہر مقصد میں کامیابی کیلئے

اس دعائے بشمخ کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدار ادام اللہ الانوار نے دعوت دی ہے اور یہ دعا حضرت عیسیٰ السّلام پر نازل ہوئی تھی۔ نہایت مجرّب ہے۔ جس کام کی انجام دہی کے واسطے پڑھی جائے وہ کام پورا ہو اور ہر ایک مراد بر آئے۔

ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ اس کھانے والی چیز پر پڑھی جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ۔ میوہ۔ انگور۔ بادام۔ کشمش۔ چھوارے وغیرہ پر پڑھ کر کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے گا اور مطیع و فرماں دار ہوگا۔ دعائے بشمخ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ بَشْمَخْ وَالْاٰهَا مُوْ شِیْطَیْشُوْنَ اَللّٰهُمَّ۔

کسی عورت کو راغب کرنا

ایک بزرگ کا عطا کردہ مجرّب عمل ہے۔ کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کُرتی جو بہت میلی کچیلی پرانی ہو۔ نو ۹ روز تک پاک وصاف ہو کر بعد نماز عشاء پاک جگہ مقرر کر کے ہر روز اسی جگہ اس آیت کو ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھ کر دم کرے آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس عورت کی ماں کا لے۔ پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا جائے۔

جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گھی گائے پر تین ۳ مرتبہ یہ پڑھے۔ یَا هُوْ یَا هُوْ۔ پھر اس گھی کو آگ پر چھڑکے۔ نو ۹ رات تک پڑھے۔ لوبان

جلائے اور گھی چھڑکے۔

دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تینوں بتی بنائے ایک بتی آگ پر جلائے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے۔ گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارھویں رات کو تیسری بتی جلائے۔ تینوں بتیاں آگ پر ہی جلائے۔ معشوقہ عشق میں بے قرار ہو کر آجائے۔

آیت پڑھنے کی یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ۔ (تنبیہ: صرف جائز کام کے لئے کرے۔ حرام اور ناجائز کام کے لئے کرے گا تو دنیا و آخرت میں نقصان اٹھائے گا)۔

برائے حب

بکرے کے شانہ کی ہڈی ثابت جس کے سر کو قصاب لوگ توڑ کر پھینک دیتے ہیں اس واسطے کہ تعویذات حب و عداوت لکھے جاتے ہیں اور جادو بھی ہوتا ہے وہ نہ لی جائے بلکہ صحیح و سالم ہڈی لے کر گوشت وغیرہ سے بالکل پاک و صاف کر کے ایک دو روز اس کو احتیاط سے رکھے کہ اس کی تری خشک ہو کر لکھنے کے قابل ہو جائے اس پر ساعت وغیرہ دیکھ کر یہ عزیمت لکھے اور گرم تنور میں ڈال دے تین روز تک تین ہڈیوں پر لکھے اور ہر روز جلتے تنور میں ڈالے محبوب کے دل میں بے قراری پیدا ہو اور عاشق سے بشوق یا اپنی بے کلی دور کرے۔ لکھتے وقت خوشبو ضرور جلائے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

اهیا اشر اهیا لدرنی الجن والانس ابر الذین

۸۷۱۷ ۱۱۰ ۸۷ ۸۱۱۱۱ ۱۱۱ ۹۹ ۱۱۵۵ ۱۱ط ۷۹ط ۵ ۱ط الوھا الساعت بفن لعین

تنبیہ: صرف جائز کام کے لئے کرے ورنہ سخت گنہگار اور دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہوگا۔

الحب

اس تعویذ کو سفید کاغذ پر لکھے اپنے نام کے ساتھ والد کا نام اور معشوقہ اور اس کی ماں کے نام لکھے۔ خواب میں معشوقہ کو عاشق کی شکل نظر آتی رہے گی۔ عاشق کو چاہیئے کہ جب سوئے اپنے تکیہ کے نیچے تعویذ کو رکھے معشوق جب سوئے گی تو عاشق کی صورت دیکھے گی کوئی تدبیر ملنے کی ہوگی تو گھر سے نکل بھاگے گی اور عاشق کے پاس چلی آئے گی۔ اس کے موکل بڑے زبردست " یَابُدُّوْحُ " نام کے تابعدار ہیں۔ جتنا تکیہ کے نیچے سر سے دبا رہے گا بہت جلد اثر کرے گا۔ لکھنے کے وقت تمام شرائط بجالائے جو کہ ساعت وغیرہ کی لکھی گئی ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ بصد خوشی مقصد حاصل ہوگا۔

۲	یابدوح	یا بدوح	یابدوح	۶
۴	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۷
۵	یابدوح	یابدوح	یابدوح	۳

تنبیہ: صرف بیوی کے لئے کرے کسی غیر عورت کے لئے کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا اور دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہوگا۔ بیوی کو ستانے اور پریشان کرنے کے لئے بھی نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا۔

برائے محبت

جمعہ کی آدھی رات کو یہ عمل شروع کرے اور معشوق کے گھر کی طرف منہ کر کے ایک "سو گیارہ" مرتبہ ہر روز چالیس روز تک یہ عمل پڑھے۔ پڑھنے سے پہلے اور آخر میں یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّحْبُوْبُنَا وَطَالِبُنَا مَطْلُوْبٌ

عمل پڑھنے کا یہ ہے۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ حَسْبِیْ علی فلاں بن فلاں (فلانۃ بنت فلانۃ) معشوقہ کا نام اور اس کی ماں کا نام لے۔ اَعْطِفْ قَلْبَہٗ عَلَیْہِ وَ ظِلُّھَا اِنَّ اللّٰہَ اَلْقِیْنَا وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ ط لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ ط وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ بَیْنَھُمْ ط اِنَّہٗ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ہ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ط وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ ط وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط

اس کے بعد درود شریف اوپر والا پڑھ کر اس طرح دعا کرے کہ۔

اے خدا حضرت غوث گوالیاریؒ کے طفیل سے میرے معشوق فلاں بن فلاں کو میرا تابعدار کردے۔

تنبیہ: صرف منکوحہ بیوی کے لئے کرنے کی اجازت ہے جبکہ اسے تنگ کرنا مقصود نہ ہو۔ کسی غیر کے لئے کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا اور دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہوگا۔

المحُب

شروع مہینہ چاند میں دن تاریخ ساعت دیکھ کر ہر روز پانچ سو بار پڑھا کرے اور دعا مانگے کہ:

"یا الٰہی فلاں بیٹی فلاں کی میری طرف پھیر دے بفضلہ تعالیٰ چالیس

روز میں محبت جانی پیدا ہو جائے گی۔ عمل پڑھنے کا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَیَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشِدْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَا رَبُّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ یَا رَبُّ اِلَیْکَ یَا رَبُّ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ہ۔

تنبیہ: اس عمل کو کرنے سے قبل کسی بزرگ صاحب دل عارف عالم دین سے مشورہ کرے اور صرف شادی یا بیوی کے لئے یہ عمل کرے۔ کسی اور مقصد کے لئے کرے گا تو گنہگار ہوگا اور دنیا و آخرت میں ذلیل ہوگا۔

نافرمانوں کی طلبی اور معشوقوں کی حاضری

جس کو بلانا منظور ہو تو چاہیے کہ اس کے پاؤں کے نیچے کی مٹی اور بوسیدہ ہڈی یعنی پرانی ہڈی کو پیس کر دونوں کو ملا لیا جائے اور پھر اپنے تھوک سے گوندھ کر ایک چوکور ٹکیہ بناؤ اور اس پر انگور کی بیل بناؤ اور یا بدوح کا نقش لکھو اور اس مطلوب و معشوق کا پھٹا ہوا کپڑا لے کر اس میں لپیٹ لو اور ایک کاغذ پر مطلوب کی شکل یعنی تصویر بنا کر بدوح کا نقش اور عزیمت اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام اس کے اندر لکھو اور ہوا میں لٹکا دو فوراً بے قرار ہو کر آجائے گا۔ بدوح کا نقش یہ ہے۔ ۷۸۶

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د	ب	ح	و
و	ح	ب	د

نام مطلوب... اور اس کی ماں کا نام یہاں لکھے۔

عزیمت یہ ہے:

بِحَقِّ حَوْلَائِیْلُ بِحَقِّ رَوَاہُ یَا نُوْرُ کُلِّ شَیْءٍ وَّھُدَاہُ اَنْتَ الَّذِیْ خَلَقْتَ الظُّلُمَاتَ بِنُوْرِہٖ۔

(تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔

محبوب کی طلبی

دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر مشک و زعفران اور گلاب کے عرق میں حل کر کے اور انار کی لکڑی کا قلم اسی وقت بنائے اور بدھ کے روز پہلی ساعت میں نقش بدوح لکھے اور بعد میں اس قسم کبیر کو پڑھ کر اس کے اوپر پھونکے اور کسی خوشبودار چیز جیسے مشک و عنبر یا لوبان کی دھونی دے اور اپنا ہاتھ بند کرلے۔ جس کی طلبی ہو اسی کے سامنے جاکر ہاتھ کھولے اور اس کو دکھائے ساتھ چلا آوے اور کچھ نہ کہے اور نہ اس کی طرف دیکھے مڑ کے دیکھے وہی پیچھے پیچھے ہو جائے مرد ہو یا عورت۔ نقش بدوح یہ ہے۔

۸۶

ب	د	و	ح
ح	و	د	ب
د		ح	و
و	ح	ب	د

قسم کبیر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْقُدُّوْسُ الطَّاھِرُ

(تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز کام کے لئے کرے گا گنہگار ہوگا)۔

مطیع کرنے کے لئے

طلبی کی جو ساعتیں لکھی گئی ہیں اس وقت زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لے کر دو ٹھیکرے سیسے پر جو رانگ کی قسم کا ہوتا ہے پانی ڈال کر دونوں کو گھسے اور کاغذ پر سات جگہ یَا اَللّٰہُ اور سات جگہ یَا رَحْمٰنُ لکھ کر یہ عبارت لکھے۔

لئن قلب فلان بن فلانۃ وَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَہُ الرَّافَۃُ وَالرَّحْمَۃُ وَالْحَنَانُ وَالْقَبُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰھٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ط قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ط قَالَ بَلٰی وَلٰکِنْ لِّیَطْمَئِنَّ قَلْبِیْ ط قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَۃً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْھُنَّ اِلَیْکَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰی کُلِّ جَبَلٍ مِّنْھُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُھُنَّ یَاْتِیْنَکَ سَعْیًا ط وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰہَ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ ۝ کَذٰلِکَ یَاْتِیْ فُلَانُ ابْنُ فُلَانَۃٍ خَاضِعًا ذَلِیْلًا فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآئَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝

پھر جس کو مطیع کرنا ہو اس کے سر پر سات بار پھیرے سوتے ہیں یا جاگتے ہیں اور اگر وہ ایسا شخص ہے کہ جس کے پاس جانا ممکن نہیں تب دور ہی سے اس طرح کہ شخص طالب اپنے مطلوب کو دیکھتا ہو اور وہ اس کو نہ دیکھتا ہو تو سات مرتبہ اس کو پھرا دے (گھما دے) اور ہر مرتبہ اللّٰہ اکبر کہے اور پھر وہ کاغذ اپنے پاس رکھے، مطلوب پیچھے پیچھے آئے اور اس عمل کو جمعرات کو آفتاب نکلتے ہی لکھنا ہے۔

(تنبیہ: صرف جائز مقاصد کے لئے کرے ناجائز کے لئے کرے گا نقصان اٹھائے گا)۔

حکام وافسران کی مہربانی کے لئے

کسی کو بادشاہوں، راجہ، نوابوں، افسروں اور حاکموں اور بدمزاج لوگوں کے پاس جانا ہو تو پہلے جمعرات کو روزہ رکھے اور کھجور سے روزہ افطار کرے اور مغرب کی نماز پڑھ کر بعد میں ایک ۱۰۱ سو ایک مرتبہ گن کر حساب سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے۔ پھر بے گنتی بے حساب پڑھتا رہے عشاء تک اور بعد نماز عشاء ایک ۱۰۱ سو ایک مرتبہ پڑھے اور پھر اس کے بعد بے شمار اور لاتعداد پڑھتا رہے۔ اور یہاں تک کہ نیند آنے لگے اسی حالت میں سو جائے۔ پھر صبح اٹھ کر فجر کی نماز پڑھے اور بعد نماز فجر گن کر ایک ۱۰۱ سو ایک مرتبہ پھر بسم اللہ شریف پڑھے اور مشک زعفران اور گلاب کے عرق سے ایک کاغذ پر ایک ۱۰۱ سو ایک جگہ لکھے اور عود وغیرہ یا لوبان کی دھونی کاغذ پر لکھتے وقت جلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص اس عمل کو کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام دنیا کے بادشاہوں اور لوگوں کی نگاہوں میں ایسا عزیز رہے گا جیسے چودھویں کا چاند ہر ایک اس کی عزت کرے گا اور اطاعت کرے گا اور اس کی ہیبت سب کے دلوں میں رہے گی جس کی اس پر نگاہ پڑے گی وہ ہی اس سے محبت کرے گا۔ جو کام اس کا ہوگا بصد عاجزی بجا لائے گا۔ کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو مفرد کر کے اس طرح لکھے۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ان ال ر ح ی م

حکام وافسران کی خوشنودی کے لئے

جس شخص کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ وادنیٰ مجھ پر ناراض نہ ہو اور ہمیشہ

اس کی زبان میری زبان ہو اور ہر وقت اس کی تعریف میں رطب اللسان رہے پس کیسا ہی حاکم جابر و قاہر ہو مہربانی سے پیش آئے۔ اس دعا کو بہت چھوٹے سے پرچے کاغذ پر لکھ کر اوپر سے موم ذرا سا لپیٹے تاکہ کاغذ منہ کے تھوک سے گھل نہ جائے جب حاکم وغیرہ کے پاس جاے زبان کے نیچے رکھ لیا کرے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا غَنِيُّ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝

انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مطیع و فرمان بردار ہوگا۔


حکمرانوں اور افسروں کو زیر فرمان کرنا

مندرجہ ذیل وظیفہ اس طرح پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا۔

بعد نماز فجر	دو ۲۰۰ سو مرتبہ	هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
بعد نماز ظہر	دو ۲۰۰ سو مرتبہ	هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ
بعد نماز عصر	دو ۲۰۰ سو مرتبہ	هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ
بعد نماز مغرب:	دو ۲۰۰ سو مرتبہ	هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ
بعد نماز عشاء	دو ۲۰۰ سو مرتبہ	هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ

حاکم یا افسر کے شر سے محفوظ رہنا۔

کسی حاکم یا امیر آدمی یا وڈیرے سردار سے دکھ تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو یہ عمل کام میں لائے بحکم خدا عقل اس کی جاتی رہے اور اپنے عہدہ سے معزول ہو جائے اس کو لکھ کر جلائے اور ایک عدد لکھ کر جلائے اور ایک عدد لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔



حاکم کے روبرو جانے کا عمل

جب کسی بھی حاکم یا افسر کے سامنے جائے تو تین ۳ مرتبہ یہ طلسم پڑھ کر تھوک اپنے ماتھے پر مل کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلسَّیِّدُ الْمُعَلّٰی رَسُوْلُ نَبِیُّ الْخَافِقِیْنَ قَاسِمٌ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰہِ۔

عزت و بزرگی کیلئے

جب کسی شخص کی یہ تمنا ہو کہ جہاں کہیں اور جس کسی کے پاس جاؤں میری آبرو اور عزت بڑھے تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز فجر کلمہ شریف

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

دس مرتبہ اور بعد نماز ظہر بیس ۲۰ مرتبہ اور بعد نماز عصر تیس ۳۰ مرتبہ اور بعد نماز مغرب چالیس ۴۰ مرتبہ اور بعد فرض نماز عشاء پچاس مرتبہ اور بعد وتر کے ساٹھ مرتبہ پڑھتا رہے اور جمعرات کے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کے لئے کھانا کسی غریب کو کھلائے، عزت و آبرو کے علاوہ موت کے وقت بھی فرشتہ آسانی سے روح قبض کرے۔ بہشت میں حور و غلمان خدمت بجالاتے ہیں۔ اور اور چہرہ اس کا مثل چاند کے روشن ہوگا۔

برائے عزت و بزرگی

عزت و بزرگی حاصل کرنے کے لئے جمعرات کے دن کا روزہ رکھے اور کشمش چھوارے یا منقی سے روزہ افطار کرے اور مغرب کی نماز پڑھ کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ پڑھے اور پھر عشاء کی نماز

پڑھے۔ اس کے بعد بستر پاک پر لیٹ کر بلا تعداد بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے نیند آجائے بروز جمعہ فجر کی نماز پڑھے اور پھر سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے۔ پڑھ لینے کے بعد کاغذ پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مفرد کر کے سیاہ روشنائی سے لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ساری دنیا کی نظروں میں عزیز رہے گا اور جو کچھ کہے گا اہل دنیا دل و جان سے اس کی بات مانیں گے اور اس کی خاطر مدارات کریں گے۔ مفرد حروف اس طرح لکھے۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ان ال ر ح ی م۔

ملازمت پر بحال ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص ملازمت سے علیحدہ کر دیا گیا ہو اور چاہے کہ وہ دوبارہ اسی ملازمت پر بحال ہو جائے تو اس کو یہ عمل کرنا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ اسی ملازمت پر لگ جائے گا اور بے روزگار کا روزگار ہو جائے۔ قرض والے کا قرض اُتر جائے۔ چند روز میں دولت میسر آئے۔ اسے چاہیئے کہ وہ غریبوں کا کام اسی طرح کرے اور اپنا حال کسی پر ظاہر نہ کرے۔ عمل پڑھنے کا یہ ہے۔

سات روز تک مسلسل روزہ رکھے اور اس دوران کسی جانور کا گوشت نہ کھائے اور ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسم بعد نماز عشاء اکتالیس ۴۱ روز تک پڑھے

یَا اَللّٰہُ یَا حَکِیْمُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِہٖ

کسی کو اپنا گرویدہ کرنا

اگر کوئی شخص کسی شخص کو اپنے اوپر عاشق کرنا چاہے تو یہ تعویذ اتوار کے روز آفتاب نکلتے وقت لکھ کر قبر میں دفن کر دے۔ مطلوب عاشق ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا تمحلشا با طلوع ماماغ ما عجاما معبوا لی
یا لھانا اھیاس اھیا اوصاون الرشد ای ای
مبین ابلسین وملسین الحلا الحر الحلا
العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا
الحب فلاں بن فلاں۔

کسی کو اپنا عاشق بنانا

اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی کو اپنے اوپر عاشق کرے تو اس طلسم کو لکھ کر تین۳ فتیلہ بنائے اور تین۳ روز تک تینوں فتیلوں کو جلائے اور نام اس کا اور اس کی ماں کا لکھ دے۔ مجرب ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

١١٩١ء و ١١ عج ع ١١ ١١ ١١ ١١

نیند میں دانت چبانا

جب کوئی شخص نیند میں دانت چبانے کا عادی ہو اور سوتے سوتے دانت چباتا ہو تو نقش ذیل لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں کر کے اس کے گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دانت چبانا چھوڑ دے گا۔ نقش یہ ہے۔

مر	قمر	عو	ھ
ماك	قمر	عو	ھ
٥كو	قمر	عو	ھ
مر	قمر	عو	ھ

گردے کی پتھری سے نجات

پتھری کی تکلیف سے نجات کے لئے نقشِ ذیل انتہائی مجرب ہے یہ مرض انتہائی تکلیف دینے والا ہے۔ اس میں انسان پیشاب نہیں کر سکتا اور درد کی شدت کی وجہ سے انسان موت کے قریب پہنچ جاتا ہے۔ چھوٹا ہو یا بڑا چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر مریض کو کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ اس مرض سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔ اگرچہ یہ مرض مادر زاد پیدائشی ہی کیوں نہ ہو بہت جلد شفا پائے۔ وہ نقش یہ ہے۔

	١	
۴	١٠	٦
	٩	

ماں کے دودھ کے لئے

جس عورت کا دودھ بند ہوا ہو یا نہ آتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دودھ بہت پیدا ہوگا۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

موج	مارطا	مابدطي	ماومیري
اہ یارب	یا اھیا	شراھیا	یا برھیا
مامعمال	یا فق	یا باعطوٗ	یا ایماء یرا
یاماماکو	یا اللہ	ال معز	ما اھرد

غیب کی خبر معلوم کرنا

یہ تعویذ غیب کی خبر معلوم کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر باوضو لکھ کر سو جائے تو ارواح آکر معلوم کراتی ہے۔

وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ لھت ھت بھت بھت لھت الھت یا اللہ تون ھوے۔

میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے

میاں، بیوی میں محبت زیادہ ہونے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر پلائے انشاء اللہ تعالی باہمی محبت میں اضافہ ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳	۳	و
۷۱	ک	۳۲	۳
۶	و	و	س
ھ	۴	ھ	و

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر کسی دشمن نے جادو کر دیا ہو اور ہر طرح سے پریشان ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر دے۔ موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں بازو یا گلے میں ڈال لے انشاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

مجرب اور آزمودہ ہے۔

۱۱۱ط ح ۱۱۱ ح ۱۲ ۸ ۲ ۵ ۱ ۵ ۱۱ ے

دیو، پری سے حفاظت کے لئے

یہ تعویذ جن بھوت، دیو، پری اور جملہ خبیث ارواح سے حفاظت کے لئے بہت مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے ہر بلا سے انسان بچہ محفوظ رہتا ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

محبت کے لئے

یہ نقش محبت کے لئے ہے۔ شوہر اگر بیوی سے محبت سے پیش نہیں آتا تو یہ نقش لکھ کر روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالے محبت میں اضافہ ہوگا۔

مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۳۵۹	شوہر کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے	۳۱۱
۳۳۰۳	۳۶۱۲	۳۱۵
۳۱۳	۳۰۸	۳۱۵

ذہن کی ترقی کے لئے

ذہن کی تیزی اور ترقی کے لئے مندرجہ ذیل کلمات چینی کے برتن (پلیٹ یا تشتری) میں لکھ کر پلائے۔ اس کے پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن تیز ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ الْخَلْقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِیْعِ الْاُمَمِ یَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَیْرِ خَلْقِهٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ دود دود ک ک ک ہہہ یَا اَللّٰهُ شَفِیْعُ یَا اَللّٰهُ كَفِیْهِ یَا شَفِیْعُ یَا شَفِیْعُ یَا شَفِیْعُ یَا اَللّٰهُ۔

درد زہ اور بچے کی پیدائش

اگر کسی عورت کے درد زہ شروع ہو اور تکلیف زیادہ ہو اور بچہ نہ نکلتا ہو تو یہ نقش لکھ کر دے انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ فوراً بچہ جنے گی اور بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً بلا تاخیر یہ نقش کھول دے اور کنویں (دریا یا سمندر) میں ڈال دے۔ اگر تعویذ عورت کے بندھا رہا تو خطرہ ہے کہ پیٹ کی آنتڑیاں (آنتیں) باہر نکل آئیں

گی لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

تعویذ باوضو لکھ کر ریشم کے لال کپڑے میں لپیٹ کر سیدھی ران میں باندھے وہ نقش یہ ہے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

اِنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ط اُخْرُجِ النَّفْسَ مِنْ لَبَطْنِ اُمِّهٖ۔

برائے محبت

یہ پلیتے (فلیتے) تین۳ عدد ہیں۔ تین۳ دن جلانا ہے۔ ایک پلیتہ روز جلائے بہت مجرب ہے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔ پلیتے یہ ہیں۔

(۱) پہلا پلیتہ پہلے روز جلانے کے لئے:

دوو سا ۱۱ دا درمارا ماماھ لا دو دو ہہہہ ووا لا لاء

(۲) دوسرا پلیتہ دوسرے روز جلانے کے لئے:

۱۱۱۱ ٦ دع ۱۱ لا ۱۱ و الا راء ۱۱ دو ۱۱ و ۱۱ ماورا ح ۳ ح

(۳) تیسرا پلیتہ تیسرے روز جلانے کے لئے:

۹ ۱۱ د ہ ۱۱ لا ۱۱ د ۱۱۱ داء ۱۱ دو ۱۱ و ۱۱ را در اح ۳ ح

دودھ کی زیادتی کے لئے

اگر کسی عورت کے یا جانور کے دودھ کم ہو تو یہ تعویذ با وضو لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں زیادتی ہوگی اور بچہ سیر ہو کر ماں کا دودھ پیئے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

م	ن	ی	ت
ت	ی	ن	م
ن	م	ت	ی
ی	ت	م	ن

اگر عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہے

اگر عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو تو یہ تعویذ با وضو لکھ کر دھو کر عورت کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ باآسانی باہر نکل آئے گا۔ مجرب ہے وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ح ح ح ع ع و و کہ و و ظ
ا ۵ ۲ کہ او کہ ک ۷ و

دیوانگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو دیوانگی کا دورہ پڑا ہو یا کوئی دیوانہ ہو گیا ہو تو یہ تعویذ ۲عدد لکھ کر باوضو ایک اس دیوانے کو پلائے اور دوسرا تعویذ موم جامہ کر کے

مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

الہ س ہ لا ر و لا ۴ د د ط
ح عی لا ع ع ع ٦ ما د ما

قے سے نجات کے لئے

جس شخص کو بہت قے آتی ہو اور اس کے سبب بہت پریشانی ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قے فوراً بند ہوگی۔ مجرّب ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

علہ	علی	مم	ہفتم	فرد	ختم
طالہہ	عمو	صا	۵	فتم	نعم

جن بھوت پریت چڑیل کے دفع کرنے کے لئے

یہ عزیمت جن بھوت پریت چڑیل وغیرہ کے دفع کرنے کے لئے بہت مؤثر اور مفید ہے۔ جس کسی کو اثر جن بھوت، آسیب، خبیث، چڑیل، پریت وغیرہ کا ہو اس کے واسطے یہ عزیمت باوضو تین۳ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس مریض کو پلائے اگر نہ پئے تو اس کے منہ پر چھینٹے مارے یہاں تک کہ وہ بولے گا، چلائے گا اور اگر نہ مانتا ہو تو اس دعا کو فتیلہ کر کے جلائے اور اس عزیمت کو باوضو لکھ کر مریض کو دکھلائے اور اگر نہ دیکھے تو اس فتیلہ کو جلا کر ہاتھ میں لے کر اس کا دھواں ناک میں دے۔ پس اگر جن بھوت، چڑیل، خبیث، آسیب اور پریت ہوگا بھاگ جائے گا یا جل جائے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ اَسْخِنَا الَّذِیْ جَعَلَ الْعَرْشَ - عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِیْ اَجَابَ اَذْهَبَ لَهٗ عِيْسٰى بْنَ مَرْيَمَ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِخَاتَمِ سُلَيْمٰنَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَهُ الرِّيَاحَ وَالْجِنَّ وَالشَّيٰطِيْنَ سَرِيْعًا۔

مگر شرط یہ ہے کہ جس تیل میں فتیلہ جلائے وہ تیل پاک ہو اور سرسوں کا ہو۔ اگر جادو بھی ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جاتا رہے گا۔

حصار برائے حفاظت

یہ حصار بہت مجرب ہے بعد نماز عشاء ان کلمات کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرلے وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَوَالَيْنَا حِصَارًا مُّحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قُفْلًا وَّمِسْمَارًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ وصد ہزار بار گرد من و بر دوستان من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وبر دوستان من یار باد بستم دست و پائے عقل و ہوش و چشم و گوش و زبان کسانے کہ در پیچیدہ ہزار عالم اند۔ از آدمیان و دیوان و پریان و ماران و کژدمان و خدا ناترسان و ناحقان و ناشکران کسانے کہ مارا بدخواہ اند و بداند و اندیشند بحرمت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ مہر کردم بنام مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا - اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ٥ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ٥ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۠ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ٥ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ٥ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ - وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ٥۔

مرض طحال (تلی کے مرض) سے شفا کیلئے

طحال یعنی تلی کے مرض کے لئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ٥ ناس۔ ناس اسی طرح سب سورۃ میں جہاں الناس کا لفظ آئے اس جگہ تین ۳ دفعہ تکرار کرے۔

ترکیب یہ ہے بروز ہفتہ و اتوار، اکیس ۲۱ عدد آکھ کے پتے مع ایک سرکنڈہ کی لکڑی کے مریض لائے۔ اور صاحب عمل کو دے کہ ہر پتے پر سورۃ الناس مندرجہ بالا ترکیب سے ایک دفعہ پڑھ کر اور دم کر کے مریض کو دے کہ وہ مرض کی جگہ پر اس پتے کو پھیر دے۔ جب دوسرا پتہ پڑھ کر اور دم کر کے دے تو اس کو مریض کے مرض کی جگہ پر پھیرے اور پہلے پتے کو سرکنڈہ کی اس لکڑی میں چھید لے (اس سرکنڈے کے گودے میں اٹکائے) اسی طرح اکیسویں پتے کو بھی مرض کی جگہ پھیر کر سرکنڈہ میں چھید لے اور پھر اس سرکنڈے کو جہاں مریض سوتا ہے اپنے سینے کے اور تکلیف کی جگہ کے مقابل چھت میں ٹانک دے (اٹکا دے) جیسے جیسے پتے سوکھیں گے مریض کی تلی کو صحت ہوگی۔ اور اگر اس ہفتہ میں صحت نہ ہو تو دوسری بار ہفتہ اور اتوار کو اسی طرح سے کرے انشاء اللہ تعالیٰ تیسری بار ایسا کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے گی اور مریض کو صحت کلی حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔ سورۃ الناس یہ ہے:

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ٥

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۵ الْخَنَّاسِ ۙ۵ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ۵ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ؏

سرخ بادہ (لال دانے) کے دفع کیلئے

سرخ بادہ (لال دانے) کے دفع کرنے کے لئے سورۃ انفطرت (پ ۳۰) کو باوضو چینی کی سفید پلیٹ پر لکھے اور اس کو دھوکر پانی ایک برتن میں لے کر اور اس پانی سے سرخ بادہ کو دھوئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

سورۃ انفطرت یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۙ۵ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۙ۵ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۙ۵ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۙ۵ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ؕ۵ یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ۙ۵ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۙ۵ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ؕ۵ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ ۙ۵ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ ۙ۵ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ ۙ۵ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ ۚ۵ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ ۚ۵ صلے یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ ۝ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآىِٕبِیْنَ ؕ۵ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ۙ۵ ثُمَّ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ؕ۵ یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَیْـًٔا ؕ۵ وَالْاَمْرُ یَوْمَىِٕذٍ لِّلّٰهِ ؏

برائے سرخ بادہ

باوضو اس دعا کو سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں

باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے جلد نجات حاصل ہوگی۔ یا اس دعا کو باوضو پڑھ کر مریض کے جسم پر پھونک مارے تین بار انشاء اللہ تعالیٰ مرض زائل ہوگا اور مریض جلد صحت یاب ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِدْفَعْ هٰذِهِ الْحُمْرَةَ بِدَفْعَةٍ وَّاحِدَةٍ كَمَا سَلَّطْهَا بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ وَبِحَقِّ عِبَادِكَ یَا كَرِیْمُ وَبِحَقِّ مُعَوَّذَاتِكَ یَا حَكِیْمُ فَاِنَّ الْحُمْرَآءَ بِیَدِكَ وَرَفْعُهَا بِقُدْرَتِكَ یَا شَافِیْ اَنْتَ الْكَافِیْ اِشْفِ بِحَقِّ الْاَنْبِیَآءِ اَجْمَعِیْنَ وَبِحَقِّ اُوَیْسِ قَرَنِیْ وَمَعْرُوْفِ كَرْخِیْ۔

واسطے دفع لقوہ

اگر کسی کو لقوہ ہوگیا ہو اور منہ اس کا ٹیڑھا ہو تو باوضو سورۃ الزلزال (پ ۳۰) کو لوہے کی پاک پرات (تھال) میں لکھے اور لقوہ والا اس میں دیکھے۔ اس کے بار بار دیکھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا منہ اور چہرہ صحیح ہوجائے گا۔ سورۃ الزلزال یہ ہے۔

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۙ۵ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۙ۵ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۚ۵ یَوْمَىِٕذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۙ۵ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ؕ۵ یَوْمَىِٕذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۙ۵ لِّیُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ؕ۵ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ ؕ۵ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ؏۔

واسطے دفع نارو، دردِ چشم، دنبل، چھالہ وغیرہ

نارو، آنکھ کی تکلیف، دنبل اور آبلہ، چھالہ اور جو اس قسم سے ہوں، سب کے دفع کے لئے یہ عمل مفید ہے نارو کے لئے کہ ابھی اس مرض کی ابتداء ہو۔ غیر شادی شدہ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ مریض کے قد کے برابر لے۔ سر کے بال پیشانی سے شروع ہوتے ہیں وہاں سے پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن تک ناپ لے پھر اس دھاگے کے ساتھ چھ دھاگے اور ملائے۔ اس طرح سات دھاگے ہو جائیں گے۔ ان میں فاصلے فاصلے سے سات گرہ دے اور جب ایک گرہ دے اس پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے اسی طرح سات گرہ پر سات مرتبہ دم کرے اس کے بعد مریض کے سیدھے بازو پر باندھ دے نارو خشک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

آبلہ، دنبل اور آنکھ کے درد اور پھوڑے پھنسی کے لئے اس دعا کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور مرض کی جگہ پر پھیرے۔ انشاء اللہ مرض اور تکلیف سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ عورت ہو تو پڑھ کر اس کے ہاتھ پر دم کر دے وہ خود اپنے زخم پر ہاتھ پھیرے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا سَابِغَ النِّعَمِ وَيَا دَافِعَ النِّقَمِ وَيَا بَارِئَ النَّسَمِ وَيَا جَامِعَ الْاُمَمِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اِدْفَعْ عَنْ فلان بن فلان (یہاں مریض یا مریضہ کا نام لے) كُلَّ بَلَاءٍ وَاقَةٍ وَعَاهَةٍ وَلَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ مَنْ لَا يَخْشَاكَ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَنْتَ لَا تَكْبُرُ قَدْ مَاتَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمُتْ يَا نَارُوْ وَيَا دُنْبُلُ وَيَا جَمِيعَ الْاَوْجَاءِ وَالْاَدْوَاءِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

حمل کی حفاظت۔ بچے کی ضد اور رونا

حمل کی حفاظت کے لئے باوضو ہرن کی کھال پر مشک اور زعفران و گلاب سے لکھے اور موم جامہ کر کے حاملہ کے ناف کے نیچے کمر میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

اسی طرح اگر ایک کاغذ پر باوضو مشک، زعفران اور گلاب سے لکھ کر چھوٹے دودھ پیتے بچے کے موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے اللہ کے فضل سے بچہ ضد اور رونے سے محفوظ رہے گا اور بچہ نیک خصلت اور تندرست و توانا رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ج اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ط وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ط وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ج وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا لا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ج كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ لا وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ج قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ط قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

حمل کی حفاظت کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

حمل کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں ناف کے نیچے باندھ دے۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ
الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ
بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

پیدا ہونے والے بچے کے واسطے دفع آفات

حضرت مولانا عطاء الرحمٰن صاحب مدظلہ
مدرسہ تجوید القرآن رحمانیہ۔ خانزخیل ضلع ڈیرہ اسماعیل خان

داڑھ کے درد کے لئے

جب کسی کی داڑھ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل آیت اور کلمات لکھ کر مریض کو دے تاکہ وہ دانت کے خول میں ورنہ ایسے متأثرہ (درد والے) دانت کے اوپر یا نیچے (اگر اوپر والے دانت میں درد ہے تو اس کے نیچے اور اگر نیچے والے دانت میں درد ہے تو اس کے اوپر) رکھ کر دبالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام آجائے گا۔ وہ آیت اور کلمات یہ ہیں۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ز وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ٥
اَيُّهَا الضِّرْسُ الْمَضْرُوْسِ اُسْكُنْ بِقُدْرَةِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ۔

روزانہ کے بخار کے لئے

اگر کسی کو روزانہ بخار آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل الفاظ تین[۳] کاغذ کے ٹکڑوں پر الگ الگ باوضو لکھ کر دیئے جائیں۔ پہلے دن پہلا تعویذ بخار آنے سے پہلے گلے میں باندھ لے۔ اگر بخار نہ آئے تو وہی تعویذ گلے میں ڈالے رہے۔ اگر بخار آجائے تو دوسرے دن دوسرا تعویذ بخار آنے سے قبل گلے میں باندھ لے اور پہلے دن کے تعویذ کو پانی میں گھول کر پی لے اگر بخار نہ آئے تو دوسرا تعویذ گلے میں پڑا رہنے دے اگر اس کے باوجود بخار آجائے تو تیسرے دن تیسرا نقش گلے

میں باندھ لے اور دوسرا نقش گلے سے نکال کر پانی میں گھول کر پی لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ پھر بخار نہیں آئے گا۔ چند دن بعد گلے والا تعویذ کھول کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا بھاری پتھر باندھ کر دریا میں یا نہر میں ڈال دے۔ وہ کلام یہ ہے:

١۔ پہلے دن کا تعویذ: یا محیطا ط


٢۔ دوسرے دن کا تعویذ یا محیطاطا طط

٣۔ تیسرے دن کا تعویذ: یا محیطاطاطا ططط

آدھے سر کے درد کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ آدھے سر کے درد کے لئے مجرّبات میں سے ہے لیکن وہ درد جو خاص خاص وقتوں میں آتا ہے ہے انشاءاللہ تعالیٰ باندھتے ہی آرام آئے گا لیکن جو درد ہر وقت رہتا ہے، اس کے لئے یہ تعویذ فائدہ مند نہیں ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں درد ہونے سے پہلے جس طرف درد ہوتا ہے اسی طرف سر میں باندھ لے۔ تعویذ یہ ہے۔

٧٨٦



اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝

بخار پر بخار آنے کے لئے

پہلا بخار ابھی اترا نہیں کہ دوسرا بخار چڑھ گیا۔ جیسا کہ عام طور پر

ٹائیفائڈ (موتی جھرا) میں ہوتا ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل دو تعویذ باوضو لکھیں بخار آنے سے قبل تعویذ نمبر ایک مریض کی پیشانی پر سیدھا اس طرح چسپاں کردیں (چپکا دیں یا دھاگے سے باندھ دیں) کہ تعویذ سیدھا پڑھا جائے۔ تعویذ نمبر٢ پانی میں گھول کر مریض کو پلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار سے صحت حاصل ہوگی۔

تنبیہ: تعویذ لکھتے وقت یہ خیال رہے کہ چار (٤) کا عدد ٤ اس طرح لکھیں۔ پہلا تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ
مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ
اس کو چھوڑ دو ورنہ ماروں گا

دوسرا تعویذ یہ ہے۔

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

بچوں کے سوکھا پن کے لئے

کندر کے پٹھوں پر سیدھی طرف یہ عبارت لکھیں۔

لشکر فرعون غرق شد در دریائے نیل

پٹھوں کے دوسری طرف یہ عبارت لکھیں

ایسا ہو، ایسا ہو، ایسا ہو۔

مندرجہ بالا الفاظ اتوار کے دن لکھے جائیں اور ہر اتوار کے دن بوقت

غروبِ آفتاب (سورج ڈوبنے کے وقت شام کو) تین۳ تعویذ آگ کے گرم انگاروں پر ڈال کر اور ساتھ ہی حرمل کے بیج، گندم کے آٹے کی چھان (بھوسی) اور چوراہے (چار راستوں کے بیچ) کی مٹی انگاروں پر ڈال دی جائے اور بچّہ کو دھونی دی جائے۔ یعنی وہ دھواں بچّے کے جسم کو لگے۔ یہ عمل اسی طرح سات سات اتوار (ہر اتوار کو) کیا جائے۔ انشاء اللہ بچّہ بالکل صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔

مجرّب ہے۔

دفع آسیب کے لئے

مندرجہ ذیل تین۳ تعویذ باوضو لکھیں۔ پہلے تعویذ کو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر گیارہ۱۱ دن تک جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔

پہلا تعویذ:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِي دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ رَبِّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۙ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔


دوسرا فلیتہ۔ یہ فلیتہ گیارہ عدد لکھیں۔ اس کو جلا کر بوقتِ غروب آفتاب روزانہ (ایک فلیتہ کی دھونی بلاناغہ مریض کو دیں اس طرح کہ اس کا دھواں مریض کے جسم کو لگے (مریض کو بان کی چارپائی پر لٹا دیں اور کوئلوں کی آگ پر تعویذ کو جلائیں اور پلنگ کے نیچے سرہانے سے پائنتی تک پھرا دیں)۔

دوسرا فلیتہ یہ ہے:

فرعونے، ہامانے، قارونے، شدادے، نمرودے ابلیسے، ابوجہلے علیھم اللعنۃ اجمعین۔

تیسرا طلسم: یہ بھی گیارہ عدد لکھیں۔ اگر گرمیوں کا موسم ہو اور مریض کو غسل کرنا نقصان نہ دیتا ہو تو ایک تعویذ پانی میں گھول کر بوقتِ اشراق یا چاشت (سورج نکلنے کے سولہ یا بیس منٹ بعد) روزانہ بلاناغہ غسل کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے صحت حاصل ہوگی۔

تیسرا طلسم یہ ہے۔



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عملیات وتعویذات

از قلمی بیاض صوفی زین الدین صاحب مرحوم

ہر دلعزیزی کے لئے

نقش ذیل کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دنیا میں ہر دل عزیز ہوگا۔

نقش یہ ہے

مسعجح مسعجح مسعجح مسعجح

برائے آسیب وبلیات

آسیب وبلیات سے گھر کو محفوظ رکھنے کے لئے یہ طلسم بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کو لکھ کر گھر کے دروازہ کے بالکل اوپر دیوار پر (چوکھٹ کے اوپر) لگادے انشاء اللہ تعالیٰ گھر آسیب و بلیات سے پاک ہوجائیگا اور گھر کے جن افراد پر آسیب کا اثر ہوگا وہ بھی ان کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔

الشیطان فرعون وھامان۔

فرعون ھامان الشیطان

یابدوح ط ۱۱ ۱۱۱ ط ۹ ع ۴۵۱۱۸ ی ۱۷۹۱ ح یابدوح

یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج یاسلحج

فرعون ھامان الشیطان

فرعون ھامان الشیطان

شوہر کے دل میں محبت کے لئے

اگر کسی شخص کو اپنی بیوی سے محبت نہ ہو تو اس طلسم کو پنج شنبہ (جمعرات) یا جمعہ کے دن لکھ کر اپنی عورت کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھے محبت زیادہ ہو۔ مجرب ہے۔

عجح عجح عجح عجح

برائے دفع جن بھوت

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مکان میں دروازے پر چسپاں کرکے یا لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دیو، جن، بھوت، پریت، خبیث وڈائن وغیرہ سے نجات ملے۔ بہت بابرکت نقش ہے۔

۱۹۱	ع ع	۱۳
لا ع	۳	۷۸
ع ب	۸۹	۶۲

برائے امساک

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے امساک (قوت مردمی میں رکاوٹ) بہت زیادہ ہو۔ مجرب ہے۔

۸۰ ر	۹۳ و	۹۰ و	۸۷ ع
۹۱ ع	۸۶ و	۸۱ و	۹۲ ر
۸۵ و	۸۸ ر	۹۵ ع	۸۲ و
۹۴ و	۸۳ ع	۸۴ ر	۸۹ و


لڑکی جس کی شادی نہ ہوتی ہو

اس لڑکی کے لئے جس کی شادی نہ ہوتی ہو اور اس کو کوئی قبول نہ کرتا ہو، اس نقش کو لکھ کر اوپر کنگھی کے باندھے، اس کو وہ کنگھی دی جائے تاکہ وہ لڑکی ہر روز اس سے کنگھی کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا بخت کھل جائے گا اور جلد ہی اس کا رشتہ ہو جائے گا۔



گردنامہ برائے ہر کام

گردنامہ ہر کام کے واسطے مجرّب و آزمودہ ہے۔ اس کو باوضو لکھ کر گھر میں اونچی جگہ پر لٹکا دے کہ ہلتا رہے، انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔



خاوند کی زبان درازی کا خاتمہ

اگر شوہر زبان دراز ہو اور ہر وقت بک بک کرتا ہو تو یہ تعویذ پیر کے دن صبح کے وقت لکھے اور جنگل میں دبا کر اوپر مٹی ڈال دے اور جوتیاں مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر کی زبان درازی ختم ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اس کے اوپر ۷۸۶ کا عدد نہ لکھے)

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں)

۳۴۳	۳۵۰	۲	۷
۶	۳	۳۴۷	۳۴۶
۳۴۹	۳۴۴	۸	۱
۴	۵	۳۴۵	۳۴۸


مطلوب کی تسخیر کے لئے

اگر اس طلسم کو جمعہ کے روز لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے تو مطلوب اس کا زنجیر میں یا قلعہ میں بند رہو گا تب بھی اپنے آپ کو عاشق تک پہنچائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے :

سوسوسو خ خ ح ح ح ح ح ح ح ح ح
خ ایل ایل یا آفت اسیل یا وھاب بار
عصابھا کل شئ بعدہ علیہ محمد

جن بھوت آسیب سے حفاظت

اگر کسی کے مکان میں دیو، جن، بھوت، آسیب، شیطان جن یا خبیث جن ہو تو یہ گرد نامہ لکھ کر مکان کے دروازے پر لگا دے انشاء اللہ تعالیٰ مکان جملہ بلاؤں سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ گرد نامہ یہ ہے :



مطلوبہ لڑکی سے شادی

جو شخص کسی ایک لڑکی کو چاہے اور اس کے ورثاء وہ لڑکی اس کو نہ دیں تو اس طلسم کو لکھ کر اوپر رہ گذر ان کی کے دفن کریں اور مشک و زعفران سے چینی کے برتن پر لکھ کر حلوے سے اس کو مٹائیں اور وہ حلوہ ان عزیزوں کو کھلایا جائے جو راضی نہ ہوتے ہوں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

وہ طلسم یہ ہے

لحح لحح وَ لحح لحح وَ لحح لحح وَ لحح لحح وَ امال امال امال امال
امال ووووووو وووو امال امال امال امال امام امام
امام امام امام امام امام امام
فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

لوگوں میں مقبول ہونا

مشائخ کرام سے منقول ہے کہ جو کوئی ہر صبح کو بعد نماز فجر اس نقش مبارک کو دیکھا کرے تو محبوب القلوب اور محبوب خلائق ہوگا اور اس کی مرادیں آسانی سے پوری ہوں اور جو کوئی اس کے ساتھ عداوت و دشمنی کرے تو ذلیل و خوار ہو۔ وہ نقش یہ ہے ۔

۱۲۰۹۱	۱۲۰۹۴	۱۲۰۹۷	۱۲۰۸۴
۱۲۰۹۶	۲۰۸۵	۱۲۰۹۰	۱۲۰۹۵
۱۲۰۸۶	۱۲۰۹۹	۱۲۰۹۲	۱۲۰۸۹
۱۲۰۹۳	۲۰۸۸	۱۲۰۸۷	۱۲۰۹۸

زبان کی بندش کھولنا

اگر کسی کی زبان بند ہو اور بول نہ سکتا ہو تو اس طلسم کو لکھ کر پانی سے دھو کر اسے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ زبان کھل جائے گی ۔ وہ یہ ہے :

داعہ او ا اھیا اشراھیا

ع ۲ م م حلا ۱۷ م ۲ م ۱۱ ما م ۱۱ ۷ ۱۱ ک
۴ ۴ ۴

برائے حاجت کسی بزرگ کی خدمت میں حاضری کیلئے

جب کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت سے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور ان کی خدمت میں حاضر ہو دیکھتے ہی مہربان ہو جائیں گے ۔ وہ یہ ہے :

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بزرِبانش عصائے موسیٰ کلیم اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ بِحَقِّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ یَا رَحِیْمُ ۔ صُمٌّۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ

آسیب سے حفاظت کے لئے


مندرجہ ذیل آیت ایک کاغذ پر پانچ مرتبہ لکھیں اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھیں اور اگر عورت ہو تو گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے محفوظ رہیں گے ۔ آیت یہ ہے :

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

دشمن کی ہلاکت کے لئے

ایسا موذی دشمن جو کسی طرح تکلیف پہنچانے سے باز نہ آتا ہو اور جان سے مارنا چاہتا ہو ، اس کی ہلاکت کے واسطے مرغی کے انڈے پر دونوں طرف اس طلسم کو لکھے اور نام دشمن کا لکھ کر اس انڈے کو زمین میں دفن کر دے ، بحکم خدا دشمن ہلاک ہوگا ۔ وہ طلسم یہ ہے :

تنبیہ : اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی شریعت اسلام کے پابند عالمِ باعمل سے مشورہ کر لے تاکہ دنیا و آخرت کے نقصان سے محفوظ رہے



برائے آسیب

سورۂ جن پ ۲۹ کو ایک مرتبہ پڑھ کر آسیب زدہ پر دم کرنے سے آسیب دور ہو اور کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے بازو میں باندھنے سے آسیب دور ہو ۔ عورت کی چوٹی یا گلے میں باندھے ۔

دلہن کا گھر آنا

جب نوشہ نکاح کر کے دلہن کو گھر میں لائے تو شوہر اپنا ہاتھ دلہن کی پیشانی پر رکھ کر یہ دعا پڑھے اور بیوی پر دم کرے۔ مدت تک پُرسکون زندگی گذاریں اور اولاد بھی زیادہ ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْنَا فِي النَّاحِيَةِ وَبَارِكْنَا فِي النَّاصِيَةِ

اور یہ عزیمت بیوی سے مقاربت کرنے سے قبل پڑھے اور بیوی پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیک صالح اور اطاعت گذار ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا النِّكَاحَ خَيْرًا مِّنَ السِّفَاحِ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنِي جَنِّبْ حَلَالِ

برائے آسیب

لفظ اسم پاک اللہ کو ایک طشتری (چینی کی سادہ بغیر پھول کی پلیٹ) پر بلا تعداد لکھے کالی روشنائی سے کہ پلیٹ ساری لکھائی سے بھر جائے اور اس کو پانی سے دھو کر آسیب زدہ کے منہ پر تین یوم تک چھینٹے مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔

برائے حُبّ

جو چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرے ایسا کہ ایک ساعت تیرے بغیر چین نہ ہو اگرچہ سات دروازے بند ہوں مگر بہر صورت تیرے

پاس دوڑ کر آئے اور ایک سیکنڈ بغیر تیرے آرام نہ پائے تو سات کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ طلسم لکھے اور ایک فلیتہ اس طرح جلائے کہ وہاں اور کوئی دوسرا نہ ہو۔

فلیتہ روز اول : ١١سہ ١١١ط ١١١ ١١ ٧ ١١ط ١١ ٧ط ١٩ ١٨ ١١١

فلیتہ روز دوم : ١١سہ١١١ط ١١١ ١١ ٧ ١١ د ١١ ٧ط١٩ ١٨ ١١١

فلیتہ روز سوم : ع ١١ط ٧١ ١١١ط اط ١١ ١١ ١١ط ٩ ١١١ط

فلیتہ روز چہارم : ١٦ط ١١ ١١ ط ٢١ ط ١٧

فلیتہ روز پنجم : ٨١ ١١ ٥ ١١ ط ل ١١ ط ص و

فلیتہ روز ششم : اط ١١١ ٢ ١١ ١١ ط ل ط ١١١ ط ١١١

فلیتہ روز ہفتم : ١١ع و الا ١١ ا ھ ال ٩ و ١١ و د ٣ ٥

گریۂ اطفال (بچوں کا رونا)

جو بچے اکثر روتے ہوں، ان کا رونا ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے، مجرب ہے آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝

مرگی کے ازالہ کے لئے

مرگی کے مرض کے لئے سفید مرغ کو ذبح کرے اور زعفران یا کالی روشنائی سے ان کلمات کو لکھے اور مریض کے گلے میں موم جامہ

کر کے ڈالے اور اس اسم کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور ان کلمات کو لکھ کر مریض کو پلائے انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَعُوْذُ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ بَلِيَّةٍ بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ يَشْفِيْكَ مَافِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيْكَ وَمِنْ كُلِّ نَفْثَةٍ لَعَنَ بِكَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ٥

اور سات روز تک اس نقش کو زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر مریض کو سات روز کھلائے ناغہ نہ ہونے دے اور نقش لکھنے سے پہلے سفید مرغ کو ذبح کرے اور اس کا گوشت کسی نیک آدمی کو ھدیہ کر دے۔

۱۷ ۵ ۴	۱۰ ۵ ۴	۱۵ ۵ ۴
۱۲ ۵ ۴	۱۴ ۵ ۴	۱۶ ۵ ۴
۱۳ ۵ ۴	۱۸ ۵ ۴	۱۱ ۵ ۴

پیشاب کی بندش کھولنا


اگر کسی آدمی یا جانور (گھوڑے وغیرہ) کا پیشاب بند ہو جائے تو دو تعویذ لکھ کر ایک موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دو اور دوسرا گھول کر پلا دو انشاء اللہ تعالیٰ فوراً پیشاب جاری ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ سزالوعا الدرعی جوساھوعا عالما لحبوما سلخا ملعوما وما فیوما بحق کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔

گھوڑے کو ہر بلا سے محفوظ رکھنا

نقش ذیل اگر گھوڑے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیا جائے تو اس پر کوئی بلا حملہ نہیں کرے گی اور گھوڑا ہر آفت سے محفوظ رہیگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



بچہ کی پیدائش کے لئے

خیریت کے ساتھ بچہ کی پیدائش کے یہ آیت اور تعویذ لکھے اور سات کچے دھاگے لے کر اس میں باندھ کر عورت کی سیدھی (دائیں) ران پر باندھے بچہ پیدا ہونے کے بعد فوراً اس کو کھول دے ورنہ دیر کرنے سے عورت کی آنتیں باہر آجائیں گی لہٰذا احتیاط کو دے، غیر ذمہ دار کو نہ دے کہ فائدہ کی بجائے نقصان اٹھائے۔

اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ

وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ط
اُخْرُجِ النَّفْسَ مِنْ بَطْنِ اُمِّہٖ -

تعویذ یہ ہے

٧٨٦

۴	٩	٢
٣	۵	٧
٨	١	٦

بچہ کی ولادت کے لئے

اگر کسی کے دردِ زہ (بچہ پیدا ہونے کا درد) ہو اور بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو یہ نقش لکھ کر اسے دھو کر پلائے بحکم خدا انشاء اللہ تعالےٰ بچہ جلد پیدا ہو گا -

٧٨٦

٨	١١	١۴	١
١٣	٢	٧	١٢
٣	١٦ فلان بن فلان	٩	٦
١٠	۵	۴	١۵

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَ
اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَ اَلْقَتْ مَا
فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ۙ

دنبل، پھوڑا، بد، جلندر کے لئے

اگر کسی آدمی کے بدن پر دنبل، جلندر، بد یا پھوڑا نکل آیا ہو

اور سوجن کے سبب سخت تکلیف میں مبتلا ہو تو یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر پھوڑے پر پھونکے اور سات روز یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ زخم اور تکلیف سے نجات حاصل ہو گی - آیت یہ ہے :

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ وَلِيُبْلِيَ الْمُؤْمِنِيْنَ
مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ط اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا
مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ص فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا

پھوڑے پھنسی کے لئے

یہ آیت سات بار پڑھ کر پھوڑے پھنسی پر پھونکے انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو -

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ؏

نیت ملاقات زن

اپنی بیوی سے مقاربت کرنا چاہے تو اس طرح نیت کرے تا کہ نیک اولاد ہو اور حمل شیطان و خبیث ارواح کے شر سے محفوظ رہے - نیت یہ ہے : نَوَيْتُ اَنْ اُجَامِعَ اِمْرَاَةً مَنْكُوْحَةً بِطَلَبِ الْمَوْلُوْدِ مِنْ جِهَةِ الْعِبَادَةِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰے -

درد دانت

جس شخص کے دانت میں درد ہو اور سخت تکلیف میں مبتلا ہو تو اس تعویذ کو لکھ کر دانت کے نیچے دبا لے انشاء اللہ تعالیٰ فی الفور آرام آجائے گا

تعویذ یہ ہے : ٧۴۵۴ ۴۵۵۵
٢۵۵ ۴۵۵۵

ہوک پکڑنا

جس کسی کو ہوک پکڑے تو یہ تعویذ لکھ کر موم جامہ کرے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔



برائے قوت مردمی

اگر کسی عورت نے مرد کو جادو یا سفلی عمل کے ذریعہ ناقابل بنادیا ہو اور لاعلاج ہوچکا ہو تو نقش ذیل کو مشک و زعفران سے لکھ کر پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ تین ۳ روز میں اصلی حالت میں آجائے گا۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء غسل کرے اور احرام باندھے۔ احرام کا کپڑا مریض لائے گا، جس کا ایک ٹکڑا سوا گز (۱ ۱/۴) لمبا اور دوسرا ٹکڑا پانچ گز (۵ گز) لمبا سفید یا زرد رنگ کا ہوگا۔

پاک مصلے پر بیٹھ کر سورۃ ابراہیم (پ ۱۳) کو لاتعداد (بغیر شمار) پڑھے اور متعدد بار پڑھنے کے بعد ایک نقش تیار کرے۔ روزانہ ایک نقش شب میں لکھے اور صبح کو پلائے نقش تیار کرنے سے پہلے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کے لئے سوا کلو مٹھائی روزانہ بچوں میں تقسیم کردے۔ مدرسے کے قرآن پڑھنے والے بچے ہوں تو بہتر ہے۔ سورۃ ابراہیم (پ ۱۳) کا نقش یہ ہے۔

۷۸٦

٦١٤٤٧	٦١٤٦٠	٦١٤٥٧	٦١٤٥٤
٦١٤٥٨	٦١٤٥٣	٦١٤٤٨	٦١٤٥٩
٦١٤٥٢	٦١٤٥٥	٦١٤٦٢	٦١٤٤٩
٦١٤٦١	٦١٤٥٠	٦١٤٥١	٦١٤٥٦

حُبّ

یہ نقش محبت میں زیادتی کے لئے مرد اور عورت کے لئے ہے۔ عورت کا نام اور اس کی ماں کا نام اور مرد اور اس کے باپ کا نام لکھ کر مٹی کا گولہ بنا کر

اس میں تعویذ رکھ کر آگ میں ڈالے مجرّب ہے۔

۷۸۶

۱۶	۱۹		۲۲	۹
۲۱	۱۰		۱۵	۲۰
۱۱	۲۴		۱۷	۱۴
۱۸	۱۳		۱۲	۲۳

مردِمی قوت کے لئے

جو شخص کسی جادو سفلی یا ویسے ہی نامرد ہو چکا ہو اس کو مندرجہ ذیل نقش مشک و زعفران سے لکھ کر سات روز، روزانہ ایک نقش پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ قوت مردمی بحال ہوگی۔ یہ نقش سورۂ یٰسین شریف کا ہے نقش لکھنے سے قبل سات رنگ کی مٹھائی سوا کلو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصالِ ثواب کی نیت سے بچوں میں تقسیم کردے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۷	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۵۳۶۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۵۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۵۹

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ

برائے حُبّ

اس اسم کو خوشبودار چیز پر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھ کر دم کرے اور اس عورت کو سونگھنے کے لئے دے عشق میں دیوانی ہوگی۔

آخِرِ اَحْمَدُ مُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا حَکِیْمُ فَلَا یُعَادُلَہٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِہٖ فلان بن فلان

تنبیہ: ناجائز محبت کے لئے کرے گا تو دنیا و آخرت میں ذلیل و خوار ہوگا اور ناکام رہے گا۔ بیوی ناراض ہوکر میکے میں بیٹھ گئی اس کے لئے کرے یا بیٹی، بیٹا ماں، بہن، بھائی ناراض ہوگئے ہوں ان کے راضی کرنے کے لئے کرے۔

چور کی گرفتاری کے لئے

مندرجہ ذیل نقش تانبے کے کٹورے (پیالے) میں لکھے اور اس کے نیچے ذیل کی عبارت لکھے وہ کٹورا چور کی طرف خود بخود جائے گا۔ اس طرح انشاءاللہ تعالیٰ چور پکڑا جائے گا

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُعْطِیْ وَاَنَا السَّائِلُ فَمَنْ یَّدْعُ السَّائِلُ اِلَّا الْمُعْطِیَ یَارَبِّ بِحَقِّ لَوْ قَائِلُ وَھٰذَا الْخَاتَمُ۔

عشق و محبت کے لئے

اس اسم کو انار کے پھول پر سات بار دم کر کے عورت کو دے عشق میں دیوانی ہوگی۔

جلد جلد جلد کامہ بوالیت سواھا

تنبیہ: صرف جائز امور میں کرے، بیوی، بہن، بھائی، ماں، باپ، بیٹا، بیٹی کے لئے کرے تاکہ دشمنی وناراضگی دور ہو۔ ناجائز کام کے لئے کرے گا تو تباہ وبرباد ہوگا اور ہمیشہ ناکام رہے گا۔

چور پکڑنے کا عمل

جن اشخاص پر گمان چور ہونے کا ہو ان کو جمع کرے خواہ دو ۲ ہوں یا زیادہ ہوں، مٹی کا لوٹا پاک وصاف بغیر استعمال شدہ بالکل کورا نیا لے کر اس پر چاروں مقرب فرشتوں۔

جبرائیلؑ - میکائیلؑ - اسرافیلؑ - عزرائیلؑ

کا نام لکھے اور اس کو لوبان کی خوشبو سے معطر کرے اور ایک شخص کا نام لکھے اور اس مٹی کی بدھنی (لوٹے) میں رکھے اور اس لوٹے پر سورۂ یٰسین شریف شروع (ابتدا) سے بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝ تک پڑھ کر دم کرے، چور کے نام پر بدھنی گھوم جائے گی۔

تنبیہ: محض اس عمل کی بدولت کسی کو چور سمجھ لینا صحیح نہیں ہے۔ جب تک پورا ثبوت نہ ہو کسی کو بدنام کرنا درست نہیں ہے۔

حُبّ کے لئے

یہ آیت تین ۳ یا گیارہ ۱۱ مرتبہ پان پر پڑھ کر دم کرے اور کھلا دے دوست جان کا ساتھی ہوگا۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

تنبیہ: صرف جائز کام کے لئے کرے، ناجائز کام سے پرہیز کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

برائے معلومات غیبی

جب کوئی غیب کی بات معلوم کرنا ہو تو لازم ہے کہ بعد نماز عشاء ایک ہزار بار (۱۰۰۰) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھے اور اس نقش کو لکھ کر جو بات دل میں ہو (جو مدعا ہو) دل میں اس کا خیال کرکے اور یہ نقش سرہانے رکھ کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں صحیح بشارت ہوگی۔

۷۸۶

۵۸	۶۱	۶۴	۵۱
۶۳	۵۲	۵۷	۶۲
۵۳	۶۶	۵۹	۵۶
۶۰	۵۵	۵۴	۶۵

میاں بیوی میں محبت

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہو اور باہمی جھگڑا رہتا ہو تو گلاب کے پھول پر سورۂ قریش (پ ۳۰) اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور سونگھنے کو دے انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہو جائے گی۔

سُوْرَةُ الْقُرَيْشِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاۗءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ڏ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

سحر (جادو) شادی

جس لڑکی کا نکاح نہ ہوتا ہو یا کسی شخص پر سحر کا اثر ہو تو اس نقش کو مندرجہ ذیل ترکیب سے استعمال کرے۔

زعفران سے سبز ریشمیں کپڑے پر لکھ کر لڑکی کے گلے میں ڈالے۔

انشاء اللہ تعالےٰ شادی مرد صالح سے ہوجائے گی اولادِ نیک پیدا ہوگی۔

اور جو کوئی شخص اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے، انشاء اللہ تعالےٰ سحر سے بچا رہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۶	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۱۴	۹۹۸۲۵
۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۵
۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۱۷	۹۹۸۲۲

حب کے لئے

محبت کے لئے سورۃ اخلاص کا نقش لکھے اور اس کے نیچے طالب کا نام بمعہ والدہ اور مطلوب کا نام بمعہ والدہ لکھ کر انار شیریں کے درخت میں باندھ دیں۔ محبت میں بے قرار ہو۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۃ اخلاص کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا	احد

فراخ روزی اور حصولِ مُراد

ذیل کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے مرد اپنے داہنے بازو پر اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ روزی کشادہ ہو اور حصول مراد میں شادکام ہو۔

۷۸۶

بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ
یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ	یَا غَفُوْرُ
یَا غَفُوْرُ	بِرَحْمَتِكَ	یَا اَرْحَمَ	الرَّاحِمِیْنَ

برائے تسخیر مخلوق

روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد "یَا عَزِیْزُ" اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر

دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے منہ پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق میں اس کی عزت ہوگی۔

روزی کے لئے

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ روزگار ملے گا روزی میں برکت ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔


بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

مطلوبہ جگہ شادی کے لئے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر طالب اگر مرد ہے تو سیدھے (دائیں) بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ جگہ شادی ہوجائے گی اور رکاوٹیں از خود دور ہوجائیں گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶



فلاں بن فلاں کی شادی فلاں بنت فلاں کے ساتھ ہوجائے۔

قرضہ کی ادائیگی کے لئے


(اگلے صفحہ پر)

سورۃ کہف (پ ۱۵-۱۶) لکھ کر سوکھی بوتل میں ڈال کر گھر میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد نجات حاصل ہوگی اور آئندہ قرض سے محفوظ رہے گا۔

برائے حب

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر کسی سبز درخت میں ویران جگہ باندھے تاکہ نقش ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶



فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

رزق میں زیادتی کے لئے

نماز پنجگانہ پڑھنے کے بعد سورۃ القارعۃ (پ ۳۰) کو کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی اور تنگی دور ہوجائے گی۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْقَارِعَةُ ۝ مَا الْقَارِعَةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۝ يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۝ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝ فَاُمُّهٗ

هَاوِيَةٌ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَاهِيَهْ ۝ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝

محبت کے لئے

محبت کے لئے مطلوبہ شخص کو نقش ذیل زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر پینے کے لئے دے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں دیوانہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۱۷۳۱۲	۱۷۳۲٦	۱۷۳۲۳	۱۷۳۱۹
۱۷۳۲۴	۱۷۳۱۸	۱۷۳۱۳	۱۷۳۲۵
۱۷۳۱۷	۱۷۳۲۱	۱۷۳۲۸	۱۷۳۱۴
۱۷۳۲۷	۱۷۳۱۵	۱۷۳۱٦	۱۷۳۲۲

بِحَقِّ مُزَّمِّلِ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ كِفَايَتُنَا حِمَايَتُنَا
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

تنگی ومفلسی دور کرنا

تنگی اور مفلسی دور کرنے اور قرض سے نجات کے لئے نماز عشاء کے بعد "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھنا بہت مجرب ہے۔

اَللّٰهُ الصَّمَدُ

برائے حب

یہ اسم مبارک محبت کے لئے لکھا گیا ہے بہت مجرب ہے مگر اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر ایک ایک دانہ کالی مرچ کے اوپر دم کرکے آگ میں ڈالے اور ہر ہر کالی مرچ کے اوپر پڑھ کر پھونکے اور کہے:

موکلان هذا حروف فلاں بن فلاں کو جلدی حاضر کرو
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بزرگ جبار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ غفور غفار
لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کریم ستار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ میں چاہتا ہوں
فلاں بن فلاں کی دوستی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مہربان ہووے فلاں بن فلاں
میرے اوپر لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

شیر سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کے راستہ میں شیر آجائے تو چاہیئے کہ وہ حضرت شیخ علی بن ہیتی رحمۃ اللہ علیہ کا نام لے دے شیر واپس چلا جائے گا۔

برائے حُبّ

اتوار کی رات کو ساعت مشتری میں مشک، زعفران اور گلاب سے یہ طلسم لکھے اور ساعت شمس میں اس کا فلیتہ بنا کر خوشبودار تیل میں جلائے محبوب کیسا ہی سنگدل کیوں نہ ہو حاضر ہوگا۔

۱۱۹ ۸۲ ااى ۱۱۹ى اصط ۱۱۸۱۸۱ و ۱۱ ۱۸۷ ۱٦۱٦ ۱۱۱ - ۸ ۱۸۸۱۸ ااط

فلاں بنت فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں۔

برائے تسخیر

اس نقش کو ٹوپی میں رکھے یا زبان کے نیچے رکھے اور محبوب کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور مسخر اور مطیع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ نوٹ: یہ نقش آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کا ہے۔

۷۸۶

۲۷۶	۲۶۹	۲۷۴
۲۷۱	۲۷۳	۲۷۵
۲۷۲	۲۷۷	۲۷۰

برائے محبت و دوستی

محبت اور دوستی بڑھانے اور محبوب کو مسخر کرنے کے لئے یہ نقش معہ اسم طالب و مطلوب اور ساتھ ان کی والدہ کا نام لکھ کر بکری کے دل میں رکھ دیں طالب کی خدمت میں مطلوب فوراً حاضر ہوگا اور انشاءاللہ مطیع و فرماں بردار ہوگا۔

۹۱۱ ۱۸۸ ۷۸۶ ۸۱ ۸۱ ۱۱ ۱۲


دوست ط

عم ا ط ٥ لہ البلاء و جمیع
بہ لو اا اا ھع رور حراز
مصراع وصا السرحسرا ھطس

فلاں بنت فلاں علی حب فلاں بن فلاں
حرک اک اوک حرک اک اوک کوناٹن سوا ہا

برائے الفت و محبت

حُب اور محبت کے لئے بکری کے شانہ پر لکھ کر نام طالب بمعہ والدہ اور نام مطلوب بمعہ والدہ لکھے اور چوٹھے کے نیچے دفن کریں انشاءاللہ تعالیٰ مطلوب حاضر ہوگا۔



برائے عشق و محبت

جمعرات کے روز صبح کے وقت مشتری کی ساعت میں یہ نقش اڑتالیس عدد روزانہ لکھے اور آٹے میں اڑتالیس گولیاں بنا کر چالیس دن (ایک چلّہ) تک دریا (سمندر، کنواں، نہر، چشمہ) میں ڈال دے۔ مطلوب مسخر ہو کر حاضر ہوگا۔ آزمودہ ہے۔

۴۰	۳۲۶۷	۱۳۰۳
۲۴۶	۱۶۴	۲۸۶
۲۰۳	نام مطلوب بمعہ والدہ علی حب طالب بمعہ نام والدہ	۲۸۶

برائے فتوحات و تسخیر زوجہ

نقش سورۃ النساء برائے فتوحات بہت مجرب ہے۔ یہ نقش لکھ کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں انشاءاللہ تعالیٰ فتوحات کی کثرت ہوگی۔ بیوی کے دل میں شوہر کی محبت و عظمت پیدا کرنے کے لئے یہ نقش لکھ کر موم جامہ کر کے شوہر اپنے داہنے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ بیوی مطیع ہوگی اور شوہر کی خدمت کرے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۶۴۷۰	۳۱۶۴۸۴	۳۱۶۴۸۱	۳۱۶۴۷۸
۳۱۶۴۸۲	۳۱۶۴۷۷	۳۱۶۴۷۱	۳۱۶۴۸۳
۳۱۶۴۷۶	۳۱۶۴۷۹	۳۱۶۴۸۶	۳۱۶۴۷۲
۳۱۶۴۸۵	۳۱۶۴۷۳	۳۱۶۴۷۵	۳۱۶۴۸۰

برائے حُبّ

مندرجہ ذیل نقش کو لکھ کر کسی وزن دار چیز کے نیچے دبا دے یا کسی بلند جگہ پر لٹکا دے کہ ہلتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ محبت میں اضافہ ہوگا نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

يَا بَدُوْحُ تَبَدُّوْحَتَ مِنَ الْبَدُوْحِ فِی الْبَدُوْحِ
بَدُوْ عَلَکَ يَا بَدُوْحُ
الٰہی بحرمت این نقشِ معظم
فلاں بن فلاں مسخّر شود۔

برائے تسخیر

بروز پنجشنبہ (جمعرات) کو بعد نماز عشاء شروع کرے اور چالیس ۴۰ دن تک روزانہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح (۱۰۰ سَو مرتبہ) روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہو اور مراد حاصل ہو۔ عمل درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ وَّ اَزْوَاجِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كَلِمَاتِكَ وَ اَلْطَافِكَ وَ بَارِكْ وَ سَلِّمْ حِرْزْ کردم لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ حِصَار کردم مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَقِّ جِبْرَائِيْلَ بِحَقِّ دَرْدَائِيْلَ بِحَقِّ رَقْمَائِيْلَ بِحَقِّ تَنْكَفِيْلَ اُحْضُرُوْ قَلْبَ الْمَخْلُوْقَاتِ الْمُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ يَا بَدُوْحُ۔

حاکم کو مطیع کرنے کے لئے

حاکم کو مطیع کرنے کیلئے مندرجہ ذیل آیت کو تین ۳ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرلے اور اپنے چہرے پر مل لے اور حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مسخّر و مطیع ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ ج وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ؕ

شوہر کو راہ راست پر لانا

شوہر آوارہ ہو، ناراض رہتا ہو، گھر کی طرف رخ نہ کرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر بیوی کی چوٹی میں باندھے اور شیرینی پر پڑھ کر شوہر کو کھلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر راہِ راست پر آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط۔

ہر مشکل آسان ہو

ایک تسبیح (۱۰۰ مرتبہ) روزانہ بعد نماز عشاء یا جو وقت مل سکے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوجائے گی۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ۃ

پیٹ کا درد

دردِ شکم (پیٹ کے درد) کے لئے ارنڈی کے پتے پر لکھ کر چپاٹے انشاءاللہ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔

۷۸۶

۹۱۵۱۳۸۶	۹۱۵۱۳۸۹	۹۱۵۱۳۹۲	۹۱۵۱۳۷۹
۹۱۵۱۳۹۱	۹۱۵۱۳۸۰	۹۱۵۱۳۸۵	۹۱۵۱۳۹۰
۹۱۵۱۳۸۱	۹۱۵۱۳۹۴	۹۱۵۱۳۸۷	۹۱۵۱۳۸۴
۹۱۵۱۳۸۸	۹۱۵۱۳۸۳	۹۱۵۱۳۸۲	۹۱۵۱۳۹۳

سردی کے بخار کے لئے

جاڑے کے بخار کے بھگانے کے لئے بیری کی لکڑی پر اس طلسم کو لکھ کر نیا سوت (روئی کا دھاگہ) باندھ کر گلے میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔ مجرب ہے۔

۷۲۸۱۶۶۴ ن درمان

ناف کی درستگی

بروز چہارشنبہ (بدھ کے دن) قبل از طلوعِ آفتاب مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ناف پر موم جامہ کر کے باندھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔

وہ نقش یہ ہے: (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۸	۵۷۳	۵۷۶	۱
۵۷۵	۲	۷	۵۷۴
۳	۵۷۸	۵۷۱	۶
۵۷۲	۵	۴	۵۷۷

آدھا سیسی کا درد

یہ نقش پیر کے دن لکھے اور موم جامہ کر کے سر میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آدھا سیسی کا درد ختم ہوگا۔

۷۸۶

۱۱	۲	۱۶	۵
۸	۱۳	۳	۱۰
۱	۱۲	۶	۱۵
۱۴	۷	۹	۴

دردِ سر کے لئے

دردِ سر کے واسطے سر میں باندھے لکھ کر موم جامہ کرے اور عورت چوٹی میں باندھے اور مرد سر میں باندھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۱	۳۶	۴۳
۴۲	۴۰	۳۸
۳۷	۴۴	۳۹


مرگی کا علاج

جس کسی کو مرگی کا مرض ہو اس نقش ذیل کو لکھ کر تین روز کاغذ سمیت کھلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحتیاب ہوگا۔

۴	۵	۱۵	۴	۵	۱۰	۴	۵	۱۷
...	.	....	.			..	..	..
۳	۵	۱۶	۴	۵	۴	۴	۵	۲
...		....	..	..		...		
۴	۵	۱۱	۴	۵	۱۸	۴	۵	۱۳
...			...	...	...	..	..	

دفع نارو (زخم)

حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ نارو کے تین طرف اس طرح سے لکھے انشاءاللہ تعالیٰ زخم نارو سے نجات ملے گی۔ اس طرح لکھے۔



قے سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو قے آرہی ہو اور بند نہ ہوتی ہو تو مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر قے کرنے والے کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ قے بند ہو جائے گی۔

صبح صبح صبح جبح جبح طلح طلح طلح طلح طلح طلح
کلح کلح کلح کلح کلح کلح کلح کلح یَاشَافِیُ یَاکَافِیُ یَا مُعَافِیُ
بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

دردِ ناف

جس کسی کی ناف جگہ سے اِدھر اُدھر ہو جائے اور ناف درد کرتی ہو تو یہ تعویذ لکھ کر درد کی جگہ پر باندھے بفضلِ خدا درد رفع ہو جائے گا۔ وہ یہ ہے۔

۷۸۶

و	۱۷ع	۲دع	۱
روع	۷وع	۹ع	وع
۳	روع	۷۷ع	۶۱ع
۷۹ع	۵	۴	۵۹۲

مختلف فوائد

• سورۂ کہف: جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پابندی سے پڑھتا ہے اس کا قلب مُنوّر ہو جائیگا۔ اگر کثرت سے پڑھتا رہے تو دل منور رہے گا۔ (سورہ کہف۔ پ ۱۵)

• **سُورۃ الفتح:** اس سورۃ کو بعد نماز فجر باوضو سینہ پر ہاتھ رکھ کر قبلہ رخ بیٹھ کر اکہترا، مرتبہ روزانہ پڑھے تو دل کی نورانیت میں اضافہ ہوگا۔

• حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت بی بی حوا علیہا السلام کے نام مکان کے کونوں میں لکھ دیں تو سانپ اور زہریلے جانور بھاگ جاتے ہیں۔

• **سُورۃ النصر:** (اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ) یومی فجر کی نماز کے بعد بحضور قلب پچیس ۲۵ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے دولت مندی اور مالداری پیدا ہو۔

سُوْرَۃُ النَّصْرِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۧ

مریض کی تندرستی کے لئے

بارش کے پانی پر آیۃ الکرسی۔ سورۃ اخلاص اور سورۃ الفلق، سورۃ الناس ہر ایک ستر ستر مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور روزانہ فجر کی نماز کے بعد مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مرض سے صحت حاصل ہوگی اور مریض موٹا تازہ ہوجائے گا۔

اٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا

بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۧ

(سُوْرَۃُ الْفَلَقِ) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سُوْرَۃُ النَّاسِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۪ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۧ

پیٹ کے امراض سے شفاء

سورہ لقمان (پ ۲۱) کو لکھ کر روزانہ پینے سے چند یوم میں پیٹ کے تمام امراض سے نجات حاصل ہوجاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریض تندرست و توانا ہوجاتا ہے۔

خواب میں کسی بات کا دیکھنا

(اگلے صفحہ پر)

اگر خواب میں کسی بات کو دیکھنا منظور ہو تو رات کو سوتے وقت باوضو ہو کر پاک بستر پر بیٹھ جائے اور

اَلنُّوْرُ - اَلْبَاسِطُ

کا ورد کثرت سے کرے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی ہی رات میں انکشاف ہو ورنہ تین ۳ رات یا سات راتوں میں ضرور آگاہ ہوگا۔

لڑکے کی پیدائش کے لئے

جو عورت لڑکا نہ جنتی ہو اور لڑکی ہی ہوتی ہو اس کے پیٹ پر حمل کے دوران ستر مرتبہ دائرہ کی شکل میں یَا مَتِیْنُ انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

بے اولاد کے لئے

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو اسے چاہیئے کہ پنجوقتہ نماز باجماعت کا اہتمام کرے اور ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ ضرور صاحب اولاد ہوگا۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ

ہر مرض سے نجات کے لئے

سورہ محمد ۲۶ پ کو طشتری (چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ) پر کالی روشنائی سے لکھ کر اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

مرض سے شفاء کے لئے

شریعت کا پابند نماز باجماعت پڑھنے والا پرہیزگار متقی شخص جس مریض کے سرہانے بیٹھ کر اس قدر بلند آواز سے کہ مریض سن سکے "اَلسَّلَامُ" ایک سو چھتیس ۱۳۶ مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہو جائے گا۔

خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت

جمعہ کی آدھی رات کو بیدار ہو کر وضو کرے پاک وصاف کپڑے پہنے خوشبو لگائے اور ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ سورہ قریش مکمل پڑھ کر سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ چند جمعہ میں حضور اکرم فخر دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

بچوں کی تعلیم کا عمل

جو بچہ پڑھائی سے بھاگے یا دماغ کمزور ہو اس کے لئے یہ عمل کریں صبح اٹھیں جبکہ بچہ سویا ہوا ہو اگر ہاتھوں سے یا کپڑے سے منہ ڈھکا ہوا ہو (منہ چھپایا ہوا ہو) تو کپڑا یا ہاتھ ہٹا کر اس کی طرف دیکھتے رہو اور

گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر دم کرو۔ پھر فوراً بچہ کو جگا دیا جائے۔ پڑھتے وقت دل میں یہ خیال رکھیں کہ آپ نہیں پڑھ رہے ہیں بلکہ بچہ خود پڑھ رہا ہے یعنی الفاظ آپ اس کی طرف سے ادا کریں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

برائے زیارت در خواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

جمعہ کی رات (جمعرات کے دن کے بعد والی رات جس کی صبح جمعہ ہو) سورۂ کوثر ایکہزار مرتبہ اور درود شریف (نماز والی بہتر ہیں) کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ بستر اور کپڑے پاک ہوں خوشبو کپڑوں پر اور بستر پر لگائی گئی ہو باوضو سوئے انشاء اللہ تعالیٰ چند جمعہ گزرنے پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝

إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

مرگی کا علاج

اگر کسی کو مرگی کا مرض ہو تو اس کے کان میں یہ الفاظ پڑھ کر پھونک دو (جبکہ دورہ پڑ رہا ہو)۔

اے جانس! شیخ عبدالقادر بغداد میں مقیم ہیں اور فرماتے ہیں کہ:

پھر نہ آنا اگر آؤ گے تو مارے جاؤ گے۔

حاملہ عورت کی جانچ

اگر یہ جانچنا ہو کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں تو چاہیے کہ اس عورت کی ہتھیلی پر یہ طلسم لکھے اور اس عورت کو کسی مٹی کے برتن میں پیشاب کرنے کو کہے اور پھر عورت اپنے پیشاب میں دیکھے اگر یہ طلسم پیشاب میں اسی وقت دکھائی دے تو جانئے کہ عورت حاملہ ہے اور اگر طلسم پیشاب میں نظر نہ آئے تو عورت حاملہ نہیں ہے۔ طلسم یہ ہے

علحطارس

بستر میں پیشاب کرنا

جس کسی کو بستر میں پیشاب کرنے کی عادت ہو اس کے لئے دو ۲ طلسم لکھے ایک سرہانے رکھ دے اور دوسرا اس کی جیب میں رکھ دے یا ہاتھ میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بستر میں پیشاب خطا نہیں ہوگا۔

ھحھوام ۱۸ اھی لا لا ہ ہ لا لا لا ھیا ھیا ھیا ھیا
ھیا ھیا ھیا او او او۔

درد کے لئے

اول و آخر درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت تین ۳ مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہو جائے گا وہ آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط (پ۱۵ ۱۲)

برائے گریختہ۔ مفرور (بھاگے ہوئے کے لئے)

یہ سات تعویذ سات روز تک لکھ کر جلائے۔ اس بھاگے ہوئے آدمی یا عورت یا بچے کے نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ اور اس کا تصور کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بھاگا ہوا جلد واپس آئے گا یا اس کی خبر معلوم ہوجائے گی۔ تعویذ یہ ہے۔

اللہ ھوحط عط طو دو دولو + نام مفرور مع ماں کا نام حاضر شو حاضر شو حاضر شو۔

آیت قطب کے فوائد

آیت قطب کے بے شمار فوائد ہیں یہاں خاص خاص فوائد لکھے جاتے ہیں۔ آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۚ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۚ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۚ يُخْفُوْنَ فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۚ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۚ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

• پہلا فائدہ یہ ہے کہ ہر ایک مبہم اور مشکل کام کے لئے چالیس۴۰ روز

تک ہر روز چالیس۴۰ بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی ہو۔

• دشمن کے ہلاک کرنے کے لئے (۹) نو دن تک ہر روز انتیس۲۹ مرتبہ پڑھے بحکم الٰہی دشمن ہلاک ہو۔

• حاسدوں کو دفع کرنے کے لئے انتیس۲۹ روز تک ہر روز انتیس۲۹ بار پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے حاسد دفع ہوں گے۔

• نوکری اور ملازمت کے لئے دس۱۰ روز تک ہر روز دس بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے نوکری لگ جائے۔

• واسطے بیماری، تمام سر کا درد و آدھا سر درد دور کرنے کے لئے سات۷ روز تک ہر روز سات بار پڑھے۔

• واسطے سلامتی جان و مال و اولاد کے برابر روزانہ ہر روز پانچ۵ وقت پڑھے۔

• واسطے مقابلہ دشمنوں کے اگرچہ سو ہزار ہوں بصدق دل ہر روز ایک بار پڑھے سب مطیع و فرمان بردار ہوں گے۔

• حاجات و مراد بر آنے کے لئے ہر روز تین۳ مرتبہ پڑھے۔ بحکم الٰہی مرادیں پوری ہوں۔

برائے حُبّ

جو کسی کو دیوانہ کرنا ہو اس کے دائیں پیر کی مٹی لے کر اس پر سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کرے اور اتوار کے روز آگ میں ڈال دے عشق میں دیوانہ ہوگا۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَعِزْرَائِيْلَ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ

يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا
لِّلّٰهِ ط وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ لا اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ
اللهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ہ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللهِ اَنْدَادًا
يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللهِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ط
وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ہ اَنَّ الْقُوَّةَ
لِلّٰهِ جَمِيْعًا ہ وَّاَنَّ اللهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ہ۔

برائے عشق و محبّت

اگر کسی کو اپنے عشق میں دیوانہ کرنا ہو تو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر چراغ میں بطور فلیتہ جلائے۔ مطلوب کا دل بے چین ہوگا اور طالب سے ضرور آکر ملے گا۔

۱۹ و ۱۱ اسم ح ا ۱۸ لا حا ما وہ ع ع و وك۔ ام حا حا ع ع د و ص س ۱۱
۱۱ ج ۱۱ ع اس ح د و رم ۶ ۶ ۱ ب د د د ہ ح ۱۱۱ عان ع ع

برائے انزال

یہ تعویذ سورج نکلنے کے وقت لکھ کر کمر (پیٹھ) میں باندھے اگر ہزار عورت سے صحبت کرے گا انزال نہ ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

اَللّٰہ موز و تجاوات موہ ۱۱ ا دہ ووو ع ہ لا نمان مان

برائے حاجت

جب کسی بزرگ کے پاس جائے تو یہ طلسم لکھ کر زبان کے نیچے

رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بزرگ نہایت اچھا سلوک کریں گے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۶ ط ھ ۱۱۱۱ ۲۱ ھ ۱۱ لا ا کند بجق سلیمان حم۲۱ عسق۲۲۲

باسم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

برائے زیادتی دودھ

دودھ کی زیادتی کے لئے باوضو ایک سفید چینی کی طشتری (پلیٹ) پر لکھ کر دھو کر عورت یا جانور کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا۔

اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ط وَاِنَّآ اِنْ شَآءَ اللهُ
لَمُهْتَدُوْنَ ہ

بھینس کا دودھ زیادہ کرنے کیلئے

اگر بھینس دودھ نہ دے تو باوضو لکھ کر گلے یا پاؤں کے گھٹنے پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً دودھ دے گی۔ (موم جامہ کرکے)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۱۱۰۰۱۱ ۱۴ ۹ ۱۲ ۹ ھ ۹
ل ۱۱ ۱۱ م ۱۱۱ ۷ ۹ ۸ ھ ك۔

سحر سے نجات کے لئے

[از قطب الارشاد مولانا رشید احمد گنگوہیؒ المتوفی ۱۳۲۳ھ
وحضرت مولانا رئیس المفسرین حسین علیؒ المتوفی ۱۳۶۳ھ]

چہل کاف کا عمل ردِ سحر اور شفائے مسحور کے لئے تیر بہدف ہے۔ یہ عمل تواتر سے ثابت ہے اور مجرب ہے۔ طریقہ یہ ہے اول درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ پھر گیارہ بار استغفار پھر چہلکاف ۴۱ بار پھر استغفار گیارہ بار پھر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر مریض پر پھونکیں انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی رحمت سے سحر زدہ کو شفاء حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

چہلکاف یہ ہے:

كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ
كَانَ مِنْ كَلَكٍ تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ
مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكٍ كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ
الْكَافُ كُرْبَتَهُ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ
الْفَلَكِ

برائے ادائیگی قرض

از حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ واں بھچراں (میانوالی)

سورۂ یٰسٓ شریف کو بعد نماز عشاء ایک ہی مجلس میں سات بار پڑھ کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

آفات سے تحفظ کے لئے

(از شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ)

ہر قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے درود تنجینا روزانہ ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر آفت سے تحفظ حاصل ہوگا۔ درود تُنْجِیْنَا اور تُنَجِّیْنَا (بغیر تشدید اور تشدید دونوں طرح درست ہے) درود تنجینا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

غربت اور مفلسی دور کرنے کے لئے

غربت اور مفلسی دور کرنے کے لئے اول و آخر درود تنجینا گیارہ [۱۱] بار درمیان اسم یَا وَھَّابُ تین ہزار ایک سو پچیس [۳۱۲۵] مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غربت اور مفلسی دور ہوگی اور گھر میں خیر و برکت اور فراخی پیدا ہوگی۔ یہ عمل مشائخ کا معمول رہا ہے۔

ہر حاجت کے لئے درود تنجینا

درود تنجینا ہر حاجت پوری ہونے نیز رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے لئے بہت ہی مجرب ہے۔ اول ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ کر اس کی زکوٰۃ ادا کرے۔ مسلسل اکتالیس [۴۱] روز تک پڑھے ناغہ نہ کرے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کے لئے دعا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حاجت ضرور پوری ہوگی

تمت بالخیر

دعائے مغفرت کی درخواست

مورخہ ۸، ۹ شوال المکرم ۱۴۰۷ھ / ۷، ۸ جولائی ۱۹۸۴ء (ہفتہ، اتوار کی درمیانی شب) والد محترم جناب فتح محمد خان صاحب سنگھانوی نے وفات پائی۔ مورخہ ۲۹ ذیقعدہ ۱۴۱۶ھ / ۱۸ اپریل ۱۹۹۶ء بروز جمعرات والدہ محترمہ نے وفات پائی۔ مورخہ ۵ صفر المظفر ۱۴۱۸ھ / ۱۱ جون ۱۹۹۷ء بروز بدھ دن کو پونے بارہ بجے ماموں عبدالشکور صاحب نے انتقال فرمایا۔

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اول تین بار درود شریف اور چودہ مرتبہ سورۃ فاتحہ اس کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد الخ) اور آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ان تینوں بزرگوں کو ایصال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

فقط: اعجاز احمد خان سنگھانوی